☆☆☆ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ☆☆☆

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ
قوت
لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداداللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 17 رمضان المبارک 1446ھ، 18 مارچ 2025ء، 4 چیت 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 141

وزیراعظم کا تحریری معاہدے کے باوجود چینی کی قیمتیں بڑھنے پر اظہار ناراضگی

حکومت اور شوگر ملز مالکان کے درمیان تحریری معاہدہ ہوا تھا کہ چینی قیمت نہیں بڑھے گی، شوگر مل مالکان کو اسلام آباد بلا لیا، وزارت پیداوار

قیمت بڑھانے میں ملوث ملز مالکان کو گرفت میں لیا جائے گا، ایف آئی اے نے کئی شہروں میں چھاپوں کا سلسلہ شروع کر دیا ہے

اسلام آباد (یواین پی) وزیراعظم شہباز شریف کا تحریری معاہدے کے باوجود چینی کی قیمتیں بڑھنے پر اظہار ناراضگی، شوگر مل مالکان اور بڑے ڈیلروں اسلام آباد بلالیا، وزارت پیداوار کے مطابق حکومت اور شوگر ملز مالکان کے درمیان تحریری معاہدہ ہوا تھا کہ چینی قیمت نہیں بڑھے گی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو سپیشل ایجوکیشن کے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

کے پی، بلوچستان میں حالیہ حملے، پارلیمانی کمیٹی برائے قومی سلامتی کا اجلاس طلب

یہ اہم اجلاس جعفر ایکسپریس، نوشکی میں سکیورٹی فورسز کے قافلے اور جنڈولہ کے مقام پر ایف سی چیک پوسٹ پر عسکریت پسندوں کے حملوں جیسے واقعات کے تناظر میں طلب کیا گیا ہے

اسلام آباد (یواین پی) سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے ملک میں شدت پسندی کے بڑھتے ہوئے واقعات، خصوصاً بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں حالیہ حملوں کے تناظر میں 18 مارچ کو پارلیمانی کمیٹی برائے قومی سلامتی کا ان کیمرا اجلاس طلب کرلیا ہے. وزیر اعظم سیکرٹریٹ کی جانب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر1)

دہشتگردی کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت، سکیورٹی فورسز پر حملے افسوسناک ہیں، رانا تنویر

ان شاءاللہ دہشتگردوں کا خاتمہ کرکے رہیں گے، سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے کی سازشیں رچانے والے محبِ وطن نہیں، قومی سلامتی کے اجلاس میں اہم فیصلے کئے جائینگے' وفاقی وزیر

ملک دشمن تخریب کاری کرکے مذموم مقاصد حاصل نہیں کرسکتے، فوج، سکیورٹی ادارے دہشتگردوں کی سرکوبی جاری رکھے ہوئے ہیں، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے

نارنگ منڈی (این این آئی) وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ دہشتگردی کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے، سکیورٹی فورسز پر حملے نہایت افسوسناک ہیں، قومی سلامتی کے اجلاس میں اہم فیصلے کئے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے افطار ڈنر میں شرکت کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ممتاز لیگی رہنما چوہدری محمد ریاض (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

گلگت بلتستان میں ججز کے تقرر کا کیس، کیا حکومتوں کو بھی بتانا پڑے گا کیا کرنا ہے؟ سپریم کورٹ

گلگت بلتستان حکومت صرف درخواست واپس نہیں چاہتی، گلگت بلتستان حکومت چاہتی ہے وزیر اعلیٰ کی مشاورت لازمی قرار دی جائے، جسٹس نعیم اختر افغان

مجھے گلگت بلتستان حکومت کی جانب سے مقدمے میں وکیل کیا گیا ہے، اب مجھے کہا گیا کہ میری خدمات انہیں نہیں چاہئیں، وکیل مخدوم علی خان

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے گلگت بلتستان حکومت کی جانب سے ججز کے تقرر سے متعلق مقدمے کی مشروط واپسی پر وفاقی حکومت کا موقف طلب کرلیا، عدالت نے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان حکومت کی مقدمے کی مشروط واپسی کی درخواست پر آئندہ سماعت پر اپنا موقف بتائیں۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

خیبرپختونخوا میں دہشتگردوں کے 3 حملے، پولیس کی بروقت کارروائی سے ناکام

لکی مروت کے تھانہ گمبیلا پر دہشت گردوں نے 10 سے 15 مسلح افراد کے ساتھ حملہ کرنے کی کوشش کی، تاہم پولیس کی جوابی کارروائی سے حملہ پسپا کردیا گیا، پشاور میں بھی پولیس چوکی ملازئی پر دہشت گردوں نے دستی بم سے حملہ کیا

پولیس نے بڑے حملے کو بروقت کارروائی کے ذریعے ناکام بنادیا اور حملہ آور بھاری ہتھیاروں کی مدد سے فرار ہوگئے، خیبر پولیس چوکی بائی پاس روڈ پر دہشت گردوں نے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں دو اہلکار زخمی ہوگئے

پشاور (ویب ڈیسک) خیبرپختونخوا کے مختلف علاقوں میں دہشت گردوں کی جانب سے کیے گئے تین حملے پولیس کی بروقت کارروائی سے ناکام بنا دیئے گئے۔ لکی مروت کے تھانہ گمبیلا پر دہشت گردوں نے 10 سے 15 مسلح افراد کے ساتھ حملہ کرنے کی کوشش کی، تاہم پولیس کی جوابی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر3)

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی کوئی تجویز زیرغور نہیں، وزیرخزانہ

جون 2023 تک پاکستان 126 ارب 14 کروڑ ڈالر کا مقروض تھا، تفصیلات ایوان میں پیش

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے قومی اسمبلی کو آگاہ کیا ہے کہ آئندہ مالی سال میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی کوئی تجویز زیرغور نہیں۔ اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیرصدارت قومی اسمبلی اجلاس میں وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے قومی اسمبلی میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر4)

ملک بھر میں بحریہ ٹاؤن کی متعدد عمارتیں سیل، درجنوں گاڑیاں ضبط، اکاؤنٹس منجمد

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے بحریہ ٹاؤن کراچی، لاہور، تخت پڑی، نیو مری گولف سٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر5)

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چوہدری 5ویں نیشنل گیمز کراچی کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پیٹرول کا پیسہ بجلی پر لگائیں گے، جلد بجلی کی قیمت کم ہوگی، وزیر پیٹرولیم

آئی ایم ایف نے معیشت کی بحالی کیلئے وزیراعظم کی کاوشوں کو سراہا ہے' وزیراعظم مسائل کے حل کیلئے سب کی طرف ہاتھ بڑھائیں گے

حکومت لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کرے گے جو سیاست چمکانے کی کوشش کرے گا اسے منہ کی کھانا پڑے گی، علی پرویز ملک کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا ہے کہ پیٹرول کا پیسہ اور وسائل بجلی کی قیمت کم کرنے پر لگائیں گے اور وزیراعظم جلد بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا اعلان کریں گے۔ وزارت کا چارج سنبھالنے کے بعد علی پرویز ملک نے لاہور میں کوٹ خواجہ سعید اسپتال کا دورہ کیا، اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ حکومت لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کرے گے جو سیاست چمکانے کی کوشش کرے گا اسے منہ کی کھانا پڑے گی۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر16)

لکی مروت پولیس کا آپریشن، کالعدم ٹی ٹی پی کے عارضی ٹھکانے تباہ

عباسہ خنک اور آس پاس سمیت پنجاب بارڈر کے ساتھ تمام عارضی پناہ گاہیں ختم ہوں گی' آئی جی کے پی

لکی مروت (این این آئی) لکی مروت پولیس نے سرحدی علاقے میں سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن کے دوران کالعدم ٹی ٹی پی کے عارضی ٹھکانوں کو بموں سے تباہ کردیا۔ پولیس کے مطابق کرک اور میانوالی کے سنگم پر پہاڑوں میں قائم کیمپ تباہ کردیا۔ آئی جی پی، کے پی نے کہا کہ عباسہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر17)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور سے پی کیواے کے چیئرمین ملاقات کررہے ہیں

خوارج پاکستان میں ترقی نہیں ہونے دینا چاہتے، گورنر سندھ

پاکستان میں دہشت گردی کے پیچھے بھارت ہے، کامران ٹیسوری کی سحری میں بات چیت

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کے پیچھے بھارت ہے، خوارج پاکستان میں ترقی نہیں ہونے دینا چاہتے۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان خالد مقبول کے ہمراہ عائشہ منزل پر سحری کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر23)

اسلام آباد: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان کا اپنے اعزاز میں منعقدہ عشائیہ کے بعد اسلام آباد گیسٹ ہاؤس ایسوسی ایشن کے ممبران کیساتھ گروپ فوٹو

بھارت: اتر پردیش کی یونیورسٹی میں نماز ادا کرنے پر طالب علم گرفتار

میرٹھ (این این آئی) بھارت میں بی جے پی کے زیر اقتدار ریاست اتر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر18)

امریکا میں جنگی حالت کا قانون بحال، غیرملکیوں کو بغیر سماعت ڈی پورٹ کیا جاسکے گا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ملک میں 1798 کا ایلین اینیمیز ایکٹ نافذ کردیا، جو جنگی حالت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر19)

سول سوسائٹی تنظیموں کا کشمیری نوجوانوں کا استحصال بند کرنے کا مطالبہ

سرینگر (این این آئی) غیرقانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں سول سوسائٹی کی تنظیموں نے اعلیٰ تعلیم یافتہ کشمیری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر21)

آج بھی میرواعظ گھرانہ سری نگر میں تحریک آزادی کی قیادت سنبھالے ہوئے ہیں، سمعیہ ساجد

مظفرآباد (این این آئی) مرکزی چیئرپرسن مسلم کانفرنس خواتین ونگ وچیئرپرسن کشمیر ویمن الرٹ فورم (کوائف) سمعیہ ساجد نے میرواعظ کشمیر مولوی محمد یوسف شاہ کی برسی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر24)

لاہور: مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف سے مذہبی اسکالر ذاکر نائیک ملاقات کررہے ہیں

دہشت گرد تنظیم بی ایل اے کے ساتھ بھارتی میڈیا کے روابط بے نقاب

بھارتی میڈیا پاکستان مخالف بیانیے کو آگے بڑھانے کے لیے جعلی ویڈیوز چلا رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) جعلی خبروں پر نظر رکھنے والے عالمی ادارے نے دہشت گرد تنظیم بلوچستان لبریشن آرمی کے ساتھ بھارتی میڈیا کے روابط کا پردہ فاش کیا ہے، جس سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ بھارتی میڈیا کے ادارے کس طرح پاکستان مخالف بیانیے کو آگے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر11)

رواں سال 15 لاکھ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع دیے جائیں گے' رانا مشہود

پاکستان مسلم لیگ ن نے ہمیشہ مشکل حالات میں ملک کی خدمت کو اپنا نصب العین بنایا ہے، خطاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود نے کہا ہے کہ رواں سال 15 لاکھ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع دیے جائیں گے۔ پاکستان مسلم لیگ ن کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر14)

کرسچن کمیونٹی سے امتیازی سلوک کے خلاف درخواست خارج

اشتہارات میں سوئیپر کی نوکریاں کرسچنز سے منسوب کی جاتی ہیں، درخواست گزار، رجسٹرار کے اعتراضات برقرار

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے کرسچن کمیونٹی کے ساتھ امتیازی سلوک کے خلاف درخواست رجسٹرار آفس کے اعتراضات برقرار رکھتے ہوئے خارج کر دی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

لاہور، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کررہی ہیں

پاکستان میں غیر قانونی مقیم افراد کیلئے آخری ڈیڈ لائن میں 15 دن باقی

غیر ملکیوں کو واپس جانے کے لیے خوراک اور صحت کی سہولیات فراہم کی جائیں گی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان کی جانب سے غیر قانونی طور پر مقیم اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو ملک چھوڑنے کی ڈیڈ لائن میں صرف 15 دن باقی رہ گئے ہیں۔ حکومت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر20)

حوثیوں پر حملہ ”زیادہ سے زیادہ دباؤ“ کا صرف آغاز ہے، امریکہ

حوثیوں اور ایران کو بھی سمجھنا چاہیے کہ یہ صرف ایک آغاز ہے، وزیر خزانہ سکاٹ بیسنٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خزانہ سکاٹ بیسنٹ نے اعلان کیا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر22)

بھارتی فوجیوں نے کپواڑہ میں ایک نوجوان شہید کردیا

سرینگر (این این آئی) غیرقانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے ضلع کپواڑہ میں ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر25)

حیدرآباد: مستحق افراد رمضان کیلئے راشن لے کے جارہے ہیں

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے توانائی کے شعبے میں اہم پیش رفت

جدید سسٹم کے ذریعے 3,77 میٹر گہرائی میں دبے ہوئے وسائل منظر عام پر لائے گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے توانائی کے بحران پر قابو پانے کے لیے ایس آئی ایف سی کے تعاون سے اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر26)

وزیراعظم کے اعلان سے بجلی صارفین خوش ہوں گے' اویس لغاری

اگلے 6 برسوں میں گردشی قرضوں کو اتار دیں گے، سولر میٹرنگ سے متعلق نئی پالیسی اچھی ہے

لاہور (این این آئی) وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں قوم کو وزیراعظم کی طرف سے جلد ریلیف ملے گا۔ آئندہ چند روز میں وزیراعظم کے اعلان سے بجلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

قومی سلامتی کا ان کیمرہ اجلاس، پارلیمنٹ میں غیرمعمولی سیکیورٹی انتظامات

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی میں ہونے والے قومی سلامتی کے ان کیمرہ اجلاس کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت اور غیرمعمولی انتظامات کیے گئے ہیں۔ کسی بھی غیرمتعلقہ فرد کا داخلہ ممنوع قرار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

مریم نواز کو بانی پی ٹی آئی کے خلاف تقاریر سے روکا جائے، درخواست سماعت کیلئے مقرر

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ پنجاب کی بانی پی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر12)

پی ٹی آئی سوشل میڈیا ٹیم کے رکن فرحان احمد کی بازیابی کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے تحریک انصاف سوشل میڈیا ٹیم کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر13)

پاکستان میں پہلی بار صنعتوں، بھٹوں کو منفرد شناختی نمبر الاٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان میں پہلی بار ادارہ ماحولیات پنجاب نے صنعتوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر29)

شہید پائلٹ کے لواحقین کو مراعات نہ دینے پر توہین عدالت کی درخواست پر پی آئی اے کو نوٹس جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پی آئی اے طیارہ حادثہ میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر31)

چوک چوراہوں پر ڈیوٹی انجام دینے والے وارڈنز پر ہیلمٹ پہننا لازمی قرار

لاہور (این این آئی) ٹریفک وارڈنز کی حفاظت کے پیش نظر سی ٹی او نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر32)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد میں سکس سٹار ہوٹل کا قیام خوش آئند ہے، افطار ڈنر کے موقع پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ اسلام آبد میں سکس سٹار ہوٹل کا قیام خوش آئند ہے۔ وہ اسلام آباد ڈویلپرز ایسوسی ایشن کے صدر اور سینٹورس گروپ کے سی ای او سردار یاسر الیاس خان اور صدر ڈاکٹر راشد الیاس خان کی جانب سے مون پک ہوٹل سینٹورس میں دیئے گئے افطار ڈنر کے موقع پر گفتگو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر2)

نواز شریف سے معروف مذہبی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک کی ملاقات

امت کو درپیش مسائل پر گفتگو، ڈاکٹر ذاکر نائیک نے رمضان کے دوسرے عشرے کی فضیلت بیان کی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر وسابق وزیراعظم محمد نواز شریف سے معروف مذہبی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک نے ملاقات کی جس میں امت کو درپیش مسائل پر گفتگو کی گئی۔ ذرائع کے مطابق معروف مذہبی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک نے جاتی امراء میں سابق وزیراعظم نواز شریف سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک نے رمضان کے دوسرے عشرے کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کررہے ہیں

دہشتگردی کی لہر، پاک فوج کے جوان ملک کو بچا رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

کے پی کے اس وقت فرنٹ لائن دہشت گردی کا شکار ہے، جعفر ایکسپریس واقعے پر کوئی پاکستانی خوش ہوسکتا تھا؟' بیان

امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنا آپ کی ذمے داری ہے، آپ کو افغان مہاجرین کی فکر سب سے زیادہ ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا کہنا ہے کہ جو پاکستان پر مشکل ٹائم پر یک زبان نہ ہو میں اُسے پاکستانی نہیں مانتی۔ اپنے ایک بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ کیا جعفر ایکسپریس واقعے پر کوئی پاکستانی خوش ہوسکتا تھا؟ یہ فتنہ فساد پارٹی ہے بلکہ یہ پارٹی ہے ہی نہیں۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا ہے کہ کے پی کے اس وقت فرنٹ لائن دہشت گردی کا شکار ہے، وہاں ایک دن میں 8 مختلف جگہوں پر دہشت گرد حملے ہوئے۔ انہوں نے '(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر28)

اپوزیشن آپ کے استعفے کا مطالبہ کررہی ہے' صحافی کا وزیر دفاع سے سوال

میرے استعفے سے معاملہ حل ہوتا ہے تو میں حاضر ہوں' خواجہ آصف کا جواب

اسلام آباد (این این آئی) جعفر ایکسپریس واقعے پر وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف سے استعفے کا سوال پوچھ لیا گیا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کیوزیر دفاع خواجہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر30)

جامعہ عثمانیہ بلال مسجد میں شبیر کشمیری کی جانب سے افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا

محتسب پنجاب کا ادارہ عوامی شکایات کے ازالے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے

عوامی حقوق کے تحفظ میں محتسب پنجاب کی موثر کارکردگی، 211 سائلین کو 10 کروڑ 13 لاکھ روپے سے زائد کا مالی ریلیف فراہم

محتسب پنجاب کے احکامات پر 58 درخواست گزاران کو میرج گرانٹ کی مد میں 1 کروڑ 54 لاکھ روپے فراہم کیے گئے

لاہور (سٹی رپورٹر) محتسب پنجاب کے احکامات پر عوامی شکایات کا فوری ازالہ کرتے ہوئے 211 درخواست گزاران کو زیرالتوا واجبات کی مد میں 10 کروڑ 13 لاکھ روپے سے زائد کی ادائیگی ممکن بنائی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق محتسب پنجاب کے احکامات پر 27 درخواست گزاران کو بقایاجات کی مد میں 7 کروڑ 27 لاکھ روپے کی ادائیگی کی گئی۔ 58 درخواست گزاران کو میرج گرانٹ کی مد میں 1 کروڑ 54 لاکھ روپے فراہم کیے گئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر33)

اسلام آباد: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے یو اے ای کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

PRIMARY AND SECONDARY HEALTHCARE DEPARTMENT

صوبائی وزرائے صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر میں انسداد ڈینگی کے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر میں انسداد ڈینگی کے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کا اہم اجلاس منعقد

اجلاس میں ڈینگی سے نمٹنے کیلئے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

سیکرٹری محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر نادیہ ثاقب نے ڈینگی کی تازہ صورتحال پر بریفنگ دی

ڈینگی کے اس سیزن میں تمام محکمہ جات انتہائی موثر انسدادی مہم چلائیں خواجہ سلمان رفیق

گذشتہ برس کی نسبت اس ڈینگی سیزن میں زیادہ محنت کی ضرورت ہے۔۔ خواجہ عمران نذیر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزرائے صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر کی زیر صدارت محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر میں انسداد ڈینگی کے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ڈینگی سے نمٹنے کیلئے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزرائے صحت نے تمام متعلقہ محکمہ جات کو متحرک رہنے کی ہدایت کی ہے۔ سیکرٹری محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر نادیہ ثاقب نے ڈینگی کی تازہ صورتحال پر بریفنگ دی۔ ڈین آئی پی ایچ پروفیسر سائرہ افضل ایس او پیز پر بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ڈینگی کے اس سیزن میں تمام محکمہ جات انتہائی موثر انسدادی مہم چلائیں گے۔ ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کی سفارشات پر سو فیصد عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔ انسداد ڈینگی مہم کی تمام سرگرمیوں کی تھرڈ پارٹی ویلی ڈیشن کروائی جائے گی۔ الائیڈ محکمہ جات کے سیکرٹری صاحبان ڈینگی اجلاس میں کئے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ محکموں کے سربراہان کو خود فیلڈ میں متحرک رہنا ہوگا۔ ایس او پیز کی خلاف ورزی اور غفلت پر زیرو ٹالرنس ہوگا۔ انسداد ڈینگی کی کارروائیوں میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈینگی سیزن میں کام نہ کرنے والے افسران کا کڑا احتساب ہو گا۔ تمام متعلقہ محکمہ جات کی محنت کے بغیر ڈینگی کا مقابلہ ناممکن ہوگا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ گذشتہ برس کی نسبت اس ڈینگی سیزن میں زیادہ محنت کی ضرورت ہے۔ صوبہ بھر میں انسداد ڈینگی سرگرمیوں کی سرویلنس انتہائی اہم ہے۔ ضلعی حدود میں کباڑ خانوں اور قبرستانوں میں خصوصی سرویلنس کروائی جائے۔ اجلاس میں ڈی جی ہیلتھ سروسز پنجاب ڈاکٹر الیاس گوندل، ڈی جی ڈرگز ڈاکٹر سہیل، عالمی ادارہ صحت کے نمائندگان، ڈائریکٹر سی ڈی سی ڈاکٹر یداللہ، ٹیکنیکل ایکسپرٹس اور پی آئی ٹی بی کے نمائندے موجود تھے۔ ٹیکنیکل ایکسپرٹ پروفیسر وسیم اکرم اور چیئرمین ڈی ایگ پروفیسر عمران حسن نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔

پنجاب پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں جس کے تسلسل میں ایک ہفتے میں 91 گینگز کے 206 کارندے گرفتار، 2332 اشتہاری مجرم، 1009 عدالتی مفرور اور 410 عادی مجرم گرفتار کیے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ملزمان کے قبضے سے 21 کلاشنکوف، 632 پسٹلز، 51 رائفلز، 64 بندوقیں، 05 ریوالور اور ہزاروں کی تعداد میں گولیاں برآمد کی گئیں جبکہ 12 گاڑیاں، 292 موٹر سائیکلیں، 144 موبائل فونز، 35 مویشی اور 04 کروڑ 90 لاکھ روپے نقدی بھی برآمد کی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیوں میں 16 ملزم زخمی حالت میں گرفتار کیے گئے جبکہ 02 پولیس اہلکار زخمی ہوئے اور 01 ہزار سے زائد منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے 1012 مقدمات درج کیے گئے۔ 41 کلوگرام آئس، 572 کلوگرام چرس، 57 کلوگرام ہیروئن، 19 کلو افیون اور 8724 لیٹر شراب برآمد کی گئی۔

جعلی فینسی غیر قانونی غیر نمونہ نمبر پلیٹس لگانے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) جعلی فینسی غیر قانونی غیر نمونہ نمبر پلیٹس لگانے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کا جعلی غیر قانونی نمبر پلیٹس کیخلاف کاروائیاں جاری رکھنے کے احکامات کیئے رواں ماہ جعلی فینسی غیر قانونی غیر نمونہ نمبر پلیٹس لگانے پر 52 ہزار سے زائد چالان ٹکٹ جاری کر دیئے گئے نمبر پلیٹس میں چھیڑ چھاڑ یا ردو بدل کرنے میں موٹر سائیکل سوار سرفہرست رہے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے کہا کہ نمبر پلیٹس کے ساتھ چھیڑ چھاڑ یا ردو بدل کرنے پر 35 ہزار سے زائد موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کاروائی کی گئی 4 ہزار 3 سو سے زائد کاروں کو غیر نمونہ غیر قانونی اور فینسی نمبر پلیٹس لگانے پر بھاری جرمانے۔ 178 سے زائد موٹر سائیکل گاڑیوں کو جعلی نمبر پلیٹس لگانے پر سخت قانونی کاروائی کی گئی۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا کہ 8 ہزار 3 سو سے زائد کمرشل گاڑیوں کو غیر نمونہ اور فینسی نمبر پلیٹس لگانے پر بھاری جرمانے کیئے گئے صوبہ بھر میں کمرشل نان کمرشل ہر قسم کی گاڑیوں کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا کہ نمبر پلیٹ گاڑی کی پہچان ہے گاڑی کی پہچان کو چھپانا قانونا جرم ہے بوگس اور نمبر پلیٹس پر ٹیمپرنگ کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا کہ جعلی غیر قانونی نمبر پلیٹس لگا کر اپنا مستقبل تاریک مت بنائیں شہری ایکسائز کی رجسٹرڈ اور نمونہ کے مطابق نمبر پلیٹس کا استعمال کریں۔

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی میں وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر قائم ورچوئل بلڈ بینک نے انسانیت دوست اقدام کی مثال قائم کر دی

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی میں وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر قائم ورچوئل بلڈ بینک نے انسانیت دوست اقدام کی مثال قائم کر دی۔ تفصیلات کے مطابق سروسز اسپتال میں زیر حراست ملزم کو خون کی فوری ضرورت کے پیش نظر، ایک پولیس اہلکار نے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر کال کر کے ورچوئل بلڈ بینک کو اطلاع دی۔ ورچوئل بلڈ بینک آفیسر نے فوری کارروائی کرتے ہوئے سیف سٹی بلڈ بینک ڈیٹا بیس سے ڈونر کی تلاش کی اور ڈونر میچ ہونے پر ہسپتال میں زیر علاج ملزم کو بروقت خون عطیہ کروایا گیا پولیس اہلکار اور ملزم دونوں نے بروقت امداد ملنے پر سیف سٹی ورچوئل بلڈ بینک کا شکریہ ادا کیا۔ خون عطیہ کرنے والے شہری نے بھی سیف سٹی کے اس فلاحی اقدام کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ ورچوئل بلڈ بینک روزانہ کی بنیاد پر ضرورت مند شہریوں کو خون کی فراہمی ممکن بنا رہا ہے۔ شہری تمام سرکاری اسپتالوں میں قائم پولیس خدمت کاؤنٹرز پر خون کے حصول یا عطیہ کرنے کی درخواست بھی دے سکتے ہیں۔

،چلڈرن ہسپتال میں سکیورٹی گارڈ ڈسپوزایبلز چوری کرتے پکڑا گیا

پولیس نے مقدمہ درج کر کے مال مسروقہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سرکاری ہسپتالوں سے ادویات چوری کا واقعہ، چلڈرن ہسپتال میں سکیورٹی گارڈ ڈسپوزایبلز چوری کرتے پکڑا گیا پولیس نے مقدمہ درج کر کے مال مسروقہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نصیر آباد پولیس نے کاروائی کے دوران چلڈرن ہسپتال میں تعینات سیکیورٹی گارڈ حمزہ اسلام کو گرفتار کر کے اس کے بیگ سے بڑی تعداد میں آئی وی لائن سیٹ برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش حمزہ اسلام نے چوری میں ملوث مزید 3 ملزمان جاوید مسیح، سلیم جارج، فیصل مسیح کی بھی نشاندہی کی ہے ان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں

شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹرسائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹرسائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق شفیق آباد میں جمال سے 1 لاکھ 30 ہزار روپے اور موبائل فون X شالیمار میں وقاص سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے اور موبائل فون X X نواب ٹاؤن میں ریاض سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے اور موبائل فون X شادباغ میں جاوید سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون، ماڈل ٹاؤن میں تنویر سے 50 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ ڈیفنس اور شادمان سے گاڑیاں جبکہ کاہنہ، نوانکوٹ اور نولکھا سے موٹرسائیکلیں چوری ہو گئیں۔

چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام الحمدللہ کامیابی سے جاری ہے: خواجہ سلمان رفیق

2870 سے زائد معصوم بچوں کی کامیاب سرجریز ہو چکی ہیں۔ صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام الحمدللہ کامیابی سے جاری ہے۔ اجلاس کے دوران اس حوالے سے تمام متعلقہ سرکاری و نجی چلڈرن ہسپتالوں سے فیڈ بیک لیا گیا ہے۔ الحمدللہ لانچنگ سے اب تک چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے تحت 2870 سے زائد معصوم بچوں کی کامیاب سرجریز ہو چکی ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جا رہی۔ حکومت پنجاب بچوں کے ہارٹ سرجری پروگرام کے پورے نظام کی شفافیت کو یقینی بنا رہی ہے۔ اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے ڈاکٹر عدنان خان، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق، چیئرمین وزیر اعلیٰ ٹاسک فورس ڈاکٹر فرقد عالمگیر، ڈاکٹر مسفر اح اور راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی انتظامیہ نے شرکت کی۔

GOVERNMENT OF THE PUNJAB
Specialized Healthcare & Medical Education Department

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

چین میں تعطیلات کے اثرات کے باعث گھروں کی قیمتوں میں فروری کے دوران معمولی کمی

بیجنگ (شنہوا) چین کے قومی ادارہ شماریات (این بی ایس) کے اعداد و شمار کے مطابق فروری میں چین کے 70 بڑے اور درمیانے درجے کے شہروں میں کمرشل گھروں کی قیمتوں میں معمولی کمی واقع ہوئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق پہلے درجے کے شہروں یعنی بیجنگ، شنگھائی، گوانگ ژو اور شین زین میں نئے گھروں کی قیمتوں میں ایک ماہ قبل کے مقابلے میں 0.1 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ دوسرے درجے کے شہروں میں نئے گھروں کی قیمتیں جنوری کی سطح سے مستحکم رہیں جبکہ دوبارہ فروخت ہونے والے گھروں کی قیمتوں میں 0.4 فیصد کمی ہوئی۔ این بی ایس کے اعداد و شمار سے یہ بھی ظاہر ہوا کہ 2025 کے پہلے 2 ماہ میں پراپرٹی کی ترقی میں چین کی سرمایہ کاری میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 8.9 فیصد کمی ہوئی ہے۔ 2024 کے پورے سال کے مقابلے میں یہ 8.0 فیصد پوائنٹس کم ہوئی۔

چین میں ابتدائی 2 ماہ کے دوران مقررہ اثاثہ سرمایہ کاری میں 4.1 فیصد اضافہ

بیجنگ (شنہوا) چین میں رواں سال کے ابتدائی 2 ماہ کے دوران مقررہ اثاثوں کی سرمایہ کاری میں گزشتہ برس کی نسبت 4.1 فیصد اضافہ ہوا جو 2024 کی سال بھر کی شرح نمو سے 0.9 فیصد پوائنٹس زائد ہے۔ قومی ادارہ شماریات (این بی ایس) نے پیر کے روز ایک اعلامیہ میں کہا کہ جنوری۔ فروری مدت کے دوران سرمایہ کاری 619.52 کھرب یوآن (تقریباً 734 ارب امریکی ڈالر) رہی۔ این بی ایس کے مطابق اس عرصے میں بنیادی سہولیات کی تعمیر میں سرمایہ کاری میں ایک برس قبل کے مقابلے میں 6.5 فیصد اور پیداواری سرمایہ کاری میں 9 فیصد اضافہ ہوا۔ جائیداد کے شعبے کو چھوڑ کر ملک میں مقررہ اثاثہ سرمایہ کاری میں ابتدائی 2 ماہ کے دوران 4.8 فیصد اضافہ ہوا۔ اس عرصے کے دوران جائیداد کی ترقی میں سرمایہ کاری میں گزشتہ برس کی نسبت 8.9 فیصد کمی ہوئی۔

چین کے بغیر انسان نئے ٹن۔ کلاس ٹرانسپورٹ طیارے کی پہلی کامیاب پرواز

بیجنگ (شنہوا) چین کے مقامی طور پر تیار کردہ بغیر انسان ٹن۔ کلاس ٹرانسپورٹ طیارے ٹی پی 1000 نے چین کے مشرقی صوبے شان ڈونگ میں کامیابی سے اپنی پہلی پرواز مکمل کر لی۔ روزنامہ سائنس و ٹیکنالوجی نے پیر کے روز ایک رپورٹ میں بتایا کہ ڈی۔ ٹونگ یو اے وی سسٹم کمپنی لمیٹڈ کے ڈیزائن اور تیار کردہ اس طیارہ نے ہفتے کے روز شان ڈونگ کے ایک ہوائی اڈے پر 26 منٹ تک پرواز کی۔ اس کی مستحکم کارکردگی نے ڈیزائن اور قابل اعتماد ہونے کی توثیق کی۔ یہ پہلی پرواز چین میں ہائی۔ اینڈ بغیر انسان شہری ہوابازی آلات کے شعبے میں ایک اور اہم پیشرفت ہے۔ چین کے شہری ہوابازی تحفظ طریقہ کار کے تحت تیار کردہ ایک بڑے مال بردار ڈرون کی حیثیت سے ٹی پی 1000 میں ایک ہزار کلوگرام کی پے لوڈ صلاحیت، مکمل طور پر لوڈ ہونے پر زیادہ سے زیادہ ایک ہزار کلومیٹر کی رینج اور 7 مکعب میٹر مال برداری کی جگہ ہے۔ اس کا اڑان کا وزن 3.3 ٹن ہے۔ اس میں 2 انجن ماڈیولر نصب ہیں، اس میں ایک خود تیار کردہ ملٹی۔ ریڈنڈنٹ فلائٹ کنٹرول سسٹم کے ساتھ برداشت، پے لوڈ اور لاگت میں کمی کے فوائد شامل ہیں۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ ٹی پی 1000 میں ایک بڑا عقبی مال برداری دروازہ بھی موجود ہے جس کے ذریعے مختلف منظرناموں میں مواد کی ترسیل اور ہنگامی صورتحال میں ذہین طور پر فضا سے سامان گرانے کا کام لیا جا سکتا ہے۔

چینی وفد کا کاروباری تعاون کے لئے آسٹریا کا دورہ

ویانا (شنہوا) چائنہ کونسل برائے بیرونی تجارتی تشہیر (سی سی پی آئی ٹی) کے زیر اہتمام ایک چینی کاروباری وفد نے 13 سے 16 مارچ تک آسٹریا کا دورہ کیا۔ آسٹریا میں نئی حکومت کے قیام کے بعد آسٹریا کا دورہ کرنے والا یہ پہلا بڑا چینی وفد تھا۔ دونوں اطراف کے کاروباری اداروں نے گاڑیوں، زراعت اور خوراک کی تیاری سمیت دیگر صنعتوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور تعاون کے متعدد معاہدوں تک پہنچے۔ دورے کے دوران سی سی پی آئی ٹی کے چیئرمین رین ہونگ بن نے مقامی سیاسی و کاروباری نمائندوں اور اقوام متحدہ کے متعلقہ اداروں کے ساتھ تفصیلی بات چیت کی اور اس بات کو اجاگر کیا کہ چین اقتصادی و تجارتی تعاون میں اضافے، عالمی صنعتی اور سپلائی چین کے استحکام اور ہموار بہاؤ کے فروغ سے متعلق تمام فریقین کے ساتھ مل کر کام کرنے کو تیار ہے۔ آسٹریا کی کاروباری برادری کے نمائندوں نے چینی کاروباری برادری کے ساتھ تعاون کو مضبوط بنانے اور مشترکہ طور پر تجارتی تحفظ پسندی کی مخالفت کرنے پر آمادگی ظاہر کی۔ انہوں نے اس کا بھی اظہار کیا کہ مزید چینی کاروباری ادارے آسٹریا میں سرمایہ کاری اور کاروبار کریں گے۔

وزیر تعلیم کے مختلف امتحانی سنٹرز کے دورے، 2 جعلی امیدوار پکڑ لئے

وزیر تعلیم کی تمام سنٹرز کے نگران عملہ کو امیدواروں کی جانچ پڑتال مزید سخت کرنے کی ہدایت

لاہور (خبرنگار) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے امتحانات میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے مختلف امتحانی سنٹرز کے اچانک دورے کئے جہاں انہوں نے کیو آر کوڈ سکین کر کے امیدواروں کی شناخت چیک کی۔ وزیر تعلیم نے کیو آر کوڈ سکیننگ کے دوران جعلی امیدوار پکڑ لیا۔ طالبہ صبا اپنی بہن کی جگہ پرچہ دے رہی تھی۔ دوسری جانب چیئرمین ٹاسک فورس برائے امتحانات مزمل محمود نے بھی مختلف امتحانی سنٹرز کے دورے کے دوران ایک جعلی امیدوار رنگے ہاتھوں پکڑ لیا جہاں فیضان اپنے دوست میثم علی کی جگہ امتحان دیتا پایا گیا۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی ہدایت پر فیضان اور صبا کو قانونی کارروائی کیلئے پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ نقل اور دھوکہ دہی میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کیو آر کوڈ سکین ٹیکنالوجی سے نقل اور دھوکہ دہی کا راستہ بند کر دیا ہے۔ اب کوئی امیدوار کسی کی جگہ پرچہ نہیں دے سکتا۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ جعل سازی کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں یقینی بنائی جا رہی ہیں۔ وزیر تعلیم نے تمام سنٹرز کے نگران عملہ اور سکواڈ کو امیدواروں کی جانچ پڑتال مزید سخت کرنے کی ہدایت کردی

مصری شاہ پولیس کی کاروائی ٹک ٹاک پر بدمعاشی کلچر کو فروغ دینے والا ملزم گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مصری شاہ پولیس کی کاروائی ٹک ٹاک پر بدمعاشی کلچر کو فروغ دینے والا ملزم گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق مصری شاہ پولیس نے کاروائی کے دوران ٹک ٹاک پر بدمعاشی کلچر کو فروغ دینے والے اقدام قتل کے مقدمہ میں نامزد ملزم عبدالرحمان عرف کوڈو کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ ایس پی سٹی کیپٹن ,ر X قاضی علی رضا کا کہنا ہے کہ ملزم عبدالرحمان عرف کوڈو نے شاد باغ میں ویلر گروپ بنا رکھا ہے ملزم ساتھیوں کے ہمراہ ٹولیوں کی شکل میں نکلتے علاقہ میں بدمعاشی کے ساتھ ویلنگ کرنے کے علاوہ عبدالرحمان کوڈو سوشل میڈیا پر لوگوں کو دھمکیاں دیتا اور ویڈیو وائرل کرتا تھا

ستھرا پنجاب مہم کامیابی سے جاری، 100 سے زائد UCs میں گھر گھر سے ویسٹ کولیکشن کا آغاز کر دیا گیا

بہترین صفائی سہولیات کے لیے سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین کے مختلف علاقوں کے دورے

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر شہر بھر میں ستھرا پنجاب مہم کامیابی سے جاری ہے۔ عوام تک صفائی کی بروقت سہولیات فراہم کرنے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کے افسران اور ورکرز فیلڈ میں متحرک ہیں جبکہ سی ای او بابر صاحب دین نے صفائی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے خود بھی کماہاں آشیانہ روڈ، نشتر ٹاؤن، یوحنا آباد کا دورہ کیا۔ گلی محلوں، بازاروں میں ڈور ٹو ڈور ویسٹ کولیکشن کا جائزہ لیا اور فیلڈ میں کام کرنے والے ورکرز، رکشہ ڈرائیورز کے ساتھ ساتھ علاقہ مکینوں، دکانداروں سے ملاقات کی۔ اہلِ علاقہ سے صفائی عملے کی ورکنگ کے بارے میں بات چیت بھی کی۔ مثبت عوامی فیڈ بیک پر اچھا کام کرنے والے ورکرز کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے اُن کی کارکردگی کو سراہا۔ سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ لاہور میں 100 سے زائد یونین کونسلز میں شہریوں کو گھر کی دہلیز سے ویسٹ کولیکشن کی سہولت فراہم کر دی گئی ہے۔ اپریل کے مہینے میں لاہور کی تمام 274 یونین کونسلز میں گھر گھر سے کوڑا اٹھانے کا عمل مکمل کر لیا جائے گا۔ مزید برآں ہر یونین کونسلز میں 10 لوڈر رکشے گھر گھر سے ویسٹ کولیکشن پر مامور ہیں۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ گھر گھر آنے والی ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں، کوڑا ایل ڈبلیو ایم سی ورکرز کے حوالے کریں۔ صفائی سے متعلق شکایات کے ازالے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کی ہیلپ لائن 1139 پر رابطہ کریں یا سوشل میڈیا کا استعمال کریں۔

J FOODS
SCHOOL UNIFORM

ضلعی انتظامیہ کی رمضان میں قیمتوں کی سخت نگرانی جاری

ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر گراں فروشی کیخلاف کارروائیاں

لاہور (خبرنگار) ضلعی انتظامیہ کی رمضان میں قیمتوں کی سخت نگرانی جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر گراں فروشی کیخلاف کارروائیاں جاری ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر شالامار نے سنگھ پورہ منڈی کا دورہ کیا اور تجاوزات ہٹانے کا فیصلہ کیا۔ پارکنگ اسٹینڈ بحال، غیر قانونی پارکنگ فیس وصول کرنے والے کو گرفتار کروایا اور دو دکانداروں کو دکانوں کے اندر رہنے کی سخت ہدایت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر شالامار نے مرغی کے گوشت کی قیمتوں کا معائنہ کیا اور خلاف ورزی پر گرفتاریاں کروائی۔ ریٹ لسٹ نہ دکھانے پر متعدد دوکانداروں کو جرمانے عائد کیے گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر کینٹ نے ماڈل بازار مکہ کالونی میں سبزیوں اور پھلوں کے نرخوں کا معائنہ کیا اور پیاز اور سیب پر اضافی نرخ وصولی پر دو دوکانداروں پر جرمانے عائد کیا۔

No. PSC/HQ-Estt/2025/308
Punjab Seed Corporation
4-Lytton Road, Lahore
13/03/2025

042-9212571-74

CORRIGENDUM

"EMPLOYMENT OPPORTUNITIES"

Reference to the advertisement of "Employment Opportunities" published in Nawa-e-Waqt & The News on 05/03/2025 vide IPL-870-LM wherein applications were invited for one post of Medical Officer (BS-17) on temporary basis in Punjab Seed Corporation, Agriculture Department, Lahore.

The same may be considered as WITHDRAWN.

Director Administration
Punjab Seed Corporation,
4-Lytton Road, Lahore
042-9912571-75

IPL:997

غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف ایل ڈی اے کی خصوصی مہم جاری، مختلف سکیموں میں 87 املاک سربمہر کر دیں

سیل کی گئی املاک میں ریسٹوران، فوڈ پوائنٹ، نجی سکول، سٹور، سیلون، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایات پر ایل ڈی اے ٹیموں کا غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف بھرپور آپریشن جاری ہے۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز مختلف علاقوں میں غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف کارروائیاں کر کے 87 املاک سربمہر کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گلبرگ، فیصل ٹاؤن، سبزہ زار، یو بی ڈی کینال کے اطراف میں کارروائیاں کیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گلبرگ، فیصل ٹاؤن میں 35، یو بی ڈی کینال روڈ کے اطراف میں 18 املاک سربمہر کر دیں۔ ٹیموں نے ریکوری آپریشن کے دوران سبزہ زار میں 34 املاک سیل کر دیں۔ سیل کی گئی املاک میں ریسٹوران، فوڈ پوائنٹ، نجی سکول، سٹور، سیلون، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانر ون اسد الزمان کی زیرنگرانی کیا گیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے کی ہدایت پر غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

رمضان المبارک کے دوران سرچ آپریشنز اور سنیپ چیکنگ کا سلسلہ جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) رمضان المبارک کے دوران سرچ آپریشنز اور سنیپ چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ لاہور پولیس نے رواں سال کل 3462 سرچ آپریشنز کئے ہیں۔ یہ بات ترجمان لاہور پولیس نے گزشتہ روز یہاں جاری اپنے بیان میں کہی۔ ترجمان نے بتایا کہ لاہور کے مختلف علاقوں میں 1 لاکھ 35 ہزار سے زائد گھروں اور 55 ہزار سے زائد کرایہ داروں کو چیک کیا گیا ہے۔ سرچ آپریشنز میں 4 لاکھ 40 ہزار سے زائد اشخاص کو بھی چیک کیا گیا ہے۔ بعداز تصدیق 4 لاکھ 38 ہزار سے زائد اشخاص کو کلیئر کر دیا گیا۔ قانون شکنی کے مرتکب 2204 افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ سرچ آپریشنز میں 491 اشتہاری مجرمان اور ناجائز اسلحہ کے 364 ملزمان کو حراست میں لیا گیا ہے۔ اسی طرح کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 328 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ سنیپ چیکنگ اور ناکہ جات پر 44 ہزار سے زائد گاڑیوں و دیگر ڈیسکلز کی چیکنگ عمل میں لائی گئی ہے۔ اس دوران 2 لاکھ 35 ہزار سے زائد موٹرسائیکلوں کو بھی چیک کیا گیا ہے۔

نیب کے پاس اس وقت ملک ریاض اور فراڈ کے کئی مقدمات زیر تفتیش

نیب نے اسلام آباد اور کراچی کی احتساب عدالتوں میں ان ملزمان کے خلاف کئی ریفرنسز بھی دائر کر دیئے ہیں

اسلام آباد (شیروز میاں سے) نیب ایک قومی احتساب ادارے کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے ایک بار پھر عوام الناس کو آگاہ کر رہا ہے کہ نیب کے پاس اس وقت بحریہ ٹاؤن کے مالک، ملک ریاض احمد اور دیگر افراد کے خلاف دھوکہ دہی اور فراڈ کے کئی مقدمات زیر تفتیش ہیں۔ اسکے علاوہ نیب نے اسلام آباد اور کراچی کی احتساب عدالتوں میں ان ملزمان کے خلاف کئی ریفرنسز بھی دائر کر دیئے ہیں اور مذکورہ عدالتوں نے تمام ملزمان کو طلب کر لیا ہے۔ ان مقدمات میں ملک ریاض احمد اور ان کے ساتھیوں کے خلاف بحریہ ٹاؤن کے نام پر کراچی، تخت پڑی راولپنڈی اور نیومری میں نہ صرف سرکاری بلکہ نجی اراضی پر ناجائز قبضہ کر کے بغیر اجازت نامے کے ہاؤسنگ سوسائٹیز قائم کرتے ہوئے لوگوں سے اربوں روپے کا فراڈ کرنے کے الزامات اور ناقابل تردید شواہد موجود ہیں۔ اس حوالے سے ہونے والی حالیہ کارروائیوں میں بحریہ ٹاؤن کی کراچی، لاہور، تخت پڑی، نیومری/گالف سٹی اور اسلام آباد میں موجود لاتعداد کمرشل اور رہائشی جائیدادوں کو سربمہر کر دیا گیا ہے جن میں کثیر المنزلہ کمرشل عمارات بھی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ بحریہ ٹاؤن کے سینکڑوں بنک اکاؤنٹس اور گاڑیوں کو بھی منجمد کر دیا گیا ہے اور اس سلسلے میں مزید کارروائیاں بہت تیزی سے جاری ہیں۔ نیب بحریہ ٹاؤن پاکستان کے خلاف بلاتوقف اور بغیر کسی دباؤ کے اپنی قانونی کارروائیاں جاری رکھے گا تا کہ پاکستان کے شہریوں کے حقوق کا مکمل تحفظ کیا جا سکے۔ ملک ریاض احمد نے، جو اس وقت این سی اے کے مقدمہ میں عدالتی مفرور کی حیثیت سے دبئی میں مقیم ہے، حال ہی میں وہاں پر بھی لگژری اپارٹمنٹس کی تعمیرات کے حوالے سے ایک نیا پروجیکٹ شروع کیا ہے۔ نیب کے پاس بادی النظر میں ایسے شواہد موجود ہیں کہ پاکستان سے مخصوص عناصر اس عمل میں ملک ریاض احمد کی مجرمانہ اعانت کرتے ہوئے اپنی رقوم اس پراجیکٹ میں سرمایہ کاری کے لئے دوبئی منتقل کر رہے ہیں۔ چونکہ ملک ریاض احمد اور اس کے حواریوں کے خلاف منی لانڈرنگ کے بھی مضبوط شواہد نیب کے پاس موجود ہیں اور یہ رقوم باہر کے ممالک میں غیر قانونی ذرائع سے بھیجی گئی ہیں، اس لئے پاکستان سے اس پراجیکٹ کے لئے کوئی بھی رقم منی لانڈرنگ تصور کرتے مذکورہ عناصر کے خلاف بلا تفریق قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ عوام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بحریہ ٹاؤن کی ہر قسم کی پرکشش ترغیب کو نظرانداز کرتے ہو X اپنی جمع پونجی کا تحفظ کریں۔ نیب نے دیگر حکومتی اداروں کے ساتھ مل کر مفرور ملزمان کو واپس پاکستان لانے کے لئے بھی بھرپور کارروائی کا آغاز کر دیا ہے تا کہ ایسے لوگوں کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جا سکے۔

انٹرنیشنل انٹر فیتھ کمیٹی کی وزیر اقلیتی امور اور سیکرٹری اوقاف و مذہبی امور کے ہمراہ داتا دربار حاضری

حضرت علی ہجویریؒ نے خطے میں باہمی رواداری کو فروغ دیا، سردار رمیش سنگھ اروڑا، فلاحی معاشرے کی تشکیل کے لیے انٹر فیتھ ڈائیلاگ کا فروغ ناگزیر ہے: ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

لاہور (سپیشل رپورٹر) ماہِ رمضان اَمن عالم کا امین ہے۔ حکومت اقلیتوں کے حقوق کی ضامن ہے۔ فلاحی معاشرے کی تشکیل کے لیے انٹر فیتھ ڈائیلاگ کا فروغ ناگزیر ہے۔ حضرت علی ہجویریؒ نے خطے میں باہمی رواداری کو فروغ دیا۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر اقلیتی امور پنجاب سردار رمیش سنگھ اروڑا اور سیکرٹری اوقاف و مذہبی امور پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے انٹرنیشنل انٹر فیتھ کمیٹی کے ہمراہ داتا دربار حاضری کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوفیاء اخوت، مساوات، بھائی چارے اور انسان دوستی کے امین تھے۔ انہوں نے مذہب و مسلک اور رنگ و نسل کی تقسیم سے بالاتر ہو کر انسانیت کی خدمت کی۔ تمام ادیان محبت، رواداری اور انسان دوستی کے علمبردار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت دین اسلام کی آفاقی قدروں پر پختہ ایمان رکھتی اور ایسے روادارانہ فلاحی معاشرے کی تشکیل کے لیے کوشاں ہے، جو پُرامن، بقائے باہمی، سماجی تحفظ، معاشرتی بہبود اور ایثار و اخوت جیسے عنوانات سے مزیّن و منور ہو، جس کے لیے علم و آگہی کی شمع کو فروزاں کیا جانا ازحد ضروری ہے، تا کہ فکری اور نظریاتی سطح پر انتہا پسندی جیسے عناصر کی بیخ کنی ممکن ہو سکے۔ اس موقع پر وفد نے دربار شریف پر جاری ترقیاتی امور کا جائزہ لیا اور مزار شریف کی تزئین و آرائش، سُپر سٹرکچر کی تعمیر نو، زائرین کے لیے لنگر، سیکیورٹی، صفائی سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے حکومت پنجاب اور بالخصوص محکمہ اوقاف کی کارگزاری کو سراہا۔ وزیر اقلیتی امور اور انٹرنیشنل انٹر فیتھ کمیٹی کے وفد نے کہا کہ حضرت علی ہجویریؒ خطہ کی جلیل القدر روحانی ہستی ہیں، مزار اقدس پر حاضر ہو کر قلبی طمانیت میسر آئی۔ اس موقع پر خطیب داتا دربار مفتی رمضان سیالوی نے ملک و ملت کی سربلندی، ترقی، خوشحالی، نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت، مملکت خداداد کو فرقہ واریت، بین المسالک اور بین المذاہب ہم آہنگی کی فضاء برقرار رکھنے اور حقیقی اور پائیدار بنیادوں پر اَمن کے قیام کی غرض سے دُعا کروائی۔ دریں اثناء مہمانوں کو کشف المحجوب کا تحفہ بھی پیش کیا گیا۔ اس موقع پر ایڈمنسٹریٹر اوقاف داتا دربار شیخ محمد جمیل، منیجر اوقاف داتا دربار طاہر مقصود اور محکمہ اوقاف کے دیگر آفیسران بھی موجود تھے۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

بانی پی ٹی آئی نے 190 ملین کی ہیرا پھیری کی وفاقی وزیر رانا تنویر حسین

پی ٹی آئی ماضی کا قصہ بن چکی ہے اب کبھی اقتدار میں نہیں آئے گی جھوٹے نعرے لگانے سے تبدیلی نہیں آتی اصل تبدیلی ن لیگ لے کر آئے گی: وفاقی وزیر غذائی تحفظ کی نارنگ میں گفتگو

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) بانی پی ٹی آئی نے 190 ملین کی ہیرا پھیری کی جو 60 ارب بنتے ہیں 4 سال ملک کا بیڑہ غرق کیا گیا مسلم لیگ ن ملک کو دوبارہ ترقی کی راہ پر لے آئی ہے جب جب ترقی ہوئی مسلم لیگ ن کے دور میں ہوئی پی ٹی آئی ماضی کا قصہ بن چکی ہے اب کبھی اقتدار میں نہیں آئے گی جھوٹے نعرے لگانے سے تبدیلی نہیں آتی تبدیلی کام کرنے سے آتی ہے مسلم لیگ ن اصل تبدیلی لے کر آرہی ہے عدالت کے حکم پر 190 ملین روپے حکومت نے حاصل کر لیے ہیں ان سے یونیورسٹی بنائیں گے جس سے نوجوانوں کو فائدہ ہوگا مسلم لیگ ن کا صرف اور صرف مقصد ملکی ترقی ہے نیازی ٹولے کو یہ ترقی ہضم نہیں نوجوان اس ملک کا سرمایہ ہیں جن کو پی ٹی آئی نے جھوٹے خواب دیکھائے مسلم لیگ ن کو جب بھی خدمت کا موقع ملا نوجوان نسل کے لئے ہر وسائل بروئے کار لائے لاکھوں طلباء کو لیپ ٹاپ دیئے گئے تاکہ دور جدید میں ملک کا نام روشن کرسکیں ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے صدر سبزی منڈی میاں امجد علی کی جانب سے منعقدہ افطار پارٹی میں گفتگو کرتے ہوئے کیا جہاں تاجر برادری سمیت مسلم لیگ ن کے رہنماؤں اور کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی اس موقع پر مفتی شہباز رسول سعیدی نے رمضان المبارک اور روزے کی اہمیت کے بارے میں گفتگو کی میاں امجد چوہدری ریاض ساجد بشیر بٹر سردار نعیم رضا مان رانا رضوان یوسف یاسر حسین ڈار اظہر سہیل چوہان کے ہمراہ رکن قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری رانا احمد عتیق انور نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن کے آنے سے ترقی و خوشحالی کا دور شروع ہو چکا ہے عوام کیلئے خوشخبریاں ہی خوشخبریاں ہیں وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں ملک آگے بڑھ رہا ہے میاں امجد کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ہمیں کارکنوں سے ملاقات کا موقع فراہم کیا ہے۔

پبلک سروس وہیکلز غیر معیاری سلنڈرز استعمال نہ کریں: عدنان عام واہلہ

خلاف ورزی پر سخت قانونی کارروائی ہوگی: ڈی ایس پی ٹریفک صدر سرکل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈی ایس پی صدر سرکل عدنان قاسم واہلہ نے سیالکوٹ پسرور روڈ پر ٹیوٹا ہائی ایس کی سنیپ چیکنگ اور غیر معیاری سلنڈر رکھنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ میں بند کروا دیا ان کا کہنا تھا یہ غیر معیاری سلنڈر حادثات کا باعث بنتے ہیں جس سے انسانی جانوں کا ضیاع ہوتا ہے لہذا ڈرائیورز کو چاہیے کہ وہ LPG غیر معیاری گیس سلنڈر پبلک سروس وہیکلز میں استعمال نہ کریں کیونکہ گیس کی لیکیج کی وجہ سے یہ بہت جلد آگ پکڑ لیتی ہے اور حادثے کا سبب بنتی ہے۔ گاڑی میں سوار مسافر صرف اشخاص کی تعداد نہیں ہوتی بلکہ ان کے پیچھے پورے خاندان کا انحصار ہوتا ہے لہذا تمام ڈرائیورز کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ ایل پی جی غیر معیاری سلنڈر پبلک سروسز وہیکلز میں استعمال نہ کریں ورنہ ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ان کی گاڑی تھانہ میں بند کر دی جائے گی اور ڈرائیور کے خلاف ایف آئی آر کا اندراج ہوگا۔

اچھی اور معیاری تعلیم کا حصول ہر شہری کا بنیادی حق ہے: صاحبزادہ سجاد مسعود چشتی

اس ضرورت کو پورا کرنے میں پرائیویٹ سکول بہت اہم کردار ادا کر رہے ہیں- پرائیویٹ سکولوں کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) اچھی اور معیاری تعلیم کا حصول ہر شہری کا بنیادی حق ہے اور اس ضرورت کو پورا کرنے میں پرائیویٹ سکول بہت اہم کردار ادا کر رہے ہیں- پرائیویٹ سکولوں کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار ماہر تعلیم نیشنل ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ سکولز پاکستان (NAPS) کے کنٹری چیئرمین صاحبزادہ سجاد مسعود چشتی اور صدر پاکستان پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن (PPSA) محمد افضل وڑائچ نے سید افتخار حسن شاہ کی طرف سے NAPS اور PPSA کے ایگزیکٹو ممبران کے اعزاز میں مغل محل میں افطار بوفے ڈنر اور ماہانہ میٹنگ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس ماہانہ میٹنگ کی سربراہی کنٹری چیئرمین نیپس صاحبزادہ سجاد مسعود چشتی نے کی۔ اس موقع پر سرپرست NAPS مخدوم احمد صدیقی، سیکرٹری انفارمیشن PPSA اعجاز احمد، جنرل سیکرٹری نیپس شہباز احمد ایگزیکٹو ممبر NAPS میاں اکرام احمد، ڈسٹرکٹ صدر NAPS میاں تنویر احمد صدر NAPS قلعہ دیدار سنگھ سیکٹر چوہدری زاہد عزیز، عمادالدین صدیقی، زاہد محمود ریلز سکول والے ایگزیکٹو ممبر NAPS محمد آصف و دیگر عہدیداران و ممبران نے شرکت کی۔ اس موقع پر پرائیویٹ سکولز کو درپیش مسائل اوران کے حل کے بارے میں تفصیل سے بات کی گئی، جبکہ صاحبزادہ سجاد مسعود چشتی نے کمرشلائزیشن ٹیکس کی وجہ سے سیل کیے گئے پرائیویٹ سکولز کے بارے میں ایگزیکٹو ممبران کو اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی۔

میلاد چوک کے دونوں اطراف میں بھی پیمائش مکمل کر لی گئی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو ماہ قبل شروع ہونے والے تجاوزات آپریشن کو سمیٹا جانے لگا معراج چوک میں پیمائش فائنل ہونے کے بعد میلاد چوک کے دونوں اطراف میں بھی پیمائش مکمل کر لی گئی دوکانداروں کو شٹر لگا کر کام کرنے کی اجازت مل گئی۔ صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق کی ہدایت پر سٹی صدر مسلم لیگ ن چیئرمین مرکزی انجمن تاجران محمد افضل منشاء نے ڈاکٹر رومان اشعر کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر عثمان غنی سے ملاقات کی اور باہم مشاورت سے میلاد چوک سے معراج چوک تک دونوں طرف کے دوکانداروں کو پیمائش مکمل کر کے فائنل نشانات لگا دیے گئے اور انہیں شٹر لگا کر کام شروع کرنے کی اجازت مل گئی جس سے تاجر برادری میں پائی جانے والی غیر یقینی صورتحال میں کمی آنا شروع ہو گئی ہے اور تاجروں نے اس اقدام کو سراہا ہے

شہر سمیت ضلع بھر میں برائلر مرغی کا گوشت 720 روپے ساڑھے آٹھ 50-8 گرام کے حساب سے فروخت ہونے لگا

جہلم (بیورو رپورٹ) شہر سمیت ضلع بھر میں برائلر مرغی کا گوشت 720 روپے ساڑھے آٹھ 50-8 گرام کے حساب سے فروخت ہونے لگا، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سب کچھ جاننے کا باوجود خاموش، مہنگائی پر مہنگائی نے غریب سفید پوش طبقے کا جینا مشکل بنا دیا، بیف، مٹن خریدنا تو غریب عوام کیلئے ایک خواب بن کر رہ گیا پنجاب حکومت کو گرانے فروشی پر توجہ دینی چاہیے تاکہ مہنگائی کا خاتمہ ہو سکا

کشمیر کالونی تھیڑی سانسی میں فلٹریشن پلانٹ

عرصہ دراز سے بند، شہری صاف پانی سے محروم

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) کشمیر کالونی تھیڑی سانسی میں عرصہ دراز سے واٹر فلٹریشن پلانٹ خراب، علاقے کی عوام صاف پانی سے محروم، جس سے علاقہ کے مکین صاف پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں۔ صاف پانی نہ ہونے کی وجہ سے لوگ بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے، عوام کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، کمشنر، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ سے فلٹریشن پلانٹ مرمت کروانے کا مطالبہ، علاقہ کی سماجی عوامی شخصیت ملک محمد عمران نے بتایا ہے کہ یہ فلٹریشن پلانٹ عرصہ 4 سال سے انتظامی غفلت کا شکار ہے، جس کی وجہ سے عوام کو پینے کے صاف پانی کے حصول میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، مگر متعلقہ حکام کے کان پر جوں تک رینگ نہیں رہی۔ عوام کا کہنا ہے بارہا متعلقہ حکام کی توجہ اس جانب مبذول کروائی مگر کوئی شنوائی تک نہیں ہوئی۔

والدین کو چاہیئے بچوں کو تعلیمی اداروں میں بھیجیں

محکمہ تعلیم ہنگامی بنیادوں پر سکول نہ جانے والے بچوں کو سکولوں میں لانے کیلئے ٹھوس اور دیرپا اقدامات کر رہے ہیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیف ایگزیکٹیو آفیسر ایجوکیشن اتھارٹی مجاہد حسین علوی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لیٹریسی ڈیپارٹمنٹ آصفہ یاسر، گرین جرنلزم کے پہلے پاکستانی میڈیا نیٹ ورک پاکستان میڈیا ٹوڈے ڈائریکٹر نیوز اینڈ کرنٹ افیئرز خواجہ عامر جاوید نے کہا ہے کہ پاکستان میں تعلیم کے فروغ کیلئے حکومت، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ تعلیم ہنگامی بنیادوں پر سکول نہ جانے والے بچوں کو سکولوں میں لانے کیلئے ٹھوس اور دیرپا اقدامات کر رہے ہیں تاکہ تعلیم یافتہ معاشرے کی تشکیل ہو سکے والدین اور معاشرے کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو تعلیمی اداروں میں بھیجیں تاکہ وہ پڑھ لکھ کر ملک و قوم کی بھاگ ڈور سنبھالنے کے قابل ہو سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے روز ویلفیئر آرگنائزیشن کی جانب سے نان فارمل سکولوں میں زیر تعلیم طلبہ و طالبات میں کاپیاں تقسیم کرنے کے موقع پر کیا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماجد رضا، سماجی راہنماؤں میاں سرفراز نواز، چوہدری موسیٰ اشفاق کو آرڈینیٹر زاہد علی موبلائزر محمد رفیق اور مدثر بیگ بھی موجود تھے۔ روز ویلفیئر آرگنائزیشن کی بانی و صدر محمد اشفاق نذر اور میاں سرفراز نواز نے کہا کہ ہماری تنظیم اپنی مدد آپ کے تحت معاشرے میں تعلیم کے فروغ کیلئے حکومت کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

تجاوزات کیخلاف آپریشن جاری رکھا جائے کمشنر گوجرانوالہ

ستھرا پنجاب پروگرام کو کامیاب بنانے کیلئے جامع حکمت عملی اپنائی جائے اور مشینری کی کمی کو جلد پورا کیا جائے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو کہا ہے کہ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی واضح ہدایات کی روشنی میں ستھرا پنجاب پروگرام کو کامیاب بنانے کیلئے جامع حکمت عملی اپنائی جائے اور مشینری کی کمی کو جلد پورا کیا جائے۔ مزید تجاوزات کے خاتمے کیلئے باقاعدگی سے آپریشن جاری رکھا جائے شہروں کی گلیوں اور محلوں میں صفائی پر بھی خصوصی توجہ دی جائے یہ بات انہوں نے چیف سیکرٹری پنجاب کی ویڈیو لنک میٹنگ کے بعد ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کمشنر دفتر اور ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک سے منسلک تھے جبکہ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن محمد شفیق، اے سی جی فرخ محمود جنجوعہ، ڈی جی پی ایچ اے نعمان حفیظ، ڈی جی جی ڈی اے، سی او جی ڈبلیو ایم سی شاہد عباس جوتہ، میٹرو پولیٹن کارپوریشن حیدر علی چٹھہ، ضلع کونسل خرم محمود، ایم ڈی واسا فیصل شوکت، اے ڈی پی ایچ اے راشد چٹھہ کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران اجلاس میں شرکت تھے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے ڈپٹی کمشنرز سے کہا کہ بازاروں میں تجاوزات کے مسئلے کے حل کیلئے ٹریفک پولیس اور بلدیہ کے عملہ کی مستقل ڈیوٹی لگائی جائے اور گورننس میں بہتری کا واضح فرق نظر آنا چاہیئے اور چیف سیکرٹری پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں تجاوزات کیخلاف آپریشن تیز کیا جائے انہوں نے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کو ہدایت کی کہ پسرور روڈ پر صفائی ستھرائی کے نظام میں بہتری لاتے ہوئے اسکی کڑی نگرانی کریں اور سڑک کے قریب جگہ جگہ کوڑے کے ڈھیر ختم کروائے جائیں اس سلسلے میں کنٹریکٹر کو سختی سے پابند کریں کہ وہ روڈ کو صاف رکھنے کے لیے سٹاف تعینات کرے بصورت دیگر اسکی پیمنٹ بند کر دیں انہوں نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ صفائی کے نظام کو خود مانیٹر کریں تاکہ شہر کو صاف ستھرا بنا کر اسکی خوبصورتی میں مزید بہتری لائی جا سکے۔

ماڈل ٹاؤن سوسائٹی دن دگنی رات چوگنی ترقی کر رہی ہے: شمس عمران

صدر سوسائٹی حذا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ زیرک، مدبر و فعال قیادت ہیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی شمس عمران نے کہا ہے کہ الحمدللہ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی قیادت میں ماڈل ٹاؤن سوسائٹی دن دگنی رات چوگنی ترقی کر رہا ہے اور ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے دیگر کاموں کی تعمیر کے ساتھ ساتھ کمیونٹی ہال کی تعمیر کا سلسلہ بھی جاری کر دیا گیا ہے انشاءاللہ جو بھی زیر تکمیل کام ہیں ان کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے بقایا جات اور واجبات بروقت ادا کریں تاکہ تعمیراتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جا سکے۔ اس دوران مختلف تعمیراتی کاموں کا جائزہ بھی لیا گیا ڈائریکٹران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی محمد یونس مغل، حاجی فیصل سہیل، محمد عظیم بٹ اور ڈاکٹر غلام سرور علی قمر بھی ہمراہ تھے۔ شمس عمران نے کہا کہ زیر تعمیر ترقیاتی منصوبہ جات و پارکس و کھیلوں کے میدانوں کی فنشنگ انشاء اللہ عید الفطر سے قبل مکمل کر لی جائیگی۔

فیصل آباد میں سٹیپ اینڈ کیئر ری ہیبلیٹیشن سینٹر کا شاندار افتتاح: معذور افراد کے لیے ایک نئی امید کی کرن

افتتاحی تقریب میں شہر کی اہم شخصیات، سماجی تنظیموں کے نمائندگان اور معزز مہمانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) شہر کے دل میں واقع سٹیپ اینڈ کیئر ری ہیبلیٹیشن سینٹر کا باقاعدہ افتتاح ایک تاریخی لمحہ ثابت ہوا، جس نے معذور افراد کے لیے ایک نئی روشنی کی کرن پیش کی۔ یہ مرکز نہ صرف جسمانی صحت کی بحالی کے لیے بلکہ ذہنی سکون اور معاشرتی انضمام کے لیے بھی اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ اس سینٹر کا مقصد معذوری کے شکار افراد کو جدید ترین طبی سہولتوں، فزیوتھراپی، اسپیشل ایجوکیشن اور نفسیاتی سپورٹ فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنی روزمرہ زندگی میں زیادہ سے زیادہ خودمختاری حاصل کر سکیں۔ افتتاحی تقریب میں شہر کی اہم شخصیات، سماجی تنظیموں کے نمائندگان اور معزز مہمانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر حاجی ملک انور، عدنان بٹ، حنان بٹ، ملک منور، حاجی اکرم انصاری، ایم این اے حاجی ارشاد عمران انصاری، عبدالرحمن قاری، حافظ عرفان مرزا، سلطان بیگ، ڈاکٹر حارث اور ڈاکٹر نعمان نے اس منصوبے کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور اس کے کامیاب آغاز کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ سٹیپ اینڈ کیئر ری ہیبلیٹیشن سینٹر میں جدید ترین سہولتیں اور ماہرین کی ٹیم معذور افراد کو نہ صرف جسمانی بلکہ ذہنی اور جذباتی طور پر بھی مضبوط بنانے کے لیے کوشاں رہے گی۔ اس سینٹر میں فزیوتھراپی، اسپیشل ایجوکیشن، اور دیگر ضروری خدمات فراہم کی جائیں گی تاکہ ہر مریض کی ضروریات کے مطابق خصوصی علاج اور تربیت فراہم کی جا سکے۔ گائنی وارڈ کا آغاز اور الٹراساؤنڈ مشین کا عطیہ اس موقع پر حاجی انور صاحب نے اہم اعلان کیا کہ سٹیپ اینڈ کیئر سینٹر میں گائنی وارڈ کا آغاز کیا جائے گا، جس سے خواتین کی صحت کی دیکھ بھال کے لیے مزید سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ اس سلسلے میں حاجی انور صاحب نے ایک جدید الٹراساؤنڈ مشین عطیہ کرنے کا اعلان کیا، جو خواتین کے گائنی مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کرے گی۔ یہ عطیہ سینٹر کی خدمات کو مزید وسیع اور موثر بنائے گا۔ سینٹر کی انتظامیہ نے اپنے عزم کا اظہار کیا کہ وہ اس منصوبے کو کامیاب بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری کو گولڈ میڈل سے نوازا گیا

قومی سطح پر خدمات کے اعتراف میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی سیالکوٹ کو اعزاز ملا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ترجمان ایکٹو الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل آرگنائزیشن سیالکوٹ کی جاری پریس ریلیز کے مطابق قائد اعظم ستارہ پاکستان گولڈ میڈل ایوارڈ کی پروقار تقریب 2025 قذافی سٹیڈیم منعقد ہوئی جس میں ملک کے مایہ ناز پروفیسر ڈاکٹرز و پنجاب ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے اعلیٰ حکام نے خصوصی شرکت کی اس پروقار تقریب میں ملک کے مایہ ناز سرجن ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی سیالکوٹ کو انسانیت کی بے لوث خدمت و اعلیٰ کارکردگی اور مثالی فرائض منصبی کی ادائیگی پر 14 مارچ 2025 کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں منعقد ہونیوالی قومی سطح کی پروقار تقریب میں ستارہ پاکستان گولڈ میڈل ایوارڈ سے نوازا گیا۔ اس موقع پر شرکاء تقریب سمیت انکی فیملی و احباب سمیت کہنہ مشق اسٹاف ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس سیالکوٹ کی روح رواں محمد ذیشان نے قومی ایوارڈ ملنے پر ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔

چوہدری محمد رمضان کے زیر اہتمام 15 روزہ فری آئی کیمپ کا آخری روزہ

مریضوں نے بڑی تعداد نے فری آئی کیمپ سے مستفید ہوتے ہوئے سپیشلسٹ ڈاکٹرز سے فری چیک اپ کروایا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) چوہدری محمد رمضان کے زیر اہتمام 15 روزہ فری آئی کیمپ کا آخری روزہ، مریضوں نے بڑی تعداد نے فری آئی کیمپ سے مستفید ہوتے ہوئے سپیشلسٹ ڈاکٹرز سے فری چیک اپ کروایا۔ اس موقع پر چوہدری محمد رمضان کا گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ ہر سال کی طرح امسال بھی رمضان المبارک کی خوشی میں 15 روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں سینکڑوں میں مریضوں نے مفت چیک اپ کروایا، چوہدری محمد رمضان کا مزید کہنا تھا کہ رمضان المبارک جہاں ہمیں باہمی بھائی چارہ، رواداری، خلوص و محبت اور صبر و تحمل کا درس دیتا ہے وہیں پر بے لوث عوامی خدمت کا درس بھی ملتا ہے کیونکہ اللہ رب العزت کی پیدا کردہ مخلوق کیلئے آسانیاں پیدا کرنے والے اللہ رب العزت کی خوشنودگی کے ساتھ ساتھ اللہ کی مخلوق کے دلوں میں اپنا مقام بنا لیتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہمیں چاہیئے کہ رمضان المبارک میں عبادات کے ساتھ ساتھ اللہ کی پیدا کردہ مخلوق کی بے لوث خدمت کرنے کیلئے میدان عمل میں آئیں کیونکہ ماہ مقدس رمضان المبارک میں نیکیوں کے ساتھ ساتھ ثواب کمانے کا طریقہ بھی خدمت انسانیت کو فروغ دینے میں ہے۔

ٹرالی ٹرانسفارمر کسی بڑے سانحے کا پیش خیمہ ثابت ہوگا

محکمہ واپڈہ خواب خرگوش کے مزے لینے میں مصروف

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) ٹرالی ٹرانسفارمر کسی بڑے سانحے کا پیش خیمہ ثابت ہوگا محکمہ واپڈہ خواب خرگوش کے مزے لینے میں مصروف۔ ہماری حالت یہ ہو چکی ہے کہ جب تک کوئی بڑا سانحہ رونما نہیں ہوتا محکمانہ کارروائی کرنے والے سوئے رہتے ہیں عرصہ دراز سے دستگیر کالونی چھانگا مانگا میں محکمانہ نااہلی کی وجہ سے ٹرالی والا ٹرانسفارمر زمین پر پڑا راہگیروں اور محکمہ واپڈہ کے ملازمین کی راہ تک رہا ہے بارش کی وجہ سے اکثر ٹرالی میں کرنٹ آنے کی وجہ سے بچوں بوڑھوں کی جان کو خطرات لاحق رہتے ہیں ستم بالائے ستم بجلی کی سپلائی والی کیبل بھی جگہ جگہ انسانی سروں کو چھوتی ہوئی گزرتی ہیں رہائشیوں نے بارہا مرتبہ ایس ڈی او اور ماتحت عملہ کی توجہ اس طرف دلائی لیکن بے سود شہریوں نے ایکسین واپڈہ چونیاں - ایس ای واپڈہ قصور اور چیف ایگزیکٹو واپڈہ سے نوٹس لینے کی اپیل کی ہے

آٹھویں جماعت کے طلباء وطالبات ہو جائیں تیار، اگلے سال سے آٹھویں جماعت کا بھی بورڈ کا امتحان لیا جائے گا

جہلم (بیورو رپورٹ) آٹھویں جماعت کے طلباء وطالبات ہو جائیں تیار، اگلے سال سے آٹھویں جماعت کا بھی بورڈ کا امتحان لیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق بچوں کا امتحان متعلقہ سکول کی بجائے دوسرے سکولوں میں ہوگا، اس وقت بچوں کے پیپر اپنے سکول میں ہی لیے جا رہے ہیں۔ بچوں کے پیپرز بھی متعلقہ سکول کے اساتذہ ہی چیک کر کے نتائج مرتب کرتے بنا ہیں، جبکہ اگلے سال بورڈ کے امتحانات کیلئے نگران عملہ بھی دوسرے اضلاع یا شہریوں کا لگایا جائے گا۔ بورڈ امتحان میں بچوں کے پیپرز بھی دوسرے سکولوں کے اساتذہ چیک کریں گے، بورڈ امتحان سے بچوں کی اسیسمنٹ بہتر طریقہ سے ہو سکے گی۔

اتحاد امن کونسل فاروق آباد کے زیر اہتمام ماسٹر فوڈز ریسٹورنٹ شیخوپورہ میں پر تکلف افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا

مولا حسن علیہ السلام کی شان وفضائل بیان کئے گئے اور فاروق آباد کے موجودہ مسائل اور ان کے حل پر تفصیلی گفتگو

فاروق آباد (حافظ عثمان ہاشمی سے) اتحاد امن کونسل فاروق آباد کے زیر اہتمام ماسٹر فوڈز ریسٹورنٹ شیخوپورہ میں پر تکلف افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی چوہدری جاوید اقبال چوہان، صدر مرکزی انجمن تاجران شیخ شہزاد انجم ایڈووکیٹ، سربراہ عوامی اتحاد میاں محمد عمران صدیقی، صدر پریس کلب رجسٹرڈ فاروق آباد میاں لیاقت، سرپرست حاجی محمد شریف، چیئرمین اتحاد امن کونسل چوہدری عابد سعید گجر، محمد عادل، چوہدری عبدالسلام گجر، ضلعی سیکیورٹی افسران سمیت اتحاد امن کونسل کے صدر رانا عثمان احمد اور اتحاد امن کونسل کے جملہ عہدیداران وممبران کی کثیر تعداد شریک محفل ہوئی تقریب میں۔ مولا حسن علیہ السلام کی شان وفضائل بیان کئے گئے اور فاروق آباد کے موجودہ مسائل اور ان کے حل پر تفصیلی گفتگو ہوئی میاں محمد عمران صدیقی، شیخ شہزاد انجم ایڈووکیٹ، جاوید اقبال چوہان، میاں لیاقت نے خیالات کا اظہار کیا۔

جہلم شہر سمیت چاروں تحصیلوں اور مضافاتی علاقوں میں پیشہ ور بھکاری خواتین کی بھرمار

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت چاروں تحصیلوں اور مضافاتی علاقوں میں پیشہ ور بھکاری خواتین کی بھرمار۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خاموشی سوالیہ نشان شہریوں کا ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ماہ صیام میں سورج طلوع ہوتے ہی بھکاریوں کے جتھے سڑکوں گلیوں محلوں اور پبلک مقامات کو اپنی تحویل میں لے لیتے ہیں خریداری کے لیے آنے والے شہریوں کا بھکاریوں کو بغیر کچھ رقم دیے گزرنا ناممکن ہو جاتا ہے مین بازار ریلوے روڈ سول لائن روڈ جنرل بس اسٹینڈ ضلع کچہری سمیت شہر کے محلوں میں بھکاریوں کی بھرکی وجہ سے شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے بھکاری عورتوں نے بازاروں اور پبلک مقامات پر قبضہ کر رکھا ہے جبکہ لاری اڈہ پر بھکاری عورتیں مسافروں کو پریشان کرتی دکھائی دیتی ہیں شہر کی سماجی رفاحی فلاحی کاروباری تنظیموں کے عمائدین نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈپٹی کمشنر ڈی ایس پی ٹریفک سے نوٹس لینے اور بھکاری خواتین کے خلاف گداگری ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرنے کا مطالبہ کیا ہے

دہشتگردوں کیلئے ملک میں کوئی گنجائش نہیں انہیں عبرت کا نشان بنانا ہوگا: میاں ریاض احمد مانڈل

دہشتگردوں کا جعفر ایکسپریس پر دہشتگردانہ حملہ ملک کی سلامتی پر حملہ تصور کرتے ہیں

پاکپتن سکندر چوک (ڈاکٹر محمد عمران جنجوعہ) سکندر چوک سے سیاسی و سماجی شخصیت میاں ریاض خاں مانڈل نے کہا ہے کہ دہشتگردوں کیلئے ملک میں کوئی گنجائش نہیں انہیں عبرت کا نشان بنانا ہوگا، دہشتگردوں کا جعفر ایکسپریس پر دہشتگردانہ حملہ ملک کی سلامتی پر حملہ تصور کرتے ہیں، دہشتگرد انسانیت اور ملک کے دشمن ہیں انہیں پوری طاقت سے کچلنا ہوگا، دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات کے پیچھے ملک دشمن قوتوں کے ہاتھ ملوث ہیں، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پوری قوم ملک کے آئینی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے، جعفر ایکسپریس حملہ ملک کی معیشت کو کمزور اور عالمی استحصالی قوتوں کی سازش ہے، دہشتگردی کے پیچھے جو بھی ہاتھ ہیں انہیں کاٹنا ہوگا، سیکیورٹی فورسز کی فوری موثر کارروائی پر پوری قوم خراج تحسین پیش کرتی ہے، دہشتگردوں کو عبرت کا نشان بنا کر ان کی نعشوں کو چوراہوں پر لٹکایا جائے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جعفر ایکسپریس پر دہشتگردوں کے حملے اور مسافروں کو یرغمال بنانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کیا، میاں انعام الحق صدر پریس کلب سکندر چوک نے کہا کہ انڈین دہشتگرد ایجنسی را اپنی فنڈنگ کے ذریعے بلوچستان کے حالات خراب کر رہی ہے، بلوچستان کے امن کو کبھی بھی دہشتگرد تباہ کرنے کے درپے ہیں، یرغمالیوں کی بازیابی کیلئے پورے علاقے کی ناکہ بندی اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بازیاب کرایا جائے، دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات ملک دشمن قوتوں کو پاکستان کا امن اچھا نہیں لگ رہا، دہشتگردی پر مذمت کرنے کی بجائے اسکا سر پوری طاقت سے کچلنا ہوگا، ملک کے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے لازم ہو چکا ہے دہشتگردوں کیلئے زمین تنگ کر دی جائے۔

اتحاد امن کونسل فاروق آباد کے زیر اہتمام ماسٹر فوڈز ریسٹورنٹ شیخوپورہ میں پر تکلف افطار ڈنر کا اہتمام

فاروق آباد (حافظ عثمان ہاشمی سے) اتحاد امن کونسل فاروق آباد کے زیر اہتمام ماسٹر فوڈز ریسٹورنٹ شیخوپورہ میں پر تکلف افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی چوہدری جاوید اقبال چوہان، صدر مرکزی انجمن تاجران شیخ شہزاد انجم ایڈووکیٹ، سربراہ عوامی اتحاد میاں محمد عمران صدیقی، صدر پریس کلب رجسٹرڈ فاروق آباد میاں لیاقت، سرپرست حاجی محمد شریف، چیئرمین اتحاد امن کونسل چوہدری عابد سعید گجر، محمد عادل، چوہدری عبدالسلام گجر، ضلعی سیکیورٹی افسران سمیت اتحاد امن کونسل کے صدر رانا عثمان احمد اور اتحاد امن کونسل کے جملہ عہدیداران وممبران کی کثیر تعداد شریک محفل ہوئی تقریب میں۔ مولا حسن علیہ السلام کی شان وفضائل بیان کئے گئے اور فاروق آباد کے موجودہ مسائل اور ان کے حل پر تفصیلی گفتگو ہوئی میاں محمد عمران صدیقی، شیخ شہزاد انجم ایڈووکیٹ، جاوید اقبال چوہان، میاں لیاقت نے خیالات کا اظہار کیا۔

ٹریفک پولیس نے ریسکیو 15 سائین بورڈز نصب کر دیئے ہیں

یہ 35 بورڈز ضلع کے مختلف اہم مقامات پر لگائے گئے ہیں تاکہ شہری ان بورڈز سے آگاہی کے تحت رش و ٹریفک جام اور حادثات کی اطلاع فوری ٹریفک پولیس کو دے سکیں



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب ویژن کے تحت شیخوپورہ میں بھی ٹریفک پولیس نے ریسکیو 15 سائین بورڈ نصب کر دیئے ہیں یہ 35 بورڈز ضلع کے مختلف اہم مقامات پر لگائے گئے ہیں تاکہ شہری ان بورڈز سے آگاہی کے تحت رش و ٹریفک جام اور حادثات کی اطلاع فوری ٹریفک پولیس کو دے سکیں، ڈی ایس پی ٹریفک سرہالی خان کے مطابق یہ اقدام آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کی ہدایت پر اٹھایا گیا ہے ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی معاونت سے ضلع بھر میں مختلف شاہرات و رابطہ سڑکوں پر ریسکیو 15 سائن بورڈ نصب کر دیئے گئے ہیں روڈ یوزر کی 15 پر کی گئی کال پر فوری رسپانس کیا جائے گا اس انقلابی اقدام کے تحت ضلع بھر میں ٹریفک پولیس ملازمین کی تعیناتیاں عمل میں لائی گئی ہیں جس سے ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے حادثات میں کمی و دیگر ٹریفک مسائل میں واضح کمی واقع ہوگی اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ترجیحی کارروائیاں عمل میں لائی جاسکیں گی، ڈی ایس پی ٹریفک سرہالی خان نے کہا کہ ریسکیو 15 کے اقدام کے باعث ٹریفک پولیس کی ذمہ داریاں مزید بڑھ گئی ہیں جس کے پیش نظر ٹریفک پولیس کی مستعدی میں اضافہ کیلئے مربوط لائحہ عمل مرتب کیا ہے جو یقیناً سود مند ثابت ہوگا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ایوب بخاری کی احترام رمضان آرڈیننس کے تحت بڑی کارروائی

رمضان آرڈیننس کی خلاف ورزی پر 4 ہوٹل مالکان گرفتار، 3 ہوٹل کو سیل کر دیا گیا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) رمضان آرڈیننس کی خلاف ورزی پر 4 ہوٹل مالکان گرفتار، 3 ہوٹل کو سیل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ایوب بخاری نے شہر میں مختلف ہوٹلز، بیکریوں اور ریسٹورنٹس کی اچانک چیکنگ کی اور من و سلویٰ ہوٹل، اکرم ہوٹل، بسمہ اللہ ہوٹل اور سیالکوٹ سوئیس اینڈ بیکرز میں احترام رمضان کی خلاف ورزی پائی گئی جس پر 4 افراد کو موقع پر ہی گرفتار کیا گیا جبکہ 3 ہوٹلز کو سیل کر دیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ایوب بخاری نے کہا کہ ہوٹل اور بیکریوں کے مالکان احترام رمضان آرڈیننس کی خلاف ورزی سے باز رہیں بصورت دیگر سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پرائس مجسٹریٹس کو ہدایت کی گئی ہے کہ پرائس چیکنگ کے ساتھ ساتھ احترام رمضان آرڈیننس کے حوالے سے بھی کارروائی عمل میں لائی جائے اور اس ضمن سے کسی سے رعایت نہ برتی جائے۔

نیشنل ہائی وے اور محکمہ جنگلات کی ملی بھگت سے لاہور ملتان جی ٹی روڈ سے سرسبز ہرے بھرے اور بڑے بڑے درختوں کی چوری کٹائی جاری

نیشنل ہائی وے ساؤتھ کی ملی بھگت سے
لاہور ملتان جی ٹی روڈ سے سر سبز ہرے بھرے
بڑے بڑے درختوں کی چوری کٹائی جاری

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) نیشنل ہائی وے اور محکمہ جنگلات کی ملی بھگت سے لاہور ملتان جی ٹی روڈ سے سرسبز ہرے بھرے اور بڑے بڑے درختوں کی چوری کٹائی جاری متعلقہ محکمے خاموش تماشائی اعلی حکام سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق نیشنل ہائی وے ساؤتھ اور محکمہ جنگلات کے افسران کی ملی بھگت سے کیمبر قادر آباد لاہور ملتان مین جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف سے سرسبز ہرے بھرے بڑے بڑے درختوں کی چوری کٹائی جاری متعلقہ محکموں کے اعلی افسران رسم دنیا نبھا کر خاموشی کی چادر اوڑھ کر فوٹو سیشن کرنے کے بعد سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنے لگے سرسبز اور ہرے بھرے درخت چوری کاٹنے والوں کے خلاف کارروائی کرنے والا کوئی نہیں جس کی وجہ سے کیمبر قادر آباد کی عوام میں شدید تشویش کی لہر کیمبر قادر آباد کی عوام کا نیشنل ہائی وے اور محکمہ جنگلات کے اعلی افسران سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ چوری درخت کٹائی کرنے والے افراد اور ان کی سرپرستی کرنے والے افسران کے خلاف قانونی کارروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے تاکہ درختوں کی حفاظت ہو سکے

عدم استحکام اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پر امن معاشرہ ناگزیر ہے

ہم اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ مل کر امریکہ اور پاکستان سے دہشتگردی، بے روزگاری، عدم استحکام کے خلاف مل کر جدوجہد کریں گے: ڈاکٹر افتخار

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) پاسٹر آذر ناز، چیئرمین لائٹ آف دی ورلڈ منسٹریز، سینٹرل چیئرمین بین المسالک و مذاہب رواداری کونسل پاکستان، ڈاکٹر افتخار نقوی مرکزی چیئرمین بین المسالک و مذاہب رواداری کونسل پاکستان نے کہا ہے کہ عدم استحکام اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پر امن معاشرہ ناگزیر ہے اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب ملک میں بسنے والے تمام مذاہب اور مسالک مل کر امن کے لئے ایک پیج پر اکٹھے ہو کر ملکی اداروں کو مضبوط کریں لائٹ آف دی ورلڈ منسٹریز زیر اہتمام اس افطار ڈینر کا مقصد ملکی استحکام اور ترقی میں تمام مسالک اور مذاہب ساتھ لیکر چلنا ہے تمام مسالک و مذاہب سے اس افطار ڈینر میں شرکت کرنے والے مسلم علماء و مسیحی پادری صاحبان و مومنین کے بے حد شکر گزار ہیں جو اس محبت اور بھائی چارے کے پلیٹ فارم پر تشریف لائے، امریکہ سے آئے ہوئے پاسٹر جرڈ گان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ پاکستان میں امن کا خواہاں ہے کیونکہ امن ہی سے روزگار میں اضافہ ہوگا انڈسٹری چلے گی تو غریب آدمی کا چولہا جلے گا ہم اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ مل کر امریکہ اور پاکستان سے دہشتگردی، بے روزگاری، عدم استحکام کے خلاف مل کر جدوجہد کریں گے کیونکہ امن ہی وہ واحد راستہ جو مذہبی، ثقافتی، معاشی اور معاشرتی سرگرمیوں کو سرانجام دینے میں مدد فراہم کرتا ہے افطار ڈینر سے پرویز اکرم (ہمدانی) چوہدری کسیم افضل کاہلوں، میاں عثمان رفعت، ریاض رندھاوا ایڈووکیٹ، قاری تنویر، مفتی مظفر، رفعت قادری، پیر غلام علی، جواد رضا، قاری عمران وٹو، سردار انعام، سہیل کاشف ایڈووکیٹ نے بھی اپنے خطاب ملکی سلامتی اور استحکام کے لئے امن کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ اپنے اداروں کے ساتھ عوامی طاقت کو ملا کر افواج پاکستان کے شانہ بشانہ چل کر ملکی سالمیت اور بقا کی جنگ لڑی جائے انہوں نے چیئرمین لائٹ آف دی ورلڈ منسٹریز کو مسلم بھائیوں کے اعزاز میں شاندار افطار ڈینر کا اہتمام کرنے پر پوری ٹیم کو مبارک باد دی۔

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

آئی ایم ایف مشن کا دورہ

انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ) آئی ایم ایف (کے مشن چیف ناتھن پورٹر کے مطابق بین الاقوامی مالیاتی فنڈ اور پاکستانی حکام نے ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی) ای ایف ایف (کے پہلے جائزے پر سٹاف لیول معاہدے تک پہنچنے کی جانب اہم پیشرفت کی ہے۔ آئی ایم ایف کی ٹیم 24 فروری سے 14 مارچ 2025 تک پاکستان کے دورے پر تھی۔ اس دورے کا مقصد ای ایف ایف کے تحت فراہم کیے جانے والے سات ارب ڈالر کے پاکستان کے اقتصادی پروگرام کے پہلے جائزے کے ساتھ ساتھ ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فسیلٹی) آر ایس ایف (کے تحت ممکنہ نئے انتظام پر گفتگو کرنا تھا۔ دورے کے اختتام پر ناتھن پورٹر کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان نے موجودہ قرض پروگرام پر سختی سے عملدرآمد کیا ہے، بات چیت کے دوران ترقی میں تیزی لانے کے ساتھ ساتھ سماجی تحفظ کو مستحکم کرتے ہوئے صحت اور تعلیم کے اخراجات کو دوبارہ بحال کرنے کے لئے متعدد شعبوں میں خاطر خواہ پیشرفت نظر آئی جن میں عوامی قرضوں کو کم کرنے کی منصوبہ بندی، مالی استحکام، افراطِ زر کو کم رکھنے کے لئے مناسب مانیٹری پالیسی کا نفاذ، توانائی شعبے کی افادیت کو بہتر بنانے کے لئے لاگت کم کرنے والی اصلاحات کی تیز تر پیشرفت اور پاکستان کے ساختی اصلاحات کے ایجنڈے کا نفاذ شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بات چیت میں ماحولیاتی اصلاحاتی ایجنڈے پر بھی پیشرفت ہوئی جس کا مقصد قدرتی آفات سے متعلق خطرات سے حساسیت کو کم کرنا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ایسی اصلاحات بھی ہو سکتی ہیں جنہیں آر ایس ایف کے تحت ممکنہ انتظام کے ذریعے سپورٹ کیا جا سکے، مشن اور حکام آنے والے دنوں میں بات چیت کو حتمی شکل دینے کے لئے عملی طور پر پالیسی تبادلہ خیال جاری رکھیں گے۔ آئی ایم ایف کا عملہ اب ایگزیکٹو بورڈ کے جائزے کے لئے اپنی سفارشات کو حتمی شکل دے گا جو ایک ارب ڈالر کی قسط جاری کرنے کی منظوری کے لئے ضروری ہے۔ وزارتِ خزانہ کے ذرائع کے مطابق پاکستان نے آئی ایم ایف سے دو ارب ڈالر کے قرض کی درخواست کی تھی جس میں ایک ارب ڈالر کی قسط ای ایف ایف کے تحت جبکہ ایک ارب اضافی ڈالر ماحولیاتی فنانسنگ کے لئے تھے، اب قرض کی قسط اور ماحولیاتی فنانسنگ کی منظوری کا جائزہ آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ لے گا۔ آئی ایم ایف نے تین شعبوں میں تحفظات ظاہر کیے ہیں، اِس نے ریٹیل، ہول سیل اور رئیل سٹیٹ سمیت کئی شعبوں میں ٹیکس وصولی بہتر بنانے پر زور دیا، فیڈرل بورڈ آف ریونیو) ایف بی آر (نے رئیل سٹیٹ اور پراپرٹی سیکٹر کے لئے ٹیکس ریٹ میں کمی کی تجویز دی اور تاجروں کی رجسٹریشن کے لئے مہم جاری رکھنے کی تحریری یقین دہانی بھی کرائی۔ آئی ایم ایف نے پوائنٹ آف سیل، ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم موثر بنا کر ٹیکس چوری روکنے پر اصرار کے علاوہ قومی ایئرلائن اور بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری جون تک کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایف بی آر نے صنعتی شعبے کی ویڈیو مانیٹرنگ کا آئی ایم ایف کا مطالبہ پورا کر دیا ہے، نوٹیفکیشن کے مطابق ایف بی آر صنعتی شعبے کی پیداوار کی نگرانی کرے گا اور اس کے لئے سینٹرل کنٹرول یونٹ ایف بی آر کو رئیل ٹائم ڈیٹا فراہم کرے گا۔ پاکستانی حکام پر امید ہیں کہ مشن قرض کے اجرا کی سفارش کرے گا اور پاکستان کو دو ارب ڈالر مل جائیں گے۔ دوسری جانب پیٹرولیم لیوی بھی 60 روپے سے بڑھا کر 70 روپے کر دی گئی جس کی وجہ سے پیٹرولیم مصنوعات کی موجودہ قیمتیں برقرار رہیں اور صارفین کو بین الاقوامی قیمتوں میں کمی کے باوجود لگ بھگ 14 روپے کا متوقع ریلیف نہیں مل سکا تاہم وزیراعظم ہاس کی جانب سے جاری کیے گئے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں سابق سطح پر برقرار رکھتے ہوئے اِس کا پورا مالی فائدہ بجلی کی قیمتوں میں عوام کو منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے، بجلی صارفین کو قیمتوں میں بڑا ریلیف دیا جائے گا۔ اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اِس پیکیج کا اعلان آئندہ چند ہفتوں میں کر دیا جائے گا۔ حکومت نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل) ایس آئی ایف سی (کی زیر معاونت اربوں ڈالر مالیت کے 28 اہم منصوبوں کی منظوری بھی دے دی ہے۔ حکومت نے اِن منصوبوں میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر اور بحرین سمیت 23 ممالک کو سرمایہ کاری کی دعوت دینے کا فیصلہ بھی کیا ہے، سعودی آرامکو ریفائنری، دیامر بھاشا ڈیم اور ریکوڈک کان کنی منصوبوں سمیت کئی اہم منصوبے خصوصی طور پر خلیجی ممالک کو سرمایہ کاری کے لئے پیش کیے جانے پر غور کیا جا رہا ہے جبکہ ایس آئی ایف سی کے تحت کارپوریٹ فارمنگ، ٹیکنالوجی زونز، کلاوڈ انفراسٹرکچر، سیمی کنڈکٹر ڈیزائننگ اور سمارٹ ڈیوائسز کی تیاری کے منصوبے بھی سرمایہ کاری کے لئے پیش کیے گئے ہیں، منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے اِن ممالک کے شہریوں کو ترجیحی ویزے جاری کیے جائیں گے اور اِن کا دائرہ کار ایس آئی ایف سی کے ترجیحی شعبوں یعنی خوراک، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، معدنیات، پیٹرولیم اور توانائی پر محیط ہوگا۔ خیال کیا جا رہا ہے کہ اِن منصوبوں کی تکمیل نہ صرف ملک کی معاشی بحالی اور سرمایہ کاری کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرے گی بلکہ اِن سے ملکی معاشی استحکام کی راہیں بھی ہموار ہوں گی۔ آئی ایم ایف کی ٹیم کے حالیہ دورے کے بعد آنے والی اطلاعات نے ان تمام قیاس آرائیوں اور سرگوشیوں کو غلط ثابت کر دیا ہے جن میں دعوے کیے جا رہے تھے کہ ٹیکس وصولی کے اہداف کے حصول میں ناکامی سے پاکستان کو مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ عالمی مالیاتی فنڈ کی طرف سے سامنے آنے والے حوصلہ افزا بیان کے بعد یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ معاشی ٹیم کی کارکردگی سے مطمئن ہے، امید ہے آئندہ کی قسط کے اجرا کا اعلان جلد کر دیا جائے گا، ساتھ ہی ساتھ پاکستان کو ماحولیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لئے درخواست کردہ اضافی ایک ارب ڈالر بھی ملنے کے امکانات بھی خاصے روشن ہیں۔ معاشی حالات کے حوالے سے مثبت خبریں آنے کا اصل فائدہ تب ہی ہو گا جب عوام کو ریلیف ملے گی اور اس کی امید بھی اب پیدا ہو رہی ہے، وزیراعظم گرمیوں میں بجلی کی قیمتوں میں بڑی ریلیف دینے کا اعلان کر رہے ہیں، ایسا ہوا تو عوام کی مشکلات میں کچھ نہ کچھ کمی ضرور ہو گی۔ اِس کے ساتھ ساتھ نظام کی مضبوطی اور روزمرہ کی اشیا کے حوالے سے مصنوعی مہنگائی پر قابو پانا بھی لازم ہے۔ سب سے زیادہ ضروری ہے کہ سینکڑوں ارب روپے سالانہ کا نقصان کرتے اداروں کی فوری نجکاری کے علاوہ وہ تمام ادارہ جاتی اور معاشی اصلاحات جلد از جلد مکمل کی جائیں۔

ارے او نا سمجھ بے مول بک جا اس در پر کہ

اے باکمال مولوی صاحب آپ نے گانا کیوں چھوڑ دیا تھا اس نے قہقہہ لگایا اور دیر تک ہنستا رہا اس نے عینک اتار ٹشو سے آنکھیں صاف کیں اور ہنستے ہنستے جواب دیا یار تم نے مجھے جس انداز سے مولوی صاحب کہا میں وہ انجوائے کر رہا ہوں تم مجھے یہ انجوائے کرنے دو وہ اس کے بعد دوبارہ ہنس پڑا وہ ہنستے ہنستے خاموش ہوا اور پھر بولا یار گانے نے مجھے شہرت دی عزت دی اور پیسہ دیا اگر کچھ نہیں دیا تو وہ سکون تھا سکون مجھے مولوی صاحب بن کر ملا اور یہ جب مجھے مل گیا تو مجھے پتہ چلا سکون دنیا کی سب سے بڑی نعمت ہوتا ہے۔ پیسہ عزت اور شہرت تینوں مل کر بھی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتے وہ اس کے بعد دوبارہ ہنسا اور بولا میں ویمبلے میں شو کرنا چاہتا تھا میری خواہش تھی میرا خیمہ درمیان میں ہو اور دوسرے گلوکاروں موسیقاروں اور اداکاروں کے خیمے دائیں بائیں ہوں میں 1992 میں ویمبلے گیا۔ امیتابھ بچن کا خیمہ درمیان میں تھا لوگ اس کے ہاتھ چوم رہے تھے وہ اس پر واری واری جا رہے تھے وہ اس کے ساتھ تصویریں بنوانے کے لیے ایک دوسرے کو روند رہے تھے میں نے یہ عزت دیکھی تو میرے دل میں خیال آیا کیا میں بھی کبھی اس مقام تک پہنچ سکتا ہوں کیا مجھے بھی یہ عزت لوگوں کا یہ والہانہ پن مل سکتا ہے وہ شاید قبولیت کی گھڑی تھی۔ اللہ نے میری دعا سن لی اور وہ وقت آ گیا جب میرا خیمہ ٹھیک اس جگہ تھا جہاں کبھی امیتابھ بچن نے راتیں گزاری تھیں نوجوان لڑکیاں اور لڑکے اس دن میرے ساتھ تصویریں بنوانے کے لیے بھی ایک دوسرے پر گر رہے تھے مجھے بہت خوشی ہوئی میں اندر سے نہال ہو گیا میں کئی دن اس سرشاری میں رہا لیکن پھر وہ خاموش ہو گیا وہ دیر تک کچھ سوچتا رہا پھر اس نے سر اٹھایا میری طرف دیکھا اور بولا لیکن پھر ایک نئے احساس نے اس سرشاری کی جگہ لے لی۔ مجھے محسوس ہوا میری کامیابی نے مجھے عزت تو دے دی لیکن میں سکون سے محروم ہوں مجھے یہ بھی محسوس ہوا سکون عزت سے بڑی چیز ہے اور مجھے اس بڑی چیز کی طرف جانا چاہیے میں خاموشی سے سنتا رہا وہ بولا میں اس کے بعد بھی گاتا رہا لوگ میرا گانے سنتے تھے جھومتے تھے اور مجھے چومتے تھے دل دل پاکستان اور سانولی سلونی سی محبوبہ میری پہچان بن گیا میں جہاں جاتا تھا لوگ مجھ سے فرمائش کرتے تھے جے جے سانولی سلونی ہو جائے اور میں ذرا سا گنگنا کر آگے نکل جاتا تھا لیکن میں اب عزت کے ساتھ ساتھ سکون بھی تلاش کر رہا تھا اور پھر اللہ تعالی نے کرم کیا اور مجھے یہ نعمت بھی مل گئی وہ خاموش ہو گیا۔ میں نے اس سے پوچھا تم تبلیغی جماعت اور مولانا طارق جمیل کے قابو کیسے آ گئے اس نے ایک قہقہہ لگایا اور بولا پاکستان کا ہر شہری زندگی میں کبھی نہ کبھی ڈاکٹر پولیس اور تبلیغی جماعت کے قابو ضرور آتا ہے زیادہ تر لوگ ان کے ساتھ چند دن گزار کر واپس آ جاتے ہیں لیکن تھوڑی سی تعداد دائمی مریض عادی مجرم اور مولوی صاحب بن کر مستقلاً ان کا حصہ بن جاتے ہیں۔ میں بھی ایک دوست کے ذریعے مولانا طارق جمیل سے ملا اور پھنس گیا میں نے پوچھا آپ کیسے پھنس گئے اس نے قہقہہ لگایا اور جواب دیا مجھے اس شخص نے اپنی محبت دی جو مجھے اس سے پہلے کسی سے نہیں ملی تھی یہ محبت میرے لیے نشہ ثابت ہوئی اور میں اس نشے کی لت کا شکار ہوتا چلا گیا میں نے دین کا مطالعہ شروع کر دیا میں شغل شغل میں چلے لگانے لگا اور مجھے جب ہوش آئی تو میں اس وقت تک اچھا خاصا مولوی صاحب بن چکا تھا میں نے اس سے پوچھا آپ اچھے خاصے سمجھ دار انسان ہیں آپ درمیان میں بھاگ کیوں نہیں گئے؟ اس نے ایک اور قہقہہ لگایا اور بولا میں نے بھاگنے کی ایک آدھ ٹرائی کی تھی میں نے گانا چھوڑ دیا تھا

نوائے عامر
kh.amirjaved@gmail.com
0333-8604509
خواجہ عامر جاوید

لیکن پھر اچانک احساس ہوا جنید جمشید تم کھاگے کہاں سے تمہیں اس کے علاوہ کوئی کام ہی نہیں آتا گانا میری زندگی بھی تھا مجھے محسوس ہوتا تھا میں نے اگر یہ بند کر دیا تو مجھ سے میری زندگی چھن جائے گی چنانچہ میں نے شیو کی اور اپنی دنیا میں واپس آ گیا لیکن چند دن بعد غلطی کا احساس ہو گیا میں اس نتیجے پر پہنچ گیا مجھے سکون اور شہرت دولت عزت میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہو گا۔ میرے اندر کشمکش جاری تھی لیکن پھر اللہ تعالی نے کرم کیا میرے دماغ سے غلط فہمیوں کے اندھیرے چھٹ گئے اور میں دوبارہ اس لائین پر آ گیا جہاں مجھے ہونا چاہیے تھا میں تبلیغ والوں کے ساتھ شامل ہو گیا میں نے پوچھا لیکن کیا شہرت عزت اور دولت آسانی سے چھوٹ گئی؟ تڑپ کر جواب دیا بہت مشکل تھا گانا میرا واحد سورس آف انکم تھا مجھے شہرت کی لت بھی پڑ چکی تھی میرے لیے فینز تصویریں اور آٹوگرافس زندگی تھی میرا گانا میرا شناختی کارڈ تھا میں اس شناختی کارڈ کے بغیر کچھ بھی نہیں تھا چنانچہ میں گانے کے بغیر معاشی سماجی اور ذہنی طور پر زندہ نہیں رہ سکتا تھا لیکن پھر میں نے ایک سودا کیا میں نے اللہ کے نام پر اپنے تینوں اثاثے قربان کر دیے۔ میں نے عزت شہرت اور روزگار تینوں چھوڑ دیے اور اللہ کی راہ پر لگ گیا وہ خاموش ہو گیا میں نے پوچھا کیوں؟ آپ نے یہ کیوں کیا؟ وہ بولا میں بنیادی طور پر اللہ کا قانون ٹیسٹ کر رہا تھا میں نے کسی جگہ پڑھا تھا جو شخص اللہ کے ساتھ سودا کرتا ہے جو اللہ تعالی کے نام پر اپنی عزیز ترین چیز قربان کر دیتا ہے اللہ تعالی اسے کبھی مایوس نہیں کرتا خدا کی ذات اسے اس کے حق سے زیادہ نوازتی ہے میں نے اللہ کے اس اعلان اس وعدے کو ٹیسٹ کرنے کا فیصلہ کیا۔ میں نے اپنا کل اثاثہ اللہ کی راہ میں قربان کر دیا میرے بھائی جاوید آپ یقین کرو اللہ تعالی نے میری تینوں چیزیں ستر سے ضرب دے کر مجھے واپس لوٹا دیں۔ میں نے اللہ تعالی کے راستے میں لاکھوں روپے کی قربانی دی تھی رب کی ذات نے مجھے کروڑوں روپے سے نواز دیا میں نے آج تک ایک رومال نہیں بنایا آپ اللہ کا کرم دیکھو دنیا میں جنید جمشید کے نام سے کپڑوں کا سب سے بڑا پاکستانی برانڈ چل رہا ہے میں راک اسٹار کی حیثیت سے مشہور تھا آپ اللہ کا کرم دیکھو میں آج نعت خوانی اور اللہ کے ذکر کے حوالے سے پوری دنیا میں مشہور ہوں لوگ مجھے دل دل پاکستان کی وجہ سے عزت دیتے تھے لیکن آج لوگ الہی تیری چوکھٹ پر سوالی بن کے آیا ہوں کے حوالے سے میرے ہاتھ چومتے ہیں۔ میں کبھی جینز پہن کر اسٹیج پر ناچتا تھا اور عزت دار لوگ اپنی بہو بیٹیوں کو میرے سائے سے بچا کر رکھتے تھے لیکن میں آج سر پر عمامہ اور ٹوپی رکھ کر منبر رسول ﷺ پر بیٹھتا ہوں اور لوگ مجھ سے اپنے بچوں کے لیے دعا کرواتے ہیں آپ دل پر ہاتھ رکھ کر جواب دیں کیا یہ اس سے ستر گنا زیادہ نہیں جس کی میں نے قربانی دی تھی وہ خاموش ہو گیا۔ میں اس وقت آج کے مقابلے میں زیادہ گمراہ زیادہ سنگدل اور زیادہ بددیانت تھا چنانچہ میں نے اس کا مذاق اڑانا شروع کر دیا میں نے اس سے کہا آپ اگر ان مولویوں کے ہاتھ سے بچ گئے جو اس وقت آپ کی گردن کی تلاش میں مارے مارے پھر رہے ہیں جو آپ کو گستاخ اور حضرت عائشہ کا گناہ گار سمجھ رہے ہیں تو میں آپ کو آپ کے سوال کا جواب ضرور دوں گا وہ بھی ہنس پڑا لیکن میں نے جب سات دسمبر کو جنید جمشید کے ائیر کریش کی خبر سنی اور اس کے بعد جس طرح پورے ملک کو اس کے سوگ میں ڈوبتے دیکھا اور پھر 15 دسمبر کو کراچی میں اس کا جنازہ دیکھا تو میں اس کو سچا ماننے پر مجبور ہو گیا۔ ملک میں ہزاروں علما کرام سیاستدان بیورو کریٹس صوفیا کرام اداکار گلوکار اور ارب پتی تاجر فوت ہوئے ان کے جنازے جنازہ گاہوں میں پڑھائے گئے لیکن جنید جمشید کا جنازہ اسٹیڈیم میں پڑھا گیا اور اس میں حقیقتاً لاکھوں لوگ شریک تھے تا حد نظر سر ہی سر اور بازو ہی بازو تھے جنید جمشید کو اس سے پہلے ایئر فورس نے گارڈ آف آنر بھی دیا اس کے کفن کو پاکستانی پرچم میں بھی لپیٹا اور اسے سی ون تھرٹی کے ذریعے اسلام آباد سے کراچی بھی پہنچایا یہ اعزاز آج تک کسی گلوکار کو حاصل ہوا؟ جی نہیں! دنیا میں مہدی حسن اور نور جہاں جیسے گلوکار دوبارہ پیدا نہیں ہوں گے۔ بڑے غلام علی خان نصرت فتح علی خان عزیز میاں قوال استاد امانت علی خان اور صابری برادران موسیقی کے استاد تھے یہ استاد کس عالم میں دنیا سے رخصت ہوئے اور ان کے جنازے کیسے اور کتنے تھے؟ ہم سب جانتے ہیں لیکن اللہ تعالی نے جو عزت جنید جمشید جیسے ایک سابق گلوکار کو دی یہ بھی سارا زمانہ جانتا ہے موسیقی کے استاد ہونے کے باوجود یہ لوگ دنیا سے کسمپرسی میں رخصت ہوئے جب کہ جنید جمشید کے غم کو ہر شخص نے ٹیس کی طرح محسوس کیا یہ کیا ثابت کرتا ہے یہ ثابت کرتا ہے وہ ٹھیک کہہ رہا تھا اس نے اللہ تعالی سے سودا کیا تھا اور اللہ تعالی نے اس کی قربانی کو ستر سے ضرب دے کر اس کے تمام اثاثے اسے لوٹا دیے۔ جنید جمشید نے ہم جیسے لوگوں کی آنکھیں کھول دیں اس نے ثابت کر دیا اللہ کے ساتھ سودا کرنے والے کبھی خسارے میں نہیں رہتے عزت قربان کرو گے تو اللہ عزت کو ستر گنا کر کے لوٹائے گا اور شہرت اور دولت کی قربانی دو گے تو اللہ تعالی انھیں بھی ستر سے ضرب دے کر لوٹائے گا بے شک اللہ تعالی کی اسٹاک ایکسچینج کائنات کی سب سے بڑی اسٹاک ایکسچینج ہے یہ کبھی کریش نہیں ہوتی یہ کبھی اپنے شیئر ہولڈرز کا خسارہ نہیں ہونے دیتی اس کا انڈیکس ہمیشہ اوپر جاتا ہے اوپر سے اوپر اور اوپر جاتا ہے۔ اس راہ میں بن مول بک جاتے ہیں تاجو اس طرح کے سودے میں خسارے نہیں ہوتے۔

گھروں کی چھتوں پر سولر پینلز لگوانے والے مراعات یافتہ

عمر کے آخری حصہ میں عرصہ ہوا داخل ہو جانے کے باوجود ہفتے کے پانچ دن صبح اٹھ کر یہ کالم لکھنا ضروری ہے۔ صرف میری کمائی سے مگر گھر کا خرچہ پورا ہو نہیں سکتا۔ اپنے ماں باپ کی بہت لاڈلی اور دو بھائیوں کی اکیلی بہن ہوتے ہوئے بھی میری بیوی نے شادی کے تین ماہ بعد سے کام شروع کر دیا۔ اس کی وجہ سے ہمارے گھر کی پہچان سفید پوش ہو گئی۔ سفید پوشی برقرار رکھنے کی خاطر ہی وہ ابھی تک کام کرنے کو مجبور ہے اور اس کا کام میرے کام سے زیادہ مشکل اس وجہ سے بھی ہے کیونکہ ہفتے میں دو تین بار اسے اسلام آباد سے نکل کر دوسرے شہروں میں تحقیق کی خاطر جانا ہوتا ہے۔ ہم دونوں کو اپنے کام سے جو معاوضے ملتے ہیں ان پر واجب ٹیکس ہمیں عوضانہ ملنے سے قبل ہی کاٹ لیے جاتے ہیں۔ عمر تمام مشقت کی چکی میں پس کر سفید پوشی برقرار رکھنے کے باوجود لیکن حکومت نے مجھے مراعات یافتہ طبقات میں شمار کرنا شروع کر دیا ہے۔ گنتی بھر مراعات یافتہ افراد کی صف میں محض اس وجہ سے ڈالا گیا ہوں کیونکہ آج سے تقریباً تین سال قبل جب ہم میاں بیوی کی اجتماعی آمدنی کا تقریباً 30 فیصد بجلی کے بل ادا کرنے میں صرف ہونا شروع ہو گیا تو ہم نے مشکل سے بچائی رقوم خرچ کر کے اپنے گھر کی چھت پر سولر پینل لگوا لیا۔ وہ لگنے کے باوجود گزشتہ ایک برس سے ہم پریشان ہونا شروع ہو گئے کیونکہ حکومت نے دن کے اوقات میں سورج سے پیدا ہوئی بجلی خریدنے کے جو دام طے کر رکھے تھے اس قیمت کا آدھا بھی نہیں تھے جو نام نہاد پیک آورز یعنی شام ڈھلنے کے بعد خرچ ہوئی بجلی کے لیے ادا کیے جاتے ہیں۔ ہماری اور حکومت کی فراہم کردہ بجلی کے نرخوں کے مابین تیزی سے بڑھتے فرق کی پریشانی کے ساتھ بے شمار عنوانات سے اضافی رقوم بھی بلوں میں شامل کی جاتی ہیں۔ ان کا بوجھ برداشت کرتے ہوئے دل کو مگر یہ سوچ کر تسلی دیتے رہے کہ اگر سولر نہ لگا ہوتا تو شاید ہم میاں بیوی کی اجتماعی کمائی کا کم از کم 40 فیصد بجلی کے بلوں کی نذر ہو جاتا۔ حکومت مگر سفید پوشوں کی محدودات جاننے کو آمادہ نہیں۔ نہایت رعونت سے بتائے چلی جا رہی ہے کہ ہمارے معاشرے کے محض چند مراعات یافتہ افراد نے اپنی چھتوں پر سولر پینل لگوا کر غریب عوام کی وسیع تر اکثریت کے لیے بجلی کی قیمت کو ناقابل برداشت بنا دیا ہے۔ غریبوں کی زندگی اجیرن بنانے کے جرم کی وجہ سے اب ہمیں جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ سفید پوشی کا بھرم رکھنے کے لیے مان لیتا ہوں کہ میں اپنے گھر کی چھت پر سولر پینل لگوانے کی وجہ سے مراعات یافتہ ہو گیا ہوں۔ اس کی وجہ سے غریب کے لیے بجلی خریدنا تقریباً ناممکن ہو گیا ہے۔ میں جو بجلی خرچ کرتا ہوں اس کی قیمت لہٰذا غریبوں کی طرح ہی ادا کروں۔ مراعات یافتہ افراد کی صف میں کھڑے ہونے کا جرمانہ ادا کرنے کے باوجود مجھے یہ خوف لاحق ہے کہ غریب آدمی کے لیے بجلی اتنی ہی مہنگی رہے گی جتنی اس وقت ہے۔ وجہ اس کی بنیادی اور واضح ہے۔ اسے سمجھنے کے لیے آپ کو علم معاشیات کی ڈگری درکار نہیں اور یہ وجہ ہے گردشی قرضہ جو حکومت کے ذمہ واجب ہے۔ میرے اور آپ کی رائے پوچھے بغیر سرکار مائی باپ نے آج سے چند دہائیاں قبل یہ فیصلہ کیا کہ وہ بجلی پیدا کرنے کے قابل نہیں۔ نجی شعبے سے درخواست کی جائے کہ وہ بجلی پیدا کرے۔ اس کی پیدا کردہ بجلی کی قیمت بھی میں نے اور آپ نے طے نہیں کی۔ یہ فیصلہ بھی غریب عوام نے نہیں کیا تھا کہ حکومت سیٹھوں کے لگائے کارخانوں سے خریدی بجلی کے یونٹوں کی ادائیگی کے بجائے انھیں زیادہ سے زیادہ بجلی پیدا کرنے کو راغب کرنے کے لیے ان کے لگائے کارخانوں کی Capacity)استعداد (کے برابر ادائیگی کرے گی۔ فرض کیا ایک صنعت کار نے جو کارخانہ لگا رکھا ہے وہ مثال کے طور پر روزانہ کی بنیاد پر بجلی کے سو یونٹ پیدا کر سکتا ہے۔ حکومت مگر اس سے 50 یا 60 یونٹ ہی خرید سکتی ہے۔ بقیہ 40 یا 50 یونٹ کی کھپت ممکن نہیں۔ کھپت کے ذرائع نہ ہونے کے باوجود حکومت مگر نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والے کو سو یونٹ خریدنے کی ادائیگی کر رہی ہے۔ نجی شعبے کو بجلی پیدا کرنے کی جانب راغب کرنے



کے لیے سرکار مائی باپ نے جو معاہدے کیے وہ کسی بھی اعتبار سے سرمایہ دارانہ نظام سے بھی مطابقت نہیں رکھتے۔ سرمایہ داری کی بنیاد ہی طلب اور رسد کی حرکیات ہے۔ ہمارے حکمرانوں نے حقیقی طلب کے مطابق کارخانے لگوانے کے بجائے خود کو مستقبل کے لیے تیار کرنے کا بہانہ بنایا اور کل کی تیاری کرتے ہوئے آج کو مشکل سے مشکل تر بنا دیا۔ ضرورت کے مطابق بجلی خریدنے کے بجائے اسے پیدا کرنے والے کی استعداد کی ادائیگی شروع کر دی اور اب بحیثیت قوم ہم گردشی قرضوں کے گرداب میں پھنس چکے ہیں۔ بجلی پیدا کرنے والے سیٹھوں نے کمال مکاری سے قانونی اعتبار سے معاملہ ایسا بنایا کہ نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والے عمومی طور پر غیر ملکی سرمایہ کار نظر آئے۔ ہمارے سیٹھوں کی غیر ملکی سرمایہ کار کے ساتھ شراکت داری نے نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والوں کو حکومت کے مقابلے میں طاقتور بنا دیا۔ حکومت ان کے ساتھ بس بھئی بس والا رویہ اختیار کرے تو نہ صرف غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ شکنی ہوگی بلکہ معاہدوں کی خلاف ورزی کے سبب پاکستان بین الاقوامی عدالتوں میں بھی رگیدا جائے گا اور وہاں سے ویسے ہی فیصلے آئیں گے جیسے ریکوڈک کے حوالے سے آئے تھے۔ سو جوتوں کیساتھ سو پیاز کھانے والا معاملہ۔ آئی ایم ایف بھی غیر ملکی سرمایہ کار کے ساتھ کھڑا ہے۔ حکومت کو صاف بتا چکا ہے کہ ملک کو دیوالیہ سے بچانا ہے تو گردشی قرضوں کی جلد از جلد ادائیگی یقینی بنانے کے لیے شہریوں کو مجبور کرو کہ وہ ہر صورت حکومت کی فراہم کردہ بجلی کو زیادہ سے زیادہ خرچ کریں اور اس خرچ کی وہ قیمت ادا کریں جو کسی بھی اعتبار سے معقول نہیں ہے۔ اسی باعث آئی ایم ایف کے وفد کی گزشتہ ہفتے پاکستان موجودگی کے دوران ہی مجھ جیسے سفید پوش افراد کو مراعات یافتہ ٹھہرا دیا گیا ہے۔ نیشنل گرڈ کے لیے دن کے اوقات میں حکومت کے لیے نسبتاً سستے داموں بجلی پیدا کرنے والے صارف سورج ڈھلنے کے بعد خرچ ہوئی بجلی کی کم از کم ڈھائی گنا زیادہ قیمت ادا کرتے ہیں۔ ان کی مگر حوصلہ شکنی ہوئی ہے۔ ٹیکنالوجی اگرچہ بہت تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ مارکیٹ میں ایسی بیٹریاں موجود ہیں جو آپ کے چھت پر لگے پینلوں سے پیدا ہوئی بجلی کو کسی نہ کسی انداز میں سورج ڈھلنے کے بعد استعمال کے قابل بنا سکتی ہیں۔ سفید پوشی سے مراعات یافتہ ہوئے افراد بتدریج اس ٹیکنالوجی سے رجوع کرنے کو مجبور محسوس کریں گے۔ سرکار مائی باپ بجلی کے حوالے سے مراعات یافتہ طبقے کے خلاف نہیں بلکہ ٹیکنالوجی کے خلاف جنگ چھیڑ بیٹھی ہے اور نت نئی ایجادات کے خلاف ڈٹ کر کھڑی ہونے والی طاقتور ترین حکومتیں بھی بالآخر تھک کر ڈھیر ہو گئیں۔ خلافت عثمانیہ کے زوال کی گھڑی اس دن شروع ہوئی جب چھاپہ خانہ کی ممانعت ہوئی اور گھڑیال کو مکروہ ٹھہرا کر پھانسی کی سزا سنائی گئی

عمر کے آخری حصہ میں عرصہ ہوا داخل ہو جانے کے باوجود ہفتے کے پانچ دن صبح اٹھ کر یہ کالم لکھنا ضروری ہے۔ صرف میری کمائی سے مگر گھر کا خرچہ پورا ہو نہیں سکتا۔ اپنے ماں باپ کی بہت لاڈلی اور دو بھائیوں کی اکیلی بہن ہوتے ہوئے بھی میری بیوی نے شادی کے تین ماہ بعد سے کام شروع کر دیا۔ اس کی وجہ سے ہمارے گھر کی پہچان سفید پوش ہو گئی۔ سفید پوشی برقرار رکھنے کی خاطر ہی وہ ابھی تک کام کرنے کو مجبور ہے اور اس کا کام میرے کام سے زیادہ مشکل اس وجہ سے بھی ہے کیونکہ ہفتے میں دو تین بار اسے اسلام آباد سے نکل کر دوسرے شہروں میں تحقیق کی خاطر جانا ہوتا ہے۔ ہم دونوں کو اپنے کام سے جو معاوضے ملتے ہیں ان پر واجب ٹیکس ہمیں عوضانہ ملنے سے قبل ہی کاٹ لیے جاتے ہیں۔ عمر تمام مشقت کی چکی میں پس کر سفید پوشی برقرار رکھنے کے باوجود لیکن حکومت نے مجھے مراعات یافتہ طبقات میں شمار کرنا شروع کر دیا ہے۔ گنتی بھر مراعات یافتہ افراد کی صف میں محض اس وجہ سے ڈالا گیا ہوں کیونکہ آج سے تقریباً تین سال قبل جب ہم میاں بیوی کی اجتماعی آمدنی کا تقریباً 30 فیصد بجلی کے بل ادا کرنے میں صرف ہونا شروع ہو گیا تو ہم نے مشکل سے بچائی رقوم خرچ کر کے اپنے گھر کی چھت پر سولر پینل لگوا لیا۔ وہ لگنے کے باوجود گزشتہ ایک برس سے ہم پریشان ہونا شروع ہو گئے کیونکہ حکومت نے دن کے اوقات میں سورج سے پیدا ہوئی بجلی خریدنے کے جو دام طے کر رکھے تھے اس قیمت کا آدھا بھی نہیں تھے جو نام نہاد پیک آورز یعنی شام ڈھلنے کے بعد خرچ ہوئی بجلی کے لیے ادا کیے جاتے ہیں۔ ہماری اور حکومت کی فراہم کردہ بجلی کے نرخوں کے مابین تیزی سے بڑھتے فرق کی پریشانی کے ساتھ بے شمار عنوانات سے اضافی رقوم بھی بلوں میں شامل کی جاتی ہیں۔ ان کا بوجھ برداشت کرتے ہوئے دل کو مگر یہ سوچ کر تسلی دیتے رہے کہ اگر سولر نہ لگا ہوتا تو شاید ہم میاں بیوی کی اجتماعی کمائی کا کم از کم 40 فیصد بجلی کے بلوں کی نذر ہو جاتا۔ حکومت مگر سفید پوشوں کی محدودات جاننے کو آمادہ نہیں۔ نہایت رعونت سے بتائے چلی جا رہی ہے کہ ہمارے معاشرے کے محض چند مراعات یافتہ افراد نے اپنی چھتوں پر سولر پینل لگوا کر غریب عوام کی وسیع تر اکثریت کے لیے بجلی کی قیمت کو ناقابل برداشت بنا دیا ہے۔ غریبوں کی زندگی اجیرن بنانے کے جرم کی وجہ سے اب ہمیں جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ سفید پوشی کا بھرم رکھنے کے لیے مان لیتا ہوں کہ میں اپنے گھر کی چھت پر سولر پینل لگوانے کی وجہ سے مراعات یافتہ ہو گیا ہوں۔ اس کی وجہ سے غریب کے لیے بجلی خریدنا تقریباً ناممکن ہو گیا ہے۔ میں جو بجلی خرچ کرتا ہوں اس کی قیمت لہٰذا غریبوں کی طرح ہی ادا کروں۔ مراعات یافتہ افراد کی صف میں کھڑے ہونے کا جرمانہ ادا کرنے کے باوجود مجھے یہ خوف لاحق ہے کہ غریب آدمی کے لیے بجلی اتنی ہی مہنگی رہے گی جتنی اس وقت ہے۔ وجہ اس کی بنیادی اور واضح ہے۔ اسے سمجھنے کے لیے آپ کو علم معاشیات کی ڈگری درکار نہیں اور یہ وجہ ہے گردشی قرضہ جو حکومت کے ذمہ واجب ہے۔ میرے اور آپ کی رائے پوچھے بغیر سرکار مائی باپ نے آج سے چند دہائیاں قبل یہ فیصلہ کیا کہ وہ بجلی پیدا کرنے کے قابل نہیں۔ نجی شعبے سے درخواست کی جائے کہ وہ بجلی پیدا کرے۔ اس کی پیدا کردہ بجلی کی قیمت بھی میں نے اور آپ نے طے نہیں کی۔ یہ فیصلہ بھی غریب عوام نے نہیں کیا تھا کہ حکومت سیٹھوں کے لگائے کارخانوں سے خریدی بجلی کے یونٹوں کی ادائیگی کے بجائے انھیں زیادہ سے زیادہ بجلی پیدا کرنے کو راغب کرنے کے لیے ان کے لگائے کارخانوں کی Capacity)استعداد (کے برابر ادائیگی کرے گی۔

مقبوضہ کشمیر کے عوام اور بھارتی بربریت

تاریخی پس منظر میں جب بھی کشمیر کا ذکر ہوگا تو بھارتی انسانی حقوق کی پامالی کی داستان اور ظلم ستم اور بربریت اور قتل عام قید بند اور ظلم کی نئی نئی کہانیاں تاریخ سناتی رہے گی اور اقوام عالم کی بے حسی اور مخصوص ذہنیت کی عکاسی ہوتی رہے گی غزہ کے مسلمان ہوں یا کشمیر کے عوام یا سکھ عوام ہوں یا حسینہ واجد کے دور کے بنگلہ دیش میں بھارتی ہندوواتا کی منہ بولتی داستانیں دنیا کا چہرہ دکھاتی رہے گی مسلہ کشمیر ایک دیرینہ اور پیچیدہ مسلہ ہے۔ کشمیر میں بھارتی حکومت کے اقدامات کو مقامی آبادی پر اثرات کے باعث بڑے پیمانے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ انسانی حقوق کے تحفظات ماورائے عدالت قتل: ہندوستانی سیکیورٹی فورسز کی جانب سے ماورائے عدالت قتل، تشدد اور جبری گمشدگیوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ حرکت اور مواصلات پر پابندیاں: ہندوستانی حکومت نے انٹرنیٹ بند اور کرفیو سمیت نقل و حرکت اور مواصلات پر پابندیاں عائد کی ہیں من مانی حراست: سیاست دانوں، کارکنوں اور صحافیوں سمیت بہت سے کشمیریوں کو بغیر کسی الزام یا مقدمے کے من مانی طور پر حراست میں لیا گیا ہے۔ کشمیری عوام پر اثرات: معاشی مشکلات: تنازعہ نے کشمیر کی معیشت پر تباہ کن اثرات مرتب کیے ہیں، بہت سے کاروبار اور صنعتیں بند ہو گئی ہیں۔ نفسیاتی صدمہ: جاری تشدد اور غیر یقینی صورتحال نے کشمیری عوام کو بہت زیادہ نفسیاتی صدمہ پہنچایا ہے۔ خودمختاری کا نقصان: ہندوستانی حکومت کے اقدامات نے کشمیر کی خودمختاری کو ختم کر دیا ہے، بہت سے کشمیریوں کو لگتا ہے کہ ان کے حقوق اور آزادیوں کو سلب کیا جا رہا ہے۔ بین الاقوامی ردعمل اقوام متحدہ کی قراردادیں: اقوام متحدہ نے کئی قراردادیں منظور کی ہیں جن میں کشمیر کے مستقبل کا تعین کرنے کے لیے استصواب رائے کا مطالبہ کیا گیا ہے انسانی حقوق کی تنظیموں، جیسے ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ نے کشمیر میں بھارت کے انسانی حقوق کے ریکارڈ پر تنقید کی ہے۔ بین الاقوامی برادری بشمول امریکہ، چین اور پاکستان جیسے ممالک نے تنازعہ کے پرامن حل پر زور دیا ہے۔ جموں و کشمیر کو خصوصی خود مختار حیثیت دینے والے آرٹیکل 370 کو منسوخ

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

کرنے کے بھارتی حکومت کے فیصلے کو اس کی قانونی حیثیت، آئینی اور انسانی اثرات کی وجہ سے بڑے پیمانے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے آرٹیکل 370 کی منسوخی ایک صدارتی حکم کے ذریعے کی گئی تھی، جس کے بارے میں کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ یہ غیر آئینی ہے اور جمہوری عمل کو نظرانداز کرتا ہے ہندوستانی حکومت کا فیصلہ جموں و کشمیر کے لوگوں یا ان کے منتخب نمائندوں سے مشاورت کے بغیر کیا گیا۔ آرٹیکل 370 کی منسوخی سے انسانی حقوق کیخلاف ورزیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، بشمول من مانی حراست، تشدد اور ماورائے عدالت قتل، بھارتی حکومت کی طرف سے انٹرنیٹ اور فون کی پابندیوں سمیت مواصلاتی بلیک آوٹ کے نفاذ نے کشمیریوں کی روزمرہ زندگی کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ آرٹیکل 370 کی تنسیخ نے اہم معاشی مشکلات کو جنم دیا ہے، بشمول معاش، کاروبار اور صنعتوں کا نقصان۔ بین الاقوامی ردعمل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے کشمیر کی صورتحال پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے کئی اجلاس منعقد کیے ہیں جن میں بہت سے ممالک نے انسانی حقوق کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ جیسی انسانی حقوق کی تنظیموں نے کشمیر میں بھارتی حکومت کے اقدامات پر تنقید کی ہے۔ پاکستان، چین اور ترکی سمیت کئی ممالک نے کشمیر کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس کے پرامن حل پر زور دیا ہے۔ کشمیر میں بھارتی حکومت کے اقدامات کو مقامی مسلم آبادی پر ان کے اثرات اور انسانی حقوق کے بین الاقوامی اصولوں کی پاسداری کے لیے بڑے پیمانے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ ہندوستانی فوج پر شہریوں کیخلاف ضرورت سے زیادہ طاقت کا استعمال کرنے کا الزام لگایا گیا ہے، جس میں پیلٹ گن، آنسو گیس اور گولہ بارود کا استعمال شامل ہے۔ سیاست دانوں، کارکنوں اور صحافیوں سمیت بہت سے کشمیریوں کو بغیر کسی الزام یا مقدمے کے من مانی طور پر حراست میں لیا گیا ہے قیدیوں کے ساتھ تشدد اور ناروا سلوک کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں، جن میں جسمانی اور نفسیاتی زیادتی کا استعمال بھی شامل ہے۔ کشمیر میں ہندوستانی حکومت کے اقدامات کو جنیوا کنونشنز کی خلاف ورزی کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے، جو جنگ کے انعقاد اور عام شہریوں کے ساتھ سلوک کو کنٹرول کرتے ہیں، شہری اور سیاسی حقوق کے بین الاقوامی معاہدے کی خلاف ورزی کرنے پر ہندوستانی حکومت کے اقدامات پر بھی تنقید کی گئی ہے، جو زندگی، آزادی اور انسان کے تحفظ کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے۔ کشمیر میں ہندوستانی حکومت کے اقدامات کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی خلاف ورزی کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے، بشمول قرارداد 47، جس میں کشمیر کے مستقبل کا تعین کرنے کے لیے استصواب رائے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل نے کشمیر میں بھارتی حکومت کے اقدامات پر تنقید کرتے ہوئے کئی قراردادیں منظور کیں، ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ جیسی انسانی حقوق کی تنظیموں نے کشمیر میں بھارتی حکومت کے اقدامات پر تنقید کی ہے پاکستان، چین اور ترکی سمیت کئی ممالک نے کشمیر کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس کے پرامن حل پر زور دیا ہے۔ کشمیری عوام کا اپنے مستقبل کا خود فیصلہ کرنے کا حق ایک دیرینہ اور گہری خواہش ہے۔ اقوام متحدہ کا چارٹر خودارادیت کے اصول کو تسلیم کرتا ہے، جو آرٹیکل 1(2) اور آرٹیکل 55 میں درج ہے شہری اور سیاسی حقوق پر بین الاقوامی معاہدہ، جس کی ہندوستان نے توثیق کی ہے، آرٹیکل 1(1) میں حق خودارادیت کو تسلیم کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعدد قراردادیں، بشمول قرارداد 47 (1948)، آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے ذریعے کشمیری عوام کے حق خودارادیت کو تسلیم کرتی ہیں۔ کشمیری عوام نے مستقل طور پر بیرونی مداخلت سے آزاد ہو کر اپنے مستقبل کا تعین کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ بہت سے کشمیری زیادہ خود مختاری اور خودمختاری کی خواہش رکھتے ہیں، جس سے وہ اپنے معاملات خود سنبھال سکیں اور اپنے مستقبل کے بارے میں خود فیصلے کر سکیں۔ کشمیری عوام نے بارہا تنازعہ کے پرامن حل کا مطالبہ کیا ہے، جو ان کے حقوق اور خواہشات کا احترام کرتا ہے۔ عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت کرے اور تنازعہ کے پرامن حل کو فروغ دے۔ بین الاقوامی برادری کو چاہیے کہ وہ ہندوستان، پاکستان اور کشمیری عوام کے درمیان باہمی طور پر قابل قبول حل تلاش کرنے کے لیے بات چیت کی حوصلہ افزائی کرے۔

ڈاکٹر انعام الحق جاوید لفظوں کے جادوگر

ڈاکٹر انعام الحق جاوید لفظوں کے جادوگر تو ہیں ہی ساتھ میں مخلص دوست، ہمدرد انسان اور خوبصورت سیرت سے مالا مال بھی ہیں جو ان سے ایک بار مل لیتا ہے پھر بار بار ملنے کی حسرت اسکے دل میں پیدا ہوتی رہتی ہے آجکل کے غم زدہ ماحول میں انکی شاعری چہروں پر شگفتگی لے آتی ہے انکے "لفظ" پڑھے ہی نہیں جاتے محسوس بھی کئے جاتے ہیں یہ کبھی رلاتے ہیں کبھی ہنساتے ہیں تو کبھی مرہم بن جاتے ہیں ان کی نغمگی اگر کانوں میں رس گھولتی ہے تو نشتر بن کر دل چیر بھی دیتی ہے الفاظ وہ نہیں جو دل سے نکلیں بلکہ الفاظ وہ ہیں جو دل میں اتریں یہی وجہ ہے کہ انکی کا ساتھ میسر ہو نہ ہو انکی خوبصورت شاعری کے الفاظ ہمیشہ ساتھ رہتے ہیں انکی شاعری کے اندر چھپے ہوئے پیغامات کا میں اگر مختصر سا خلاصہ پیش کر سکوں تو بس اتنا سا ہی ہے کہ ڈاکٹر صاحب کے لفظ ہیرے کی طرح ہوتے ہیں جس رخ سے دیکھیں ایک نئے رنگ میں مسحور کرتے ہیں احساس کو چھو جائیں تو پھول سے بھی زیادہ نرم و نازک نقصان پہنچانے پر آئیں تو جان لے کر ہی چھوڑتے ہیں نرم لہجے سے ہمیشہ مضبوط اور دیرپا رشتے تخلیق پاتے ہیں اس لیے اپنے رشتے داروں ماتحتوں، چھوٹوں بڑوں کے ساتھ اچھے الفاظ سے مخاطب ہوا کریں اچھے لہجے اچھے الفاظ آپ کی زندگی کا آئینہ ہوتے ہیں اور یہی "اللہ رب العزت" کی رضا اور خوشنودی کا باعث بنتے ہیں اگر کسی کی مسکراہٹیں آپ کے وجود سے وابستہ ہیں تو یقین کریں آپ کا وجود قابل رشک ہے وعدوں کو وفا کرنے کا ہنر بہت کم لوگوں میں ہوتا ہے اور یقین کریں ڈاکٹر انعام الحق جاوید کی زندگی وفا کا بہترین نمونہ ہے اسی لیے تو انکے ساتھ دوستی کو فخر سمجھتا ہوں کہ زندگی کی شراکت داری کسی ایسے انسان سے ہے جو اس وقت بھی ساتھ نبھانا جانتا ہے جب زندگی آپ کے لئے چیزیں مشکل سے مشکل ہوتی جا رہی ہوں اور خدا کا شکر ہے کہ ہمارے پاس ڈاکٹر انعام الحق کی شکل میں ایک ایسی نایاب اور بہت قیمتی چیز ہے جو بہت کم لوگوں کے پاس ہوتی ہے اللہ وہ چیز بس انہیں دیتا ہے جنہیں پسند کرتا ہے اور اپنے

میری بات
روہیل اکبر
www.facebook.com/Rohailakbar
03004821200
E-mail: rohailakbar@gmail.com

قریب کرنا چاہتا ہے پتہ ہے وہ کیا ہے؟ دوسروں کی تکلیف کا احساس اور وہ احساس ڈاکٹر صاحب کی کتاب کلیات میں بھی موجود ہے جن میں انکا کہنا ہے کہ

ہر وہم کو پکڑ کر ہوا میں اچھال دو
مرنے کے بعد کیا ہے یہ دل سے نکال دو
پھر آ بیٹھ کر کہیں کر لیں مذاکرہ
دوں گا ہر اک جواب تم اپنے سوال دو

ڈاکٹر صاحب نے کتاب کے سرورق پر اپنی خوبصورت تصویر کے ساتھ ساتھ اپنی چار کتابوں ساتویں سمت، زندگی کے صحرا میں، جزیرے میں سمندر اور آخر کب تک کی تصویریں بھی سجا رکھی ہیں اور سب سے بڑھ کر انہوں نے اپنی کتاب کا انتساب اس شخصیت کے نام کر رکھا ہے جسے میں بھی اپنا روحانی مرشد سمجھتا ہوں سینئر عرفان صدیقی بھی کمال کے لکھاری ہیں کالج دور سے انہیں پڑھتا آیا ہوں اور اب تک انہیں پڑھ رہا ہوں لکھتے ہیں تو خوب لکھتے ہیں انکے الفاظ کے نشتر وہ کنکریاں پھینکتے ہیں جو عباس اطہر کے بھی بعض اوقات بس میں نہیں ہوتا تھا ڈاکٹر صاحب نے اپنی کتاب جناب عرفان صدیقی صاحب کے نام کر کے اپنا حق تو ادا کر دیا ہے۔ ڈاکٹر انعام الحق جاوید کی کی شاعری نہ صرف ہم جیسے ڈھلتی عمر کے نوجوانوں کی زندگی میں امید کا دیا ہے بلکہ بچوں نے بھی انکی شاعری پر دائرے لگا رکھے ہیں میرا بیٹا محمد ریان ابھی ابھی چھٹی کلاس میں پہنچا ہے اس نے ڈاکٹر صاحب کی کتاب کلیات کے بہت صفحے نشان زدہ کر دیے ہیں اور اکثر رات کو مجھے وہ انکی ایک غزل سناتا ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب کی شاعری بچوں میں بھی بے حد پسند ہے اگر حکومت انکی شاعری کو سلیبس کی کتابوں میں بھی شامل کر دے تو یہ بچوں کے لیے بھی بہت اچھا ہو جائیگا تعلیم کا ذکر ہو اور وفاقی سیکریٹری تعلیم محی الدین وانی کا ذکر نہ ہو یہ ہو نہیں سکتا کیونکہ تعلیم کے شعبہ میں جو انقلاب وانی صاحب نے پیدا کر دیا وہ آج تک نہیں ہو سکا قیام پاکستان سے لیکر آج تک بچوں کی مفت تعلیم وہ بھی اس لیول کی جو ایک عام انسان سوچ بھی نہیں سکتا وہ وانی صاحب نے اسلام آباد میں عملی طور پر شروع کر دی ہے وانی صاحب کی خدمات ہماری اس نسل کے لیے ناقابل یقین عمل ہے جنہوں نے کل بڑے ہو کر ملک کی خدمت کرنی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اسلام آباد میں اس وقت صرف تین ہی اہم شخصیات ہیں جو ملک و قوم کی خدمت میں مصروف ہیں ان میں وفاقی محتسب جناب اعجاز قریشی، وفاقی سیکریٹری تعلیم جناب محی الدین وانی اور ہر دلعزیز شخصیت ڈاکٹر انعام الحق جاوید ان تینوں کی شخصیات اور خدمات ناقابل فراموش ہیں کاش ہمارے باقی کے افسران بھی انہی کے نقش قدم پر چل پڑیں تو پاکستان کی تقدیر بدل جائیگی میں بات کر رہا تھا ڈاکٹر انعام الحق جاوید کی کلیات میں موجود شاعری کے الفاظ حقیقت میں بول کر بتاتے ہیں کہ کب کچھ ہوگا شائد اسی لیے انہوں نے اس پر پوری غزل لکھ دی۔

تم کہتے ہو سب کچھ ہوگا
میں کہتا ہوں کب کچھ ہوگا
بس اس آس پہ عمر گذاری
اب کچھ ہوگا، اب کچھ ہوگا
کچھ بھی نہ ہونے پر یہ عالم
کیا کچھ ہوگا، جب کچھ ہوگا
ہم سمجھے تھے، تم کو، ہم کو
دیکھ کے جان بہ لب کچھ ہوگا
لیکن اب تو یوں لگتا ہے
مر جائیں گے تب کچھ ہوگا۔

ڈاکٹر صاحب کی کتاب کلیات کے حوالہ سے صحافت کی پہچان جناب مجیب الرحمٰن شامی صاحب نے زندہ جاوید شاعری، ڈاکٹر خورشید رضوی نے خیر مقدم، ڈاکٹر زاہد منیر نے تخلیقی عمل کی پراسراریت، حامد میر نے واہ ڈاکٹر صاحب واہ، جاوید چوہدری نے ڈاکٹر انعام الحق جاوید مظہر برلاس نے پھول اور خوشبو کے راستے، ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد نے شاخ ثمر بار اور سلیم اختر نے ڈاکٹر انعام الحق جاوید کی سنجیدہ شاعری ایک جائزہ کے نام سے خوب لکھا ہے اور عرض شاعر میں ڈاکٹر انعام الحق جاوید نے تو کمال ہی کر دیا جس میں انہوں نے اپنے بہت سے دوستوں کا ذکر کیا تو ہی پر محسن صحافت جناب عطاالحق قاسمی صاحب کو بھرپور ذکر بھی کیا قاسمی صاحب واقعی ہمارے آج کے ہیرو ہیں جنکی نظر ڈاکٹر صاحب کی غزل کا ایک شعر۔

روح جس طرح جان میں گم ہے
دل کسی مہربان میں گم ہے۔

قابل تعریف ہیں لاہور پولیس کے جوان

اگر بات کریں ہم اپنے پولیس کے جوانوں کی تو پاکستان پولیس خاص کر پنجاب پولیس بہادری دلیری وجرت کی مثال ہے کہیں بھی کوئی جرم ہو پولیس ملزمان تک پہنچ ہی جاتی ہے اور لاہور پولیس کی تو کیا ہی بات ہے۔ لاہور پولیس کے افسران و اہلکاران دن رات اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر عوام کے جان و مال کی حفاظت کرتے ہیں اور ہمارے بہت سے دوستوں کا خیال ہے کہ اگر محکمہ پولیس نا ہوتا تو جرائم اس قدر ہوتے کہ اسکی مثال نظر نہ آئے لیکن اگر مثال دینی ہے تو لاہور پولیس کی مثالی کارکردگی کی بھی مثال دینی چاہیئے گو کہ محکمہ پولیس کے اہلکاران کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا لیکن حقیقت ہے اور بہت تلخ حقیقت ہے کہ پولیس کے جوان اپنی جان ہتھیلی پر رکھتے ہیں اپنے دن کا چین راتوں کی نیند تک عوام کے تحفظ کے لئے نچھاور کر دیتے ہیں اور رات کے اندھیرے میں بھی آپ کو پولیس کے جوان عوام کی حفاظت پر مامور نظر آئینگے اور یقیناً عوام کو بھی اس بات کا احساس ہوتا ہے کہ پولیس عوام کی حفاظت میں مصروف ہے جیسے پاک فوج کے جوان رات رات بھر جاگ کے سرحدوں پر پہرہ دیتے ہیں سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں کہ کہیں دشمن چھپ کر وار نا کر دے بالکل ویسے ہی پاکستان پولیس کے جوان ملک بھر میں شہر شہر میں شہر کی گلیوں بازاروں میں عوام کے تحفظ کے لئے دن رات ایک کر دیتے ہیں۔ کہیں بھی کوئی جرم ہوتا ہے پولیس کے جوان فوری حرکت میں آ جاتے ہیں اور جرم کرنے والا ملزم کتنا ہی شاطر عیار و مکار کیوں نا ہو پولیس بالآخر ملزمان تک پہنچنے میں کامیاب ہو ہی جاتی ہے اور یقیناً بہت سے ایسے پولیس افسر بھی دیکھے ہیں جو بہادری و ہمت کی مثال ہیں اور جب کہیں جرم ہونے کی اطلاع ملتی ہے تو فوری حرکت کرتے ہیں اور اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھتے جب تک ملزمان کو داخل حوالات نا کر دیں اور ہمارے بہت سے پولیس افسران سے دوستی ہے پیار و محبت کا رشتہ ہے اور بتا

یلغار
فیصل شامی

دیں کہ ہمارے پھوپھا جان جناب شبیر احمد شامی مرحوم بھی ایس پی ریلوے رہے اور اکثر ہمیں انکے ساتھ بھی سفر کرنے کا موقع ملتا رہتا تھا۔ انتہائی شفیق ہنس مکھ و ملنسار آفیسر تھے اور انکی نسبت سے ہی ہمیں بھی محکمہ پولیس سے دلی لگاؤ اور وابستگی ہے اور یقیناً اگر شعبہ صحافت سے وابستہ نہ ہوتے تو ہم بھی محکمہ پولیس کا ہی حصہ ہوتے اور آج بھی ہمارے بہت سے پیارے بھائی اور دوست محکمہ پولیس سے منسلک اور آفیسر ہیں جن میں قمر عباس، عاطف ذوالفقار، راحیل بھائی، شریف سندھو مرحوم، فیصل شریف، یوسف بٹ، اکرام بھائی، عبدالحئی، عامر حبیب، شاہد، حافظ خالد سمیت بہت سے بزرگ و دوست ہیں جن سے دلی وابستگی پیار و محبت کا رشتہ قائم ہے اور ہمارے ایک بہت ہی پیارے بھائی ہیں اسرار جو آجکل ہمارے تھانہ قائداعظم میں ایس ایچ او تعینات ہیں نے بھی اپنے علاقے میں بہت سے کیس سلجھائے اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا چند روز قبل ہی تھانہ قائداعظم میں ڈکیتی کی واردات ہوئی اور ڈاکو فرار ہو گئے تو ہمارے پیارے بھائی ڈاکو پکڑنے ملتان پہنچ گئے اور ملتان سے معلوم پڑا کہ ڈاکو فیصل آباد پہنچ گئے تو ہمارے بھائی ڈاکو پکڑنے ملتان سے فیصل آباد پہنچ گئے اور ڈاکو پکڑ کے ہی واپس لاہور پہنچے اور اس سے قبل بھی اغوا برائے تاوان کا خود ساختہ ڈرامہ کرنے والوں کو 48 گھنٹوں میں گرفتار کر لیا اور نا صرف یہ بلکہ انڈسٹری ایریا میں فیکٹری ملازم کی طرف سے ڈکیتی کا ڈرامہ کرنے والے فیکٹری ملازمین کو بھی بے نقاب کیا اور انھیں کیفر کردار تک پہنچایا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہماری پولیس کے بہادر جوان ہمہ وقت اپنے فرض کی ادائیگی میں مصروف رہتے ہیں اور جرم ہونے کے بعد جرم کی تہہ تک بھی پہنچتے ہیں جسکی تازہ مثال گزشتہ دنوں شہر لاہور میں رونما ہونے والا واقعہ ہے جس میں راہ چلتے نجی کمپنی کے گارڈز نے سرعام بدمعاشی کی راہ چلتے گاڑی روک کے شریف شہری کو تشدد کا نشانہ بنایا اور نا صرف یہ بلکہ شہری کی گاڑی پر بھی فائر کئے اور بدمعاشی کرنے کے بعد نجی سیکورٹی کمپنی کے گارڈ موقعہ واردات سے فرار ہونے میں کامیاب بھی ہو گئے اور سوشل میڈیا پہ یہ واقعہ زیر گردش رہا یہ بہت بڑا چیلنج تھا لاہور پولیس کے لئے کہ نامعلوم سیکورٹی گارڈز کو جنھوں نے سرعام دمعاشی کی اور موقع واردات سے فرار بھی ہو گئے انکو کیسے پکڑا جائے اور سرعام بدمعاشی کی اس واردات پر ڈی آئی جی نے فوری ایکشن لیا اور سیکورٹی گارڈز کو پکڑنے کے لئے خصوصی ٹیم تشکیل دی اور لاہور پولیس کی خصوصی ٹیم نے وقوعہ کے چند گھنٹوں بعد ہی بدمعاشی کرنے والے ملزمان یعنی سیکورٹی گارڈز کو دبوچ لیا اور چار ملزمان کو داخل حوالات بھی کر دیا اور جس تیزی و برق رفتاری سے لاہور پولیس کے جوان حرکت میں آئے اور ملزم گرفتار کئے وہ قابل تعریف ہے اور پاکستانی پولیس تو اندھے قتل کا سراغ لگانے میں بھی ماہر ہے اور یہاں تو صرف فائرنگ ہی ہوئی تھی۔ لاہور پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج اور موقع واردات پر عوام کی طرف سے بنائی گئی ویڈیوز کے ذریعے نا صرف نامعلوم ملزمان کی شناخت کی بلکہ انہیں انکے انجام تک بھی پہنچایا۔ یقیناً ملزم کتنا ہی با اثر با اختیار کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا اور یہاں بھی ملزم با اثر ہی معلوم ہوتے تھے اور وی آئی پی موومنٹ ہی تھی جس دوران شہری پر تشدد کیا گیا اور وی آئی پی موومنٹ کے دوران دہشت پھیلانے والوں کو داخل حوالات کرنا بھی لاہور پولیس کا بڑا کارنامہ ہے اور سرعام بدمعاشی کرنے والے گارڈز کی گرفتاری سے اہلیان لاہور میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور اہل لاہور پولیس کے افسران و جوانوں کو مبارکباد پیش کرتے نظر آ رہے ہیں اور تمام اہلیان لاہور کی طرح ہماری بھی یہی دعا ہے کہ لاہور ہی نہیں بلکہ پاکستان بھر کی پولیس جو ہے وہ ملزمان کے خلاف کارروائیاں کرتی رہے اور عوام کو چین و سکون کی نیند فراہم کرتی رہے تو فی الحال اجازت چاہتا ہوں، دوستوں ملتے ہیں جلد آپ سے بریک کے بعد تو چلتے چلتے اللہ نگہبان۔

پہلا ٹی 20، پاکستان نے مایوس کن کھیل پیش کیا

پاکستان کرکٹ ٹیم کی کارکردگی میں بہتری آنے کے بجائے مزید خرابی آ رہی ہے جس کا واضح ثبوت نیوزی لینڈ سے پانچ میچوں کی ٹی ٹونٹی سیریز کے پہلے میچ میں قومی ٹیم کا ناقص ترین کھیل ہے کیوی سرزمین پر پاکستان ٹیم نے اپنا سب سے کم سکور 92 بنایا جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ٹیم کیسی تیاری کر کے نیوزی لینڈ گئی ہے اس سے قبل چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان کی ٹیم ابتدا ہی میں ایونٹ سے باہر ہو گئی تھی اس کے باوجود ٹیم کے خلاف کسی قسم کی کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی بس کھلاڑیوں کو ٹی ٹونٹی سے ون ڈے اور ون ڈے سے ٹی ٹونٹی ٹیم میں شامل کر دیا گیا نہ چیمپئنز ٹرافی کے لئے میرٹ پر ٹیم کا انتخاب کیا گیا اور نہ ہی اب نیوزی لینڈ سے سیریز کے لئے بہترین ٹیم منتخب کی گئی جس کا نتیجہ شکست کی صورت میں سامنے آ گیا ہے پاکستان کی ٹیم بھرپور محنت کے بعد سیریز کھیلنے کے لئے گئی لیکن افسوس کی بات ہے کہ محنت نظر نہیں آئی کیونکہ ٹیم کھیل کے تینوں شعبوں میں ہی ناکام نظر آئی ٹیم میں شامل بیٹرز ناکام ثابت ہوئے اور کیوی سرزمین پر پریشر میں کھیلتے نظر آئے اسی طرح سے فیلڈنگ اور بالنگ کے شعبے میں بھی ٹیم مکمل ناکام نظر آئی ٹیم کی کارکردگی دیکھ کر کہا جا سکتا ہے کہ ٹیم نیوزی لینڈ سے سیریز کیا ایک بھی میچ جیتتی ہوئی نظر نہیں آتی ٹیم منیجمنٹ کو کارکردگی کا نوٹس لینے کی ضرورت ہے چیئرمین پی سی بی کو بھی ٹیم کی مسلسل ناقص کارکردگی پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ورنہ ٹیم ایسے ہی ناقص کھیل پیش کرتی رہے گی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کی کارکردگی میں بہتری آنے کے بجائے مزید خرابی آ رہی ہے جس کا واضح ثبوت نیوزی لینڈ سے پانچ میچوں کی ٹی ٹونٹی سیریز کے پہلے میچ میں قومی ٹیم کا ناقص ترین کھیل ہے کیوی سرزمین پر پاکستان ٹیم نے اپنا سب سے کم سکور 92 بنایا جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ٹیم کیسی تیاری کر کے نیوزی لینڈ گئی ہے اس سے قبل چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان کی ٹیم ابتدا ہی میں ایونٹ سے باہر ہو گئی تھی اس کے باوجود ٹیم کے خلاف کسی قسم کی کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی بس کھلاڑیوں کو ٹی ٹونٹی سے ون ڈے اور ون ڈے سے ٹی ٹونٹی ٹیم میں شامل کر دیا گیا نہ چیمپئنز ٹرافی کے لئے میرٹ پر ٹیم کا انتخاب کیا گیا اور نہ

افضل افتخار
afzaliftikhar@gmail.com

ہی اب نیوزی لینڈ سے سیریز کے لئے بہترین ٹیم منتخب کی گئی جس کا نتیجہ شکست کی صورت میں سامنے آ گیا ہے پاکستان کی ٹیم بھرپور محنت کے بعد سیریز کھیلنے کے لئے گئی لیکن افسوس کی بات ہے کہ محنت نظر نہیں آئی کیونکہ ٹیم کھیل کے تینوں شعبوں میں ہی ناکام نظر آئی ٹیم میں شامل بیٹرز ناکام ثابت ہوئے اور کیوی سرزمین پر پریشر میں کھیلتے نظر آئے اسی طرح سے فیلڈنگ اور بالنگ کے شعبے میں بھی ٹیم مکمل ناکام نظر آئی ٹیم کی کارکردگی دیکھ کر کہا جا سکتا ہے کہ ٹیم نیوزی لینڈ سے سیریز کیا ایک بھی میچ جیتتی ہوئی نظر نہیں آتی ٹیم منیجمنٹ کو کارکردگی کا نوٹس لینے کی ضرورت ہے چیئرمین پی سی بی کو بھی ٹیم کی مسلسل ناقص کارکردگی پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ورنہ ٹیم ایسے ہی ناقص کھیل پیش کرتی رہے گی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کی کارکردگی میں بہتری آنے کے بجائے مزید خرابی آ رہی ہے جس کا واضح ثبوت نیوزی لینڈ سے پانچ میچوں کی ٹی ٹونٹی سیریز کے پہلے میچ میں قومی ٹیم کا ناقص ترین کھیل ہے کیوی سرزمین پر پاکستان ٹیم نے اپنا سب سے کم سکور 92 بنایا جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ٹیم کیسی تیاری کر کے نیوزی لینڈ گئی ہے اس سے قبل چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان کی ٹیم ابتدا ہی میں ایونٹ سے باہر ہو گئی تھی اس کے باوجود ٹیم کے خلاف کسی قسم کی کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی بس کھلاڑیوں کو ٹی ٹونٹی سے ون ڈے اور ون ڈے سے ٹی ٹونٹی ٹیم میں شامل کر دیا گیا نہ چیمپئنز ٹرافی کے لئے میرٹ پر ٹیم کا انتخاب کیا گیا اور نہ ہی اب نیوزی لینڈ سے سیریز کے لئے بہترین ٹیم منتخب کی گئی جس کا نتیجہ شکست کی صورت میں سامنے آ گیا ہے پاکستان کی ٹیم بھرپور محنت کے بعد سیریز کھیلنے کے لئے گئی لیکن افسوس کی بات ہے کہ محنت نظر نہیں آئی کیونکہ ٹیم کھیل کے تینوں شعبوں میں ہی ناکام نظر آئی ٹیم میں شامل بیٹرز ناکام ثابت ہوئے اور کیوی سرزمین پر پریشر میں کھیلتے نظر آئے اسی طرح سے فیلڈنگ اور بالنگ کے شعبے میں بھی ٹیم مکمل ناکام نظر آئی ٹیم کی کارکردگی دیکھ کر کہا جا سکتا ہے کہ ٹیم نیوزی لینڈ سے سیریز کیا ایک بھی میچ جیتتی ہوئی نظر نہیں آتی ٹیم منیجمنٹ کو کارکردگی کا نوٹس لینے کی ضرورت ہے چیئرمین پی سی بی کو بھی ٹیم کی مسلسل ناقص کارکردگی پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ورنہ ٹیم ایسے ہی ناقص کھیل پیش کرتی رہے گی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کی کارکردگی میں بہتری آنے کے بجائے مزید خرابی آ رہی ہے جس کا واضح ثبوت نیوزی لینڈ سے پانچ میچوں کی ٹی ٹونٹی سیریز کے پہلے میچ میں قومی ٹیم کا ناقص ترین کھیل ہے کیوی سرزمین پر پاکستان ٹیم نے اپنا سب سے کم سکور 92 بنایا جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ٹیم کیسی تیاری کر کے نیوزی لینڈ گئی ہے اس سے قبل چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان کی ٹیم ابتدا ہی میں ایونٹ سے باہر ہو گئی تھی اس کے باوجود ٹیم کے خلاف کسی قسم کی کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی بس کھلاڑیوں کو ٹی ٹونٹی سے ون ڈے اور ون ڈے سے ٹی ٹونٹی ٹیم میں شامل کر دیا گیا نہ چیمپئنز ٹرافی کے لئے میرٹ پر ٹیم کا انتخاب کیا گیا اور نہ ہی اب نیوزی لینڈ سے سیریز کے لئے بہترین ٹیم منتخب کی گئی جس کا نتیجہ شکست کی صورت میں سامنے آ گیا ہے پاکستان کی ٹیم بھرپور محنت کے بعد سیریز کھیلنے کے لئے گئی لیکن افسوس کی بات ہے کہ محنت نظر نہیں آئی کیونکہ ٹیم کھیل کے تینوں شعبوں میں ہی ناکام نظر آئی ٹیم میں شامل بیٹرز ناکام ثابت ہوئے اور کیوی سرزمین پر پریشر میں کھیلتے نظر آئے اسی طرح سے فیلڈنگ اور بالنگ کے شعبے میں بھی ٹیم مکمل ناکام نظر آئی ٹیم کی کارکردگی دیکھ کر کہا جا سکتا ہے کہ ٹیم نیوزی لینڈ سے سیریز کیا ایک بھی میچ جیتتی ہوئی نظر نہیں آتی ٹیم منیجمنٹ کو کارکردگی کا نوٹس لینے کی ضرورت ہے چیئرمین پی سی بی کو بھی ٹیم کی مسلسل ناقص کارکردگی پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ورنہ ٹیم ایسے ہی ناقص کھیل پیش کرتی رہے گی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کی کارکردگی میں بہتری آنے کے بجائے مزید خرابی آ رہی ہے جس کا واضح ثبوت نیوزی لینڈ سے پانچ میچوں کی ٹی ٹونٹی سیریز کے پہلے میچ میں قومی ٹیم کا ناقص ترین کھیل ہے کیوی سرزمین پر پاکستان ٹیم نے اپنا سب سے کم سکور 92 بنایا جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ٹیم کیسی تیاری کر کے نیوزی لینڈ گئی ہے اس سے قبل چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان کی ٹیم ابتدا ہی میں ایونٹ سے باہر ہو گئی تھی اس کے باوجود ٹیم کے خلاف کسی قسم کی کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی بس کھلاڑیوں کو ٹی ٹونٹی سے ون ڈے اور ون ڈے سے ٹی ٹونٹی ٹیم میں شامل کر دیا گیا نہ چیمپئنز ٹرافی کے لئے میرٹ پر ٹیم کا انتخاب کیا گیا اور نہ ہی اب نیوزی لینڈ سے سیریز کے لئے بہترین ٹیم منتخب کی گئی۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN

ممکنہ روسی حملہ، یورپی ممالک کا جنگ کیلئے لازمی فوجی سروس کی بحالی پر غور

روسی فوج آج فروری 2024 کے مقابلے میں بہت بڑی اور بہتر ہوگئی ہے، الیگزنڈر برلکوف

برسلز (این این آئی) یورپی ممالک ممکنہ روسی حملے کے خلاف اپنی فوجی طاقت میں اضافے کے لیے لازمی فوجی سروس کی بحالی پر غور کر رہے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ہائیڈلبرگ یونیورسٹی کے انسٹی ٹیوٹ آف پولیٹیکل سائنس کے ریسرچر الیگزنڈر برلکوف نے کہا کہ روسی فوج آج فروری 2024 کے مقابلے میں بہت بڑی اور بہتر ہوگئی ہے، روسیوں کے بالٹک ریاستوں اور یورپی یونین کے مشرقی ممالک کے خلاف جارحانہ عزائم ہیں۔ برسلز سے تعلق رکھنے والے بریگل تھنک ٹینک کے لیے ایک تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ روس کے ممکنہ حملے کو روکنے کے لیے یورپ کو 3 لاکھ اضافی فوجی درکار ہوں گے۔ یوگو نامی سروے کے مطابق فرانس میں 68 فیصد اور جرمنی میں 58 فیصد اکثریت نوجوانوں کے لیے لازمی فوجی خدمات کی حمایت کرتی ہے، جبکہ برطانیہ، اٹلی اور اسپین میں اس حوالے سے رائے تقسیم ہے۔ بیشتر یورپی ممالک نے لازمی فوجی سروس کے حوالے سے قوانین ختم کر دیے تھے تاہم یونان، قبرص، آسٹریا، سوئٹزرلینڈ، ڈنمارک، اسٹونیا، فن لینڈ، ناروے اور ترکیہ میں لازمی فوجی سروس ابھی بھی برقرار ہے۔ پولینڈ نے 2008 میں فوجی بھرتی کو ختم کر دیا تھا، تاہم اس نے 2027 میں 1 لاکھ شہریوں کو فوجی تربیت فراہم کرنے کے منصوبے کا

9 ماہ سے خلا میں پھنسے خلابازوں کا واپسی کا سفر شروع، تاریخ بھی سامنے آگئی

نیویارک (این این آئی) ناسا نے تصدیق کی ہے کہ گزشتہ برس جون سے خلا میں پھنسے ہوئے خلا بازوں کو ریسکیو کر لیا گیا ہے، اب ان کی واپسی کا سفر شروع ہوگیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسپیس ایکس کا ڈریگن کیپسول جو ناسا کے کریو 10 - مشن کو انجام دے رہا ہے، 15 مارچ کو لانچ ہونے کے بعد 29 گھنٹوں کا سفر مکمل کر کے گزشتہ روز پاکستانی وقت کے مطابق صبح 9 بجے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن (آئی ایس ایس) پہنچ گیا ہے۔ ناسا کے کریو 10- مشن کے تحت 4 خلابازوں کو آئی ایس ایس بھیجا گیا ہے جو خلا میں پھنسے 58 سالہ سنیتا ولیمز اور 62 سالہ بوچ ولمور کو بحفاظت واپس زمین پر لائیں گے۔ کریو 10- مشن کے تحت جن 4 خلا بازوں کو آئی ایس ایس بھیجا گیا ہے ان میں ناسا کے این میک کلین اور نکول آئرس، جاپان کے تاکویا اونیشی اور روس کے کریل پیسکوف شامل ہیں۔ ناسا نے تصدیق کی ہے کہ اسپیس ایکس کا ڈریگن کیپسول خلا میں پھنسے ہوئے خلا بازوں سنیتا ولیمز اور بوچ ولمور کو 19 مارچ کو زمین پر واپس لے کر آئے گا، جو اسٹار لائنر خلائی جہاز میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے گزشتہ ساڑھے 9 ماہ سے خلا میں پھنسے ہوئے ہیں۔ 9 ماہ سے خلا میں پھنسے خلابازوں کا واپسی کا سفر شروع، تاریخ بھی سامنے آگئی

حوثیوں کی فوجی کارروائیاں بند ہونے تک آپریشن جاری رکھیں گے، امریکہ

فضائی حملوں میں دراصل متعدد حوثی رہنماؤں کو نشانہ بنایا اور ہلاک کیا گیا، مائیکل والٹز

واشنگٹن (این این آئی) وائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ امریکی حملوں میں یمن میں متعدد حوثی رہنما مارے گئے ہیں۔ اس سے ایران کو انتباہ جاری کیا گیا ہے وہ بحیرہ احمر میں اس گروپ کی حمایت اور بحری جہازوں پر حملے بند کرے۔ قومی سلامتی کے مشیر مائیکل والٹز نے امریکی ٹی وی کو بتایا کہ ہفتے کے روز ہونے والے فضائی حملوں میں دراصل متعدد حوثی رہنماؤں کو نشانہ بنایا اور ہلاک کیا گیا۔ انہوں نے ایک اور بیان میں کہا کہ ہم نے انہیں زبردست طاقت سے نشانہ بنایا۔ ہم نے ایران کو خبردار کیا کہ بہت ہو چکا ہے۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا کہ یمن پر امریکی حملے اس وقت تک جاری رہیں گے جب تک کہ حوثی عالمی جہاز رانی اور امریکی بحری ٹریفک پر حملہ کرنے کی صلاحیت سے محروم ہو جائیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ یمن میں امریکی زمینی آپریشن شروع کرنے کی کوئی بات نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں نہیں سمجھتا کہ اس وقت اس کی کوئی ضرورت ہے۔ روبیو نے کہا کہ حوثیوں کے لیے ایرانی حمایت کے بغیر عالمی جہاز رانی پر حملہ کرنے کی صلاحیت حاصل کرنا ناممکن ہے۔ فضائی حملوں میں دراصل متعدد حوثی رہنماؤں کو نشانہ بنایا اور ہلاک کیا گیا، مائیکل والٹز؛ یمن پر امریکی حملے اس وقت تک جاری رہیں گے جب تک کہ حوثی عالمی جہاز رانی اور امریکی بحری ٹریفک پر حملہ کرنے کی صلاحیت سے محروم ہو جائیں۔

MINISTRY OF
FOREIGN AFFAIRS

اس تصویر میں ایک سکیورٹی اہلکار اسلام آباد میں واقع دفتر خارجہ کے باہر پہرہ دے رہا ہے (اے ایف پی)

شہزادہ محمد بن سلمان کا الجوف میں السعیدان مسجد کی بحالی کا منصوبہ

تاریخی بنیادوں پر تعمیر 620ھ میں تعمیر کی جانے والی شہر کی سب سے قدیم مسجد ہے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں تاریخی مساجد کی بحالی اور تعمیر نو کے شہزادہ محمد بن سلمان پروجیکٹ کے دوسرے مرحلے میں الجوف خطے کی مساجد کی حفاظت کو فروغ دینے کے ساتھ اور فنکارانہ، ڈیزائن اور معلوماتی اقدار کے امتزاج کے ذریعے انہیں نقصان اور بگاڑ سے بچانا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اردگرد کے حالات اور ممکنہ خطرات پر احتیاط سے غور کیا جانا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس ضمن میں السعیدان مسجد جو اس وقت الراجحین کے پڑوس میں زیر تعمیر ہے ایک اہم ترین تاریخی مسجد ہے۔ یہ مسجد قدیم تاریخی بنیادوں پر تعمیر کی گئی ہے اور یہ 620ھ میں تعمیر کی جانے والی شہر کی سب سے قدیم مسجد ہے۔ مسجد میں جمعہ اور پانچ وقت کی باجماعت نماز کے اہتمام کیساتھ اس سے ملحقہ ایک عدالت خانہ، جہاں تنازعات کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ یہ مسجد السعیدان گروپ کی طرف سے تعمیر کی گئی تھی۔ سعودی عرب شاہ عبدالعزیز بن عبدالرحمان کے دور میں عطا اللہ السعیدان کو الجوف میں امام اور قاضی مقرر کیا گیا تھا - یہ مسجد قرآن کریم کا ایک درس گاہ تھی، جس کے قرآنی حلقے دو شفٹوں میں کام کرتے تھے۔ یہ مسجد قدیم کنویں میں سے ایک کے قریب ہے جسے ابوالجبل کنواں کہا جاتا ہے، اس میں وضو کے لیے پانی کے راستے میں اترنے کے لیے استعمال ہونے والی ایک سیڑھی ہے۔

আছিয়া ধর্ষণসহ অব্যাহত খুন-ধর্ষণ-নিপীড়ন ঠেকাতে
স্বরাষ্ট্র উপদেষ্টা জাহাঙ্গীর আলমের অপসারণ এবং দ্রুত
ট্রাইবুনালে সকল ধর্ষণকাণ্ডের বিচারসহ ৯ দফা দাবিতে

بنگلہ دیش کے دارالحکومت ڈھاکہ میں خواتین سکول طالبہ کے ریپ اور قتل کے خلاف نو مارچ 2025 کو بانس کی لاٹھیاں اٹھائے ایک مظاہرے میں شریک ہیں (منیر الزماں/اے ایف پی)

اسٹیل اور ایلومینیم پر عائد 25 فیصد ٹیرف میں کسی ملک کو کوئی استثنیٰ نہیں دیا جائے گا، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے واضح کر دیا کہ اسٹیل اور ایلومینیم پر عائد 25 فیصد ٹیرف میں کسی ملک کو کوئی استثنیٰ نہیں دیا جائے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ امریکی تجارتی شراکت داروں پر جوابی اور مخصوص شعبوں کے ٹیرف عائد کیے جائیں گے، جس میں گاڑیوں، اسٹیل اور ایلومینیم پر مزید مصنوعات شامل ہوں گے۔ امریکی صدر نے یہ بھی کہا کہ 2 اپریل سے اضافی مصنوعات بھی لاگو کیے جائیں گے۔ اس سے قبل ٹرمپ نے کہا تھا کہ دوست اور مخالف دونوں ممالک پر برابر جوابی ٹیرف لاگو کیے جائیں گے۔ اسٹیل اور ایلومینیم پر عائد 25 فیصد ٹیرف میں کسی ملک کو کوئی استثنیٰ نہیں دیا جائے گا، ٹرمپ دوست اور مخالف دونوں ممالک پر برابر جوابی ٹیرف لاگو کیے جائیں گے

صدر ٹرمپ اور طیب اردوآن کا فون پر رابطہ، یوکرین اور شام پر تبادلہ خیال

دونوں رہنماؤں نے روس اور یوکرین کی جنگ روکنے کے لیے کوششوں پر بات چیت کی

انقرہ (این این آئی) ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوآن کی امریکی صدر ٹرمپ کے ساتھ فون پر گفتگو ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں رہنماؤں نے روس اور یوکرین کی جنگ روکنے کے لیے کوششوں پر بات چیت کی ہے۔ تاکہ خطے میں استحکام آسکے۔ علاوہ ازیں شام سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس امر کا اظہار اتوار کے روز صدر ترکیہ کے دفتر سے جاری کیے گئے ایک بیان میں کیا گیا ہے۔ صدر اردوآن نے نے فون کے بعد جاری کیے گئے بیان میں کہا انہوں نے صدر ٹرمپ کے یوکرین جنگ کے خاتمے کے لیے فیصلہ کن اور براہ راست 'انیشیٹوز' کی تائید کی ہے۔ ترکیہ بھی ایک منصفانہ اور پائیدار امن کے لیے کوششیں جاری رکھے گا۔ طیب اردوآن نے اس موقع پر شام پر عاید پابندیوں کے خاتمے اور استحکام کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر بھی زور دیا ہے۔ تاکہ شام کی نئی حکومت پوری طرح فعال ہو سکے اور حالات کو معمول پر لا سکے۔ ترکیہ کو یہ بھی توقع ہے کہ امریکہ دہشت گردی کے خلاف اقدامات کرے گا اور ترکیہ کے مفادات کو خیال میں رکھے گا۔ صدر ترکیہ نے کہا 'یہ ضروری ہے ترکیہ کے خلاف عاید پابندیاں ختم کی جائیں تاکہ امریکہ اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون بڑھانے کے لیے ایف 16 طیاروں کی خریداری کا پراسس مکمل ہو سکے۔ نیز ترکیہ کے لیے ایف 35 پروگرام میں اس کی دوبارہ شرکت ضروری ہے۔ امریکہ نے ماضی میں ترکیہ کی طرف سے روسی S-400 فضائی دفاعی نظام کی خریداری کے باعث ترکیہ پر 2019 میں پابندیاں لگادی تھیں کہ جن کے نتیجے میں F-35 لڑاکا جیٹ پروگرام سے محروم ہو گیا۔ دونوں رہنماؤں نے روس اور یوکرین کی جنگ روکنے کے لیے کوششوں پر بات چیت کی

نیتن یاہو کا داخلی سیکورٹی کے ادارے کا سربراہ برطرف کرنے کا فیصلہ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا ہے کہ انھوں نے داخلی امن کے ادارے شاباک (شین بیت) کے سربراہ کو آگاہ کر دیا ہے کہ وہ حکومت سے انھیں برطرف کرنے کی درخواست کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جاری بیان میں نیتن یاہو کا کہنا تھا کہ عدم اعتماد کا سلسلہ جاری رہنے کے سبب میں نے فیصلہ کیا ہے کہ حکومت کو تجویز پیش کروں کہ وہ شاباک کے سربراہ رونین بار کو ان کی ذمے داریوں سے سبک دوش کر دیں۔ نیتن یاہو کا مزید کہنا تھا کہ وزیر اعظم اور شین بیت کے سربراہ کے درمیان ہر وقت اعتماد قائم رہنا چاہیے بالخصوص اس طرح کی جنگ کے دوران میں ... تاہم افسوس کی بات ہے کہ صورت حال اس کے برعکس ہے، اس حوالے سے میرا اعتماد باقی نہیں رہا۔ نیتن یاہو کا داخلی سیکورٹی کے ادارے کا سربراہ برطرف کرنے کا فیصلہ

غزنی سے تقریباً 56 کلومیٹر جنوب مغرب میں قرہ باغ ضلع کے لنگر گاؤں کے ایک سکول میں 12 ویں جماعت کی طالبات زیر تعلیم ہیں (ہمیکر ریتال/اے ایف پی)

غزہ کی تعمیر نو کے منصوبے کے حوالے سے مصر اور امریکہ کی بات چیت

قاہرہ (این این آئی) مصری اور امریکی ذمے داران کے بیچ غزہ کی تعمیر نو کے منصوبے کے حوالے سے وسیع پیمانے پر بات چیت جاری ہے۔ عرب ٹی وی نے بتایا کہ ذرائع کے مطابق واشنگٹن دو طرفہ اجلاسوں کے بعد تعمیر نو کے منصوبے میں چند نکات کے اضافے کا ارادہ رکھتا ہے۔ ذرائع نے واضح کیا کہ واشنگٹن نے ان ناموں کی تفصیل طلب کی ہے جو مستقبل میں غزہ کی پٹی کو چلائیں گے۔ ساتھ زور دیا گیا ہے کہ وہ اس حوالے سے حماس سے متعلق کوئی بھی نام دور رکھا جائے۔ ذرائع نے بتایا کہ جانبین کے بیچ بات چیت کے بعد امریکہ رواں ماہ کے آخر میں مصری منصوبے پر مکمل تفصیل پیش کرے گا۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کے دفتر کے مطابق ایک

شمالی غزہ کی پٹی میں بیت لاہیا کے علاقے میں منہدم عمارتوں کے درمیان سے لوگ گزر رہے ہیں (بشار طالب/اے ایف پی)



ایڈیلیڈ میں میچ کے دوران کرکٹر 40 سالہ جنید ظفر خان کا انتقال

جنید ظفر خان کونکورڈیا کالج اوول میں کھیلے جانے والے میچ کے دوران گرے اور اٹھ نہ سکے

ایڈیلیڈ (این این آئی) آسٹریلیا کے شہر ایڈیلیڈ میں مقامی کلب کرکٹر جنید ظفر خان کرکٹ میچ کے دوران چل بسے۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق میچ ہیٹ ویو کے دوران کھیلا جا رہا تھا، 40 سالہ جنید ظفر خان کونکورڈیا کالج اوول میں کھیلے جانے والے میچ کے دوران گرے اور اٹھ نہ سکے۔ میچ کے وقت درجہ حرارت 41.7 ڈگری سنٹی گریڈ تھا، اولڈ کونکورڈیا کرکٹ کلب کے کھلاڑی نے پہلے 40 اوورز فیلڈنگ کی پھر 7 اوورز بیٹنگ کی تھی۔ گراؤنڈ میں گرتے ہی ایمبولینس کو طلب کیا گیا جس کے بعد طبی عملے نے سی پی آر کیا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکے۔ آسٹریلوی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کے دوست نے کہا کہ جنید ظفر خان روزے رکھ رہے تھے لیکن میچ کے دن وہ پانی پیتے دکھائی دیے۔ کرکٹ کلب نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ کلب کے کھلاڑی انتقال پر بہت افسردہ ہیں، پیرا میڈکس نے بہترین کوشش کی لیکن افسوس کہ وہ جانبر نہ ہو سکے۔ ایڈیلیڈ ٹرف کرکٹ ایسوسی ایشن کے قوانین کے مطابق اگر درجہ حرارت 42 سینٹی گریڈ سے اوپر ہو تو میچ منسوخ کر دیا جاتا ہے۔

روسی ٹینس کھلاڑی میرا اینڈریوا نے انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا

کیلیفورنیا (این این آئی) روس کی ٹین ایجر ٹینس کھلاڑی میرا اینڈریوا نے انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا۔ 17 سالہ روسی ٹینس کھلاڑی نے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں بیلاروس کی عالمی نمبر ایک ٹینس اسٹار آرینا سبالینکا کو شکست دی۔ انڈین ویلز کے دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے امریکی ریاست کیلیفورنیا میں جاری ہیں۔ پیر کو خواتین کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں روس کی ٹین ایجر ٹینس کھلاڑی میرا اینڈریوا نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے بیلا روس کی ٹاپ سیڈڈ آرینا سبالینکا کو پہلے سیٹ میں 6-2 کی شکست کے باوجود اگلے دونوں سٹریٹ سیٹس میں 4-6 اور 3-6 سے ہرا کر نہ صرف ٹورنامنٹ جیت لیا بلکہ اپنے کیریئر کا تیسرا ڈبلیو ٹی اے ویمنز سنگلز کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ فروری کے آخر میں دبئی میں فتح کے بعد یہ اس کا لگاتار دوسرا ٹائٹل ہے۔ میرا اینڈریوا اس سطح پر ڈبلیو ٹی اے کی تاریخ کی سب سے کم عمر چیمپئن ہیں جنہوں نے انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیتا ہے۔

نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ: فیصل آباد اور کراچی وائٹس کی کامیابی

ملتان/فیصل آباد 16 مارچ۔ نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں فیصل آباد نے حیدر آباد کو 62 رنز سے شکست دے دی

INVEREX
National T20
PLAYER OF THE MATCH
PKR 25,000

فیصل آباد: (سٹاف رپورٹر) نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ: فیصل آباد اور کراچی وائٹس کی کامیابی: ملتان/فیصل آباد 16 مارچ۔ نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں فیصل آباد نے حیدر آباد کو 62 رنز سے شکست دے دی۔ کراچی وائٹس نے ڈیرہ مراد جمالی کے خلاف میچ 6 وکٹوں سے جیت لیا۔ ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں حیدر آباد نے ٹاس جیت کر فیصل آباد کو پہلے بیٹنگ دی جس نے 20 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 199 رنز بنائے۔ آصف علی نے 5 چھکوں اور 3 چوکوں کی مدد سے 60 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے۔ محمد فیضان نے 3 چھکوں اور 7 چوکوں کی مدد سے 57 رنز اسکور کیے۔ نعمان علی نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں حیدر آباد کی ٹیم 20 اوورز میں 8 وکٹوں پر 137 رنز بنا سکی۔ شرجیل خان 32 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ شہزاد گل - ابتسام الرحمٰن اور اویس ظفر نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں ڈیرہ مراد جمالی کی ٹیم 7 وکٹوں پر 132 رنز بنا سکی۔ ثاقب خان نے 23 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ کراچی وائٹس نے 18 ویں اوور میں 4 وکٹوں پر مطلوبہ اسکور پورا کر لیا۔ خرم منظور نے سات چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 42 رنز بنائے۔ شان مسعود نے 38 رنز اسکور کیے جس میں دو چوکے اور چار چھکے شامل تھے۔ ثاقب خان پلیئر آف دی میچ رہے۔

ایاز الرحمٰن نے رمضان ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ جیت لی

فیضان اور سلیم بیگ بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے، کیش ایوارڈ اور ٹرافیاں تقسیم

اسلام آباد (این این آئی) ایاز الرحمٰن نے رمضان ٹین پن باؤلنگ چیمپئن شپ جیت لی جبکہ فیضان اور سلیم بیگ بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے۔ پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمٰن اور سیکرٹری جنرل محمد حسین چٹھہ نے کیش ایوارڈ اور ٹرافیاں تقسیم کی۔ گزشتہ شب لیزر سٹی باؤلنگ کلب صفا گولڈ مال، ایف سیون مرکز، اسلام آباد میں کھیلی چیمپئن شپ میں ایاز الرحمٰن نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے اپنے سینئرز کو شکست دے کر 379 پوائنٹس کے ساتھ چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا جبکہ فیضان 341 پوائنٹس کے ساتھ اور سلیم بیگ 301 پوائنٹس کے ساتھ بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے۔ اپنے خطاب میں، صدر اعجاز الرحمان نے کہا، "پاکستان میں بولنگ کا کھیل بہت مقبولیت حاصل کر رہا ہے، اور ہم اس کھیل کو ملک بھر میں فروغ دینے کے لیے پرعزم ہیں۔" انہوں نے وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے درخواست کی کہ وہ آئی پی سی کی وزارت کو ہدایت کریں کہ وہ ایک جگہ مختص کرے جسے پاکستان سپورٹس بورڈ کی ایگزیکٹو کمیٹی نے بین الاقوامی باؤلنگ کلب بنانے کے لئے منظور کیا ہوا ہے۔ اس سے پاکستان ورلڈ کپ چیمپئن شپ کی میزبانی کر سکے گا، جس میں 100 سے زائد ممالک کے باؤلرز حصہ لے سکتے ہیں۔

حقیقی طور پر آزاد محسوس کر رہے ہیں، 200 میٹر کی تیز ترین دوڑ والے آسٹریلوی نوجوان کی گفتگو

سڈنی (این این آئی) 17 سالہ آسٹریلوی سپرنٹر گاؤٹ نے اس سال دنیا میں مردوں کی 200 میٹر کی تیز ترین دوڑ لگائی اور کہا ہے کہ وہ 'حقیقی طور پر آزاد' محسوس کر رہے ہیں۔ فرانسیسی نیوز ایجنسی اے ایف پی کے مطابق یہ نوجوان دسمبر میں اس وقت نمایاں ہوا جب اس نے 16 سال کی عمر میں اب تک کی تیز ترین دوڑ لگائی۔ اس نے 20.04 سیکنڈز میں اسی عمر میں یوسین بولٹ کے ریکارڈ کو توڑ دیا، اور پیٹر نارمن کے 1968 کے اولمپکس کے 20.06 کے آسٹریلیائی ریکارڈ کو بھی توڑا۔ گاؤٹ نے اتوار کو کوئنز لینڈ سٹیٹ چیمپئن شپ میں 20.05 کے ساتھ رواں برس تیز ترین دوڑ کا ریکارڈ بنایا۔ اس کے بعد گاؤٹ نے فائنل میں 19.98 سیکنڈز میں 200 میٹر کا فاصلہ طے کیا لیکن اسے غیر قانونی سمجھا گیا۔ انہوں نے فائنل کے بارے میں کہا کہ 'میں نے حقیقی طور پر آزاد محسوس کیا۔ گھڑی کو دیکھ کر میں ایک طرح سے بہت خوش اور حیران تھا۔

نیوزی لینڈ کے خلاف پہلے ٹی 20 انٹرنیشنل میچ میں پاکستان کی جانب سے تین کھلاڑیوں نے ڈیبیو کیا

کرائسٹ چرچ (این این آئی) نیوزی لینڈ کے خلاف پہلے ٹی 20 انٹرنیشنل میچ میں پاکستان کی جانب سے تین کھلاڑیوں نے ڈیبیو کیا مگر بدقسمتی سے کوئی کھلاڑی بھی اس اہم موقع کو تاریخی بنانے میں ناکام رہا اور تینوں بری طرح ناکام ہوگئے۔ ڈیبیو کرنے والے کھلاڑیوں میں اوپنر حسن نواز، مڈل آرڈر بیٹر عبدالصمد اور فاسٹ باؤلر محمد علی شامل ہیں۔ پاکستان ٹیم مینجمنٹ کی جانب سے تینوں کھلاڑیوں کو ڈیبیو کیپس دی گئی۔ بیٹنگ کوچ محمد یوسف نے عبدالصمد، ہیڈ کوچ عاقب جاوید نے محمد علی اور شاداب خان نے حسن نواز کو ڈیبیو کیپ دیں۔

ورون چکرورتی نے ٹیسٹ کرکٹ میں عدم دلچسپی کی وجہ بتادی

کراچی (این این آئی) بھارتی اسپنر ورون چکرورتی نے اپنے اسٹائل کو ٹیسٹ کرکٹ کے لیے ناموزوں قرار دے دیا۔ انہوں نے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا کہ ٹیسٹ کرکٹ میں تواتر سے 20 سے 30 اوورز کرانا ہوتے ہیں اور میں ایسا نہیں کر پاؤں گا، میں زیادہ سے زیادہ 10 سے 15 اوورز کروا سکتا ہوں۔ ورون چکرورتی نے کہا کہ اگرچہ مجھے ٹیسٹ کرکٹ میں بھی دلچسپی ہے لیکن میرا بولنگ کا انداز اس فارمیٹ کے لیے موزوں نہیں ہے، میں تقریباً میڈیم پیس پسند کرتا ہوں۔ واضح رہے کہ انہوں نے حالیہ چیمپئنز ٹرافی کی بھارتی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا تھا اور ایونٹ میں 9 وکٹیں لے کر مشترکہ طور پر کامیاب ترین بولر کا اعزاز پایا تھا۔

TCL
PEPSI
PAKISTAN

پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی ٹیم 16 مارچ 2025 کو سلمان علی آغا کی قیادت میں نیوزی لینڈ کے خلاف کرائسٹ چرچ کے میدان میں اتری (اے ایف پی)

اے ٹی پی انڈین ویلز اوپن ٹینس، انگلینڈ کے جیک الیگزینڈر ڈریپر نے مینز سنگلز ٹائٹل جیت لیا

حریف ڈنمارک کے ٹینس اسٹار ہولگر رونے کو سٹریٹ سیٹس میں 2-6 اور 2-6 سے مات دے دی

کیلیفورنیا (این این آئی) انگلینڈ کے نامور ٹینس اسٹار جیک الیگزینڈر ڈریپر نے اپنی فتوحات کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے اے ٹی پی انڈین ویلز اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا۔ 23 سالہ برطانوی ٹینس کھلاڑی جیک الیگزینڈر ڈریپر نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں ڈنمارک کے ٹینس اسٹار ہولگر رونے کو شکست دے کر اپنے کیریئر کا سب سے بڑا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ امریکا کی مشہور ریاست کیلیفورنیا کے انڈین ویلز ٹینس گارڈن میں جاری اے ٹی پی ایونٹ میں سنسنی خیز مقابلے جاری ہیں۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں انگلینڈ کے ٹینس کھلاڑی جیک الیگزینڈر ڈریپر انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حریف ڈنمارک کے ٹینس اسٹار ہولگر رونے کو سٹریٹ سیٹس میں 2-6 اور 2-6 سے مات دے کر اپنے کیریئر کا سب سے بڑا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔

Tim Hortons

16 مارچ کی شب ڈیٹرائٹ کے لٹل سیزرز ایرینا میں ہونے والا یہ میچ نیویارک سائرنز نے جیتا (اے ایف پی)

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

تھانہ صدر حافظ آباد پولیس نے اندھے قتل کا ملزم گرفتار کرلیا

تھانہ صدر حافظ آباد پولیس کو علی الصبح 15 پر کال موصول ہوئی کہ ایک نوجوان کی نعش مدھریانوالہ روڈ نزد ظہور آرچرڈ پڑی ہوئی ہے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) تھانہ صدر حافظ آباد پولیس نے اندھے قتل کا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر حافظ آباد پولیس کو علی الصبح 15 پر کال موصول ہوئی کہ ایک نوجوان کی نعش مدھریانوالہ روڈ نزد ظہور آرچرڈ پڑی ہوئی ہے جس پر پولیس نے فوری کاروائی کا آغاز کیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حافظ آباد عاطف نذیر نے ڈی ایس پی صدر سرکل کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دیتے ہوئے حکم دیا کہ ملزمان کو فوری ٹریس کیا جائے۔ ڈی ایس پی صدر سرکل نے اپنی سربراہی میں ایس ایچ او صدر حفیظ انجم اور ٹیم کے ہمراہ ملزم ثمر عباس ولد مزمل کو ٹیکنیکل طریقہ سے 8 گھنٹے کے اندر اندر نہ صرف ٹریس کیا، بلکہ ملزم کی گرفتاری بھی فوری عمل میں لائی۔ ڈی پی او حافظ آباد عاطف نذیر نے پوری ٹیم کو شاباش دی اور اس موقع پر کہا کہ جرائم کا سرزد ہونا بڑی بات نہیں، جرائم کو کامیابی سے ٹریس کرنا اصل مہارت ہے، جس پر حافظ آباد پولیس دن رات مصروف عمل ہے۔

انکروچمنٹ آپریشن وزیراعلیٰ مریم نواز کا بہتر اقدام ہے۔ اظہر حمید بھٹی

شہر میں ٹریفک ریگولیشن نظام بہتر ہوا ہے بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی

سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایات پر پنجاب کے دیگر اضلاع کیساتھ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کے طول و ارض میں انکروچمنٹ آپریشن کے نتائج مثبت رہے ہیں جس کے نتیجے میں اندرون شہر و سیالکوٹ کے داخلی خارجی راستوں میں ٹریفک ریگولیشن نظام بہتر ہوا ہے جو خوش آئند ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف ایکسپورٹر و سیاسی سماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی، ابوبکر بھٹی و عباد اظہر بھٹی آف سانز لے پرائیویٹ انٹرنیشنل نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عرصہ پچاس سال میں یہ پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا و کامیاب آپریشن ہے۔ جس میں معاشرے کے بہت سے بااثر و انتہائی طاقتور طبقے کی سفارشات رد کی گئیں اور ریاست کی رٹ برقرار رکھنے میں کوئی کوتاہی نہیں برتی گئی اور اس سب کا کریڈٹ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو جاتا ہے۔

ڈاکٹر حسین محی الدین کا نارنگ منڈی میں شاندار استقبال

رمضان المبارک کی ایک ایک ساعت قیمتی توبہ و استغفار کرنی چاہیے: حسین محی الدین

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) صدر منہاج القرآن صاحبزادہ ڈاکٹر حسین محی الدین قادری کا شکرگڑھ جاتے ہوئے نارنگ منڈی میں گجر چوک کے مقام پر پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا اس موقع پر خرم نثار قادری چوہدری نثار احمد گجر میاں شرافت علی شہباز علی قادری ساجد قادری میاں اسرار احمد ابوبکر قادری احسن بھٹی واجد سردار، فیاض احمد، و دیگر نے صدر منہاج القرآن انٹرنیشنل کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں شاندار آتش بازی کی گئی ڈاکٹر حسن محی الدین قادری نے ہاتھ لہرا کر کارکنان کے نعروں کا جواب دیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ان شاءاللہ اس دفعہ بھی منہاج القرآن سیکرٹریٹ میں بڑی تعداد میں عاشقان رسول اعتکاف کریں گے جہاں علم کے خزانے بانٹے جائیں گے رمضان المبارک بابرکت مہینہ ہے جس میں زیادہ سے زیادہ استغفار کرنا چاہیے۔

تھانہ صدر کی حدود سے شادی شدہ جواں سالہ لڑکی اغواء، پولیس نے مقدمہ درج کرلیا

قصور (بیورو رپورٹ) تھانہ صدر کی حدود سے شادی شدہ جواں سالہ لڑکی اغواء، پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔ تھانہ صدر قصور میں نور پور کے رہائشی محمد شفیق نے درخواست درج کروائی ہے کہ گزشتہ روز میری 27 سالہ بیوی (ص) بی بی گھر میں موجود تھی کہ ملزم رضا وہاں پر آیا اور میری بیوی کو میری غیر موجودگی میں زبردستی اغواء کر کے اپنے ساتھ لے گیا ہے۔ پولیس تھانہ صدر مصروف کاروائی ہے۔

تھانہ صدر کے علاقے میں لین دین کے تنازعہ پر ملزم نے پسٹل سے فائر مار کر ایک شخص کو زخمی کردیا، زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا

قصور (بیورو رپورٹ) تھانہ صدر کے علاقے میں لین دین کے تنازعہ پر ملزم نے پسٹل سے فائر مار کر ایک شخص کو زخمی کردیا، زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ تھانہ صدر قصور میں محسن نے مقدمہ درج کروایا ہے کہ ملزم ساجد اور صابی کے ساتھ دیرینہ لین دین کا تنازعہ تھا جس پر ملزم صابی نے 30 بور پسٹل سے فائر مار کر زخمی کردیا ہے، زخمی کو علاج کے لیے بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال قصور منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس تھانہ صدر مصروف کاروائی ہے۔

جرائم میں ملوث ملزمان کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن ×× ڈرگ فری پنجاب ×× محفوظ پنجاب کے تحت منشیات فروشوں، جرائم میں ملوث ملزمان کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس ٹیموں نے منشیات فروشوں سمیت 7 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ آرگنائزڈ کرائم یونٹ سے اے ایس آئی عرفان علی نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے کیٹیگری اے کے پانچ مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار مجرمان اشتہاری تھانہ کوٹ ساوا پولیس کو ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب تھے۔ ہیومن ریسورس اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا گیا۔ ایس ایچ او تھانہ لالیاں سب انسپکٹر اللہ دتہ نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے دو منشیات فروشوں ریاض اصغر کو گرفتار کرلیا۔ منشیات فروشوں کے قبضہ سے 1190 گرام چرس برآمد کرلی گئی۔ گرفتار ملزمان کیخلاف منشیات کی دفعات کے تحت مقدمات درج ہو چکے ہیں اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ اپنی نسلوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کیلئے ضلع بھر مکمل اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ منشیات کے مقدمات کی معیاری تفتیش کو یقینی بناتے ہوئے ملزمان کو سزائیں دلوائی جا رہی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ منشیات کے مکمل خاتمہ کے لیے عوامی تعاون بے حد ضروری ہے۔ آپ کے علاقہ میں منشیات فروشی کی صورت میں میرے نمبر 03237543444 پر اطلاع دیں۔

امن کمیٹی کے وفد کا سخاوت ڈگرا کی سرپرستی میں سستا رمضان سٹال کا دورہ

تاجر برادری نے اپنی مدد آپ کے تحت سستا رمضان سٹال لگا کر بہترین کام کیا: امن کمیٹی

انجمن تاجران کی جانب سے ڈاکٹر نعیم سیٹھ شاہد اور اعظم صابری امن کمیٹی میں شامل

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) امن کمیٹی کے وفد کا سرپرست اعلیٰ چوہدری سخاوت علی ڈگرا کی قیادت میں انجمن تاجران صدر بازار کی جانب سے لگائے جانے والے سستا رمضان سٹال کا دورہ بہترین اور قابل تعریف کام کرنے پر دوکانداروں کو خراج تحسین پیش کیا اس موقع پر سرپرست اعلیٰ چوہدری سخاوت علی ڈگرا صدر چوہدری صداقت علی ڈگرا شہباز احمد کڑھائی والے سہیل محمود بٹ عامر جمیل بٹ شمیم حیدر شاہ اور قاری الیاس شاہد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کے دور میں دوکانداروں کا اپنی مدد آپ کے تحت لگایا گیا سستا رمضان سٹال اچھا عمل ہے اس سے ماہ رمضان میں خریداروں کو بڑا ریلیف مل رہا ہے تاجر برادری کے اس عمل کو سراہتے ہیں امن کمیٹی اس حوالے سے ہر طرح کے تعاون کیلئے تیار ہے سرپرست اعلیٰ انجمن تاجران ڈاکٹر نعیم حمید صدر شاہد محمود اور جنرل سیکرٹری اعظم شفیق نے انجمن تاجران کی جانب سے امن کمیٹی کے وفد کا حوصلہ افزائی کے لئے شکریہ ادا کیا گیا اس موقع پر امن کمیٹی تھانہ نارنگ کی جانب سے انجمن تاجران کے سرپرست ڈاکٹر نعیم صدر شاہد محمود اور اعظم صابری کو امن کمیٹی میں بطور ممبر شامل کرنے کا اعلان بھی کیا گیا۔

ڈی پی او کی طرف سے عوامی خدمت کی تیز ترین سروس ڈیلیوری کا سلسلہ جاری

ساہیوال (مہر اے ڈی لیسم سپرا سے) ڈی پی او کی طرف سے عوامی خدمت کی تیز ترین سروس ڈیلیوری کا سلسلہ جاری، ماہ رمضان المبارک کے 1 دن میں 4 مقامات پر کھلی کچہریاں، عوام کی بھرپور شرکت، مسائل پر فوری قانونی کاروائی کے احکامات، شہریوں کا ڈی پی او کی کمانڈ میں ساہیوال پولیس کی کارکردگی پر اظہار اطمینان، تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او رانا طاہر رحمان کی طرف سے پولیس کے حوالے سے عوامی خدمت کی تیز ترین سروس ڈیلیوری کا سلسلہ جاری ہے، ڈی پی او کا ماہ رمضان المبارک میں ایک طرف معاشرتی امن کے قیام واستحکام پر مکمل فوکس ہے تو دوسری طرف انہوں نے رمضان المبارک کے 1 دن میں 4 مقامات پر کھلی کچہریاں لگائیں، یونین کونسل 77 فائیو آر، بلوچ ماری پل کھوڈاں، چک نمبر 58 جی ڈی اور موضع بھوانی میں منعقد ہونے والی کھلی کچہریوں میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف علی نے عرفان بٹ کو سکیورٹی برانچ کا انچارج تعینات کردیا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف علی نے عرفان بٹ کو سکیورٹی برانچ کا انچارج جبکہ شہاب اکرم کو ایس ایچ او سکھیکی تعینات کردیا ہے جس کے بعد عرفان بٹ نے بطور سیکورٹی آفیسر چارج سنبھال کر کام کرنا شروع کردیا ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ عرفان بٹ کا شمار پولیس کے نہایت ہی فرض شناس اور ایماندار افسران میں ہوتا ہے۔

پتوکی نامعلوم ملزمان 15 سالہ طالب علم کو اغوا کر کے فرار مقدمہ درج تاحال کوئی سراغ نہ مل سکا

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی نامعلوم ملزمان 15 سالہ طالب علم کو اغوا کر کے فرار مقدمہ درج تاحال کوئی سراغ نہ مل سکا تھانہ سٹی پتوکی کے علاقہ حبیب ٹاؤن کی رہائشی حنیفاں بی بی نے پولیس کو بتایا کہ میرا 15 سالہ بیٹا رحمان رحمت گھر سے سکول گیا جو واپس گھر نہ پہنچا ہے جسے نامعلوم ملزمان نے راستہ میں ہی اغوا کرلیا ہے ہم نے ادھر ادھر بہت تلاش کیا مگر کوئی سراغ نہ مل سکا تھانہ سٹی پتوکی پولیس نے مغوی طالب علم کی والدہ حنیفاں بی بی کی تحریری درخواست پر نامعلوم ملزمان کیخلاف اغوا کے جرم میں مقدمہ درج کرلیا۔

پتوکی پولیس کی کاروائی منشیات فروش گرفتار، مقدمہ درج

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی پولیس کی کاروائی منشیات فروش گرفتار، مقدمہ درج۔ تفصیل کے مطابق تھانہ سٹی پتوکی پولیس نے گزشتہ روز محلہ احمد نگر میں آپریشن کرتے ہوئے کاشف چوک کا رہائشی شاکر عرف شاکری کو منشیات فروشی میں گرفتار کرلیا ملزم کے قبضہ سے 15 سو گرام چرس برآمد ہوئی پولیس کے مطابق ملزم پتوکی ونواح میں منشیات فروشی کا دھندہ کرتا تھا پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی۔

گھر سے کھیلنے نکلا 14 سالہ کم سن بچہ لاپتہ تھانہ سرائے مغل پولیس نے نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے بچے کی تلاش شروع کردی

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی کے نواحی علاقہ بھڑوال کلاں سے گھر سے کھیلنے نکلا 14 سالہ کم سن بچہ لاپتہ تھانہ سرائے مغل پولیس نے نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے بچے کی تلاش شروع کردی۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی کے نواحی علاقہ بھڑوال کلاں سے محنت کش عبداللہ نامی شخص کا 14 سالہ بچہ گھر سے باہر کھیلنے نکلا واپس نہ آیا والدین کی تلاش کے باوجود بھی بچے کا کوئی سراغ نہ مل سکا 14 سالہ سونا کے والد نے مقدمہ اندراج کے لیے تھانہ سرائے مغل پولیس کو درخواست دائر کی تھانہ سرائے مغل پولیس نے نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے بچے کی تلاش شروع کردی۔

تین کس نامعلوم ڈاکوؤں نے شہری سے موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین لی اور فرار ہوگئے مقدمہ درج

پتوکی (نامہ نگار) تین کس نامعلوم ڈاکوؤں نے شہری سے موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین لی اور فرار ہوگئے مقدمہ درج۔ فرید ٹاؤن ہلہ روڈ پتوکی کے رہائشی علی حسن نے پولیس کو بتایا کہ پتوکی کہنہ گاؤں جا رہا تھا کہ پتوکی کہنہ اسٹاپ کے قریب تین کس نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر روک لیا اور موٹر سائیکل موبائل فون چھین لیا اور موقع سے فرار ہوگئے تھانہ سٹی پتوکی پولیس نے متاثرہ شہری کی تحریری درخواست پر نامعلوم ڈاکوؤں کیخلاف مقدمہ درج کرلیا۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی کھلی کچہری

لوگوں کے مسائل سنے اور درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کر کے مختص کردہ ٹائم میں دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے جاتے ہیں اور ان کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے لوگوں کے مسائل سنے اور درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کر کے مختص کردہ ٹائم میں دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے کمپلینٹ سیل افسران کو درخواستوں کا فالو اپ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پبلک سروس ڈلیوری میں بہتری کیلئے تمام ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر کے تمام تھانوں میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی سہولت کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں اور لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں۔ فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ کسی بھی مسئلہ کی صورت میں آنے والے شہریوں کیساتھ اچھے اخلاق سے پیش آکر ان کا مسئلہ جلد از جلد حل کیا جائے۔

میاں خالد صدیق کامیانہ ساہیوال کے عوام کے لیے امن ومحبت کا نشان

لیکن کم ہی ایسے رہنما دیکھنے کو ملے جو سیاست کو محض اقتدار کی دوڑ نہیں، بلکہ خدمت کا ذریعہ سمجھیں



ساہیوال (مہرا ے ڈی لیسم سپرا سے) ساہیوال کی تاریخ میں بہت سے سیاستدان آئے اور گئے، لیکن کم ہی ایسے رہنما دیکھنے کو ملے جو سیاست کو محض اقتدار کی دوڑ نہیں، بلکہ خدمت کا ذریعہ سمجھیں۔ میاں خالد صدیق کامیانہ صاحب کا شمار انہی گنے چنے سیاسی رہنماؤں میں ہوتا ہے جو عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دیتے ہیں۔ وہ نہ صرف ایک مدبر سیاستدان ہیں بلکہ حقیقی معنوں میں عوام کے ہمدرد اور امن کے سفیر بھی ہیں۔ ساہیوال کے عوام کے لیے یہ کسی خوشگوار حیرت سے کم نہیں کہ ایک سیاسی شخصیت اپنی مصروفیات سے وقت نکال کر ان کے باہمی جھگڑوں اور تنازعات کو ختم کروانے کے لیے عملی کردار ادا کر رہی ہے۔ عموماً سیاستدان جلسے جلوسوں اور بیانات تک محدود رہتے ہیں، لیکن میاں خالد صدیق کامیانہ نے روایتی سیاست سے ہٹ کر عوام کی خدمت کے لیے اپنا دروازہ ہمیشہ کھلا رکھا ہے۔ یہ انہی کی اخلاص اور درد مندی کا نتیجہ ہے کہ نہ صرف ان کے حمایتی بلکہ ان کے سیاسی مخالفین بھی اپنے مسائل کے حل کے لیے ان کے ڈیرے پر آتے ہیں اور ان پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کا کردار اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ سیاست صرف الزامات اور تنقید کا نام نہیں، بلکہ عوام کے مسائل حل کرنے اور ان کے درمیان محبت اور بھائی چارہ پیدا کرنے کا ایک ذریعہ بھی ہو سکتی ہے۔ ساہیوال کے شہریوں نے بجا طور پر میاں خالد صدیق کامیانہ کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

فہم القرآن کونسل پاکستان کے زیر اہتمام جناح حال حافظ آباد میں فہم القرآن کانفرنس کا اہتمام کیا گیا

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر پیر محمد اکرم چشتی نے کہا کہ معاشروں کی ترقی کا راز قرآن وسنت کی تعلیمات میں مضمر ہے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) فہم القرآن کونسل پاکستان کے زیر اہتمام جناح حال حافظ آباد میں فہم القرآن کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر پیر محمد اکرم چشتی نے کہا کہ معاشروں کی ترقی کا راز قرآن وسنت کی تعلیمات میں مضمر ہے۔ ہمیں مغربی کلچر سے نجات حاصل کر کے اسلامی تعلیمات مشعل راہ بنانا ہوگا کائنات کی ترقی کا راز قرآن کریم کے ابدی اصولوں میں ہے۔ قرآن کریم معیشت، اخلاق، آداب تہذیب وتمدن، سیاست وریاست اور تعلیم وتربیت اور ترقی وخوشحالی کا ضامن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں لسانی، گروہی، علاقائی، نسلی اور سیاسی ومذہبی نفرتوں کو ختم کرنے کے قرآنی تعلیمات پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔ قرآن دنیا اور آخرت دونوں کی کامیابی کا ذریعہ ہے۔ دنیا کے اندر جن اقوام نے ترقی کیلئے اصولوں پر عمل پیرا ہو کر امن و خوشحالی کی راہ لی، وہ اسلامی اصولوں کو مطمع نظر بنا کر کامیابی حاصل کی ہے۔

سرکل بھر میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹ/نمائندہ خصوصی) سرکل بھر میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ، دس وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز، موٹر سائیکلوں و دیگر قیمتی سامان سے محروم چک گلاں کے برکت علی کے گھر میں گھس کر 5 مسلح ملزمان نے گھر والوں کو کمرے میں بند کر کے سیف الماریوں کے تالے توڑ کر ساڑھے 18 تولے طلائی زیورات لائسنسی رائفل اور نقدی تین لاکھ 50 ہزار روپے لے گئے۔ بشیر کالونی کے محمد عدیل سے دو نامعلوم ملزمان نے نقدی 10 ہزار روپے چھین لئے، منڈیکی گورائیہ کے راحیل یوسف کی 50 گز تار چوری، دھدو بسرا کے امجد فاروق سے دو نامعلوم ملزمان نے موبائل فون اور نقدی 17 ہزار چھین لئے مندرانوالہ کے شمریز اور بھیلو مہار کے گلفام منیر کے گھر کے باہر سے موٹر سائیکلیں چوری کر کے لے گئے۔

CRIME & COURT

جرم وسزا

یونیورسٹی آف ساہیوال میں شاندار میگا شجرکاری مہم، ماحولیاتی استحکام کے فروغ میں اہم قدم

اس موقع پر طلبہ، فیکلٹی ممبران نے بھرپور جوش وخروش سے شرکت کی اور جامعہ کے مختلف حصوں میں 000,1 سے زائد پودے لگائے

ساہیوال (مہر آے ڈی لیسم سپرا سے) آج یونیورسٹی آف ساہیوال میں ایک شاندار تقریب دیکھنے میں آئی، جہاں ڈائریکٹوریٹ اسٹیٹ مینجمنٹ ڈاکٹر اکرام اور جم نے WAF فاؤنڈیشن ایگزیکٹو ڈائریکٹر رابعہ ریاض اور ٹیم سرعام جنرل سیکرٹری سید فخر زیدی کے تعاون سے ایک میگا شجرکاری مہم کا آغاز کیا۔ اس مہم کا مقصد سبزہ زاروں میں اضافہ کرنا اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنا ہے۔ یہ اقدام نہ صرف یونیورسٹی کی ماحولیاتی تحفظ کے لیے وابستگی کو ظاہر کرتا ہے بلکہ طلبہ کو بھی پائیداری کے فروغ کے لیے متحرک کرتا ہے۔ اس موقع پر طلبہ، فیکلٹی ممبران نے بھرپور جوش وخروش سے شرکت کی اور جامعہ کے مختلف حصوں میں 000,1 سے زائد پودے لگائے۔

مسلم لیگ (ن) ایک عوامی جماعت ہے: میاں سعد وسیم شیخ

قصور (بیورو رپورٹ) ایم این اے وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے فنانس میاں سعد وسیم شیخ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) ایک عوامی جماعت ہے اس لیے ہمیشہ عوام کی فلاح کے لیے کام کیے گئے ہیں محترمہ مریم نواز نے رمضان پیکج سے حقدار لوگوں میں 10 / 10 ہزار کے چیک تقسیم کیے ہیں جس سے غریب اور نادار لوگوں کو ریلیف دیا گیا ہے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی قیادت میں حکومت نے تعلیم صحت انفراسٹرکچر، ہاؤسنگ ٹرانسپورٹ، زراعت اور لائیو سٹاک کے میں نمایاں اقدامات کیے ہیں۔ میاں سعد وسیم نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ حکومت نے نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے بلاسود چھوٹے قرضوں کی فراہمی کا منصوبہ شروع کیا ہے اس کے علاوہ طلباء و طالبات میں 27 ہزار سے زائد پیٹرول اور الیکٹریکل بائیکس تقسیم کی جارہی ہیں۔

بنیادی سہولیات کی بجائے کمرشلائزیشن کو فروغ دیا جا رہا ہے: راجہ خالد محمود

بنیادی مراکز صحت آؤٹ سورس ہونے سے شہریوں کو علاج معالجہ کیلئے میسر سستی سہولیات ختم ہو جائیں گی

بھلوال (نیوز ایڈیٹر) چیئرمین سی ڈی سی ایسوسی ایشن پنجاب راجہ خالد محمود، صدر چوہدری تجمل عباس، جنرل سیکرٹری چوہدری حنیف کامران اور نائب صدر ذوالقرنین ثمرا نے کہا ہے کہ بنیادی مراکز صحت آؤٹ سورس ہونے سے شہریوں کو علاج معالجہ کیلئے میسر سستی سہولیات ختم ہو جائیں گی ہر شعبہ کو کمرشلائز کرنے سے حکومت عوام کو ریلیف فراہم نہیں کر سکتی بلکہ عوام کی مشکلات میں اضافہ کا باعث بن رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے سرکاری تعلیمی اداروں کو آؤٹ سورس کیا گیا اور اب بنیادی مراکز صحت آؤٹ سورس کیے جا رہے ہیں۔ حکومت عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی بجائے کمرشلائزیشن کو فروغ دے رہی ہے جو کہ کسی طرح بھی عوام کے مفادات میں نہیں انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے محکمہ صحت کے ملازمین بھی متاثر ہوں گے ان کے حقوق کو بھی نظرانداز کیا جا رہا ہے جو ہم کسی صورت نہیں ہونے دیں گے۔ ہم سی ڈی سی برانچ مکمل طور پر بنیادی مراکز صحت کے تمام ملازمین کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے ان کے حقوق کے تحفظ سے پیچھے نہیں ہٹے گی۔

گیس ریفلنگ کا غیر قانونی کاروبار کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب اور ڈپٹی کمشنر/کنٹرولر سول ڈیفنس چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی ہدایات پر سول ڈیفنس ٹیم نے تحصیل بھوانہ میں آئل اور گیس ریفلنگ کا غیر قانونی کاروبار کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی کرتے ہوئے چک نمبر 199 ج ب میں دو آئل ایجنسیز اور دو گیس ریفلنگ شاپ کو سیل کر دیا اور مالکان کے خلاف تھانہ لنگرانہ میں استغاثہ جمع کرا دیے۔ آئل اور گیس کا غیر قانونی کاروبار کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کے خلاف کاروائیاں مستقل بنیادوں پر جاری رہیں گی۔

تیز رفتار ڈمپر نے ایک طالبعلم کو کچل کر ہلاک جبکہ دوسرے کو شدید زخمی کردیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں ونیکے تارڑ کے قریب تیز رفتار ڈمپر نے ایک طالبعلم کو کچل کر ہلاک جبکہ دوسرے کو شدید زخمی کردیا۔ تفصیلات کے مطابق نعیم ولد بشیر احمد سکنہ ملاحانوالہ جو کہ چوتھی کلاس کا طالبعلم تھا وہ اپنے دوست عون عباس کے ہمراہ سکول سے چھٹی پر واپس گھر جا رہا تھا کہ راستہ میں تیز رفتار ڈمپر نمبری "EA6504" جسے تصور عباس چلا رہا تھا اس نے نعیم اور عون عباس دونوں کو کچل دیا جس کے نتیجہ میں نعیم موقع پر جاں بحق جبکہ عون عباس شدید زخمی ہوگیا جسے تشویشناک حالت میں لاہور ہسپتال ریفر کردیا گیا۔ جبکہ ڈمپر کا ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔

میاں خالد محمود کی خوشدامن کے انتقال پر مختلف سیاسی مذہبی وسرکاری شخصیات نے ان کی اقامت گاہ پر جا کر دلی تعزیت کا اظہار

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سابق صوبائی وزیر اور آئی پی پی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میاں خالد محمود کی خوشدامن کے انتقال پر مختلف سیاسی مذہبی وسرکاری شخصیات نے ان کی اقامت گاہ پر جا کر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کیلئے جنت الفردوس اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے، تعزیت کرنے والوں میں وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان، سابق وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف، پریس کلب شیخوپورہ کے سابق جنرل سیکرٹری سینئر تجزیہ کار عظیم احمد یزدانی و دیگر شامل ہیں۔

مصطفی آباد: ڈاکٹر قیصر رفیق کی جانب سے افطار ڈنر میں آنے والے مہمانوں کا گروپ فوٹو

ڈی پی او قصور کی ہدایت کی روشنی میں پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن

پانچ ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے ڈیڑھ کلوگرام سے زائد مقدار میں ہیروئن برآمد

قصور (بیورو رپورٹ) ڈی پی او قصور کی ہدایت کی روشنی میں پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، پولیس نے مختلف مقامات پر دوران چیکنگ اور خفیہ اطلاع پر ریڈ کر کے پانچ ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے ڈیڑھ کلوگرام سے زائد مقدار میں ہیروئن، 120 لیٹر زہریلی شراب، رائفل برآمد کر کے مقدمات درج کرلیے۔ ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خان کی خصوصی ہدایت کی روشنی میں ضلع بھر میں پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، پولیس تھانہ بی ڈویژن کا ایس ایچ او اسلم بھٹی و دیگر ملازمان کے ساتھ سپیشل برانچ کی اطلاع پر دوران چیکنگ ملزم علی شیر سے 1520 گرام ہیروئن برآمد کرلی اسی طرح سے چھانگا مانگا پولیس نے زہریلی شراب کشید کرنیوالے ملزم سمیت 02 جرائم پیشہ گرفتار کرلیے اور پولیس نے نوید مسیح سے 120 لیٹر زہریلی شراب اور چالو بھٹی برآمد کرلی جبکہ ملزم طارق کے قبضہ سے رائفل 8 ایم ایم اور گولیاں برآمد، مقدمہ درج، مقامی پولیس نے امتناع منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی، ڈی پی او قصور نے کہا ہے کہ ایسے منشیات اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی۔

کالونی گوجرانوالہ میں الیون سٹار کامونکی کلب اور گوندلانوالہ فٹبال کلب کے زیر اہتمام میچ کھیلا گیا

الیون سٹار کامونکی کلب نے گوندلانوالہ فٹبال کلب کو 2 گولز سے شکست دیکر فتح حاصل کرلی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام آل پنجاب رمضان المبارک گوجرانوالہ فلڈ لائٹ فٹبال ٹورنامنٹ 2025ء کا انعقاد، گزشتہ روز گوجرانوالہ فلڈ لائٹ فٹبال ٹورنامنٹ کے سلسلہ میں الحدید فٹبال گراؤنڈ کشمیر روڈ پیپلز کالونی گوجرانوالہ میں الیون سٹار کامونکی کلب اور گوندلانوالہ فٹبال کلب کے زیر اہتمام میچ کھیلا گیا جس میں الیون سٹار کامونکی کلب نے گوندلانوالہ فٹبال کلب کو 2 گولز سے شکست دیکر فتح حاصل کرلی۔ بعد ازاں گوجرانوالہ فلڈ لائٹ فٹبال ٹورنامنٹ کے مہمان خصوصی سینئر وائس پریذیڈنٹ پنجاب، کانگرس ممبر پاکستان فٹ بال فیڈریشن حافظ ذکاء اللہ نے جیتنے والی ٹیم کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے۔ فٹبال ٹورنامنٹ کی انتظامی کمیٹی میں چوہدری امجد گجر، رانا سلیم، عبدالغفار سرویا، الیاس عالم سرویا، دلاور وحید انصاری، ملک تصور، فیض الرحمن بٹ، فرخ پاشا، محمد اکبر مہر، چوہدری حسن سرویا، اکرم مغل، اعجاز احمد، منان امجد بھٹی، حماد بٹ، فاروق اعظم، عبدالرزاق، ذوالفقار بٹ، ذیشان وڑائچ، ملک عدنان، کامران اشرف و دیگر شریک ہیں۔

فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں نئی قیادت کے تحت مثالی بہتری ڈاکٹر عامر نوید کی قیادت میں کامیابیوں کا نیا سفر

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عامر نوید کی تعیناتی کے بعد اسپتال میں شاندار بہتری دیکھنے میں آرہی ہے۔ ان کی مؤثر قیادت، انتھک محنت، اور اعلیٰ انتظامی صلاحیتوں کی بدولت ادارے کی کارکردگی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ مریضوں کو جدید طبی سہولیات، معیاری علاج، اور بہترین دیکھ بھال فراہم کی جا رہی ہے، جس سے اسپتال کا معیار مزید بلند ہو چکا ہے اسپتال کے حفاظتی اور انتظامی امور میں بھی نمایاں بہتری آئی ہے۔ سیکورٹی انچارج اسلم اور منیر اپنی ذمہ داریوں کو انتہائی مستعدی اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ نبھا رہے ہیں، جس کی بدولت اسپتال کا سیکورٹی نظام مزید مضبوط ہوا ہے۔ مریضوں اور ان کے لواحقین کو ایک محفوظ اور پرسکون ماحول فراہم کرنے میں یہ دونوں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اسی طرح، ملک آصف بطور سپروائزر اپنی بھرپور محنت اور فرض شناسی کے ساتھ اسپتال کے انتظامات کو مثالی بنانے میں پیش پیش ہیں۔ ان کی محنت اور لگن نے اسپتال کے نظم وضبط کو مزید مؤثر بنا دیا ہے، جس سے روزمرہ کے معاملات خوش اسلوبی سے چلائے جا رہے ہیں۔ یہ تمام کامیابیاں اسپتال انتظامیہ کی انتھک محنت اور بہتر حکمت عملی کا نتیجہ ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی ترقی اور کامیابی کے اس سفر کو جاری رکھے گا اور مریضوں کو مزید اعلیٰ معیار کی طبی سہولیات فراہم کرنے میں پیش پیش رہے گا۔

گوجرانوالہ میڈیکل کالج (جی ایم سی) زبوں حالی کا شکار ہو چکا ہے

بنیادی طبی سہولیات کی عدم دستیابی مریضوں اور ان کے لواحقین کیلئے وبال جان بن چکی ہے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گوجرانوالہ میڈیکل کالج (جی ایم سی) زبوں حالی کا شکار ہو چکا ہے، جہاں بنیادی طبی سہولیات کی عدم دستیابی مریضوں اور ان کے لواحقین کیلئے وبال جان بن چکی ہے۔ میڈیکل یونٹ کی منتقلی کے بعد میڈیکل کالج کی عمارت کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہے، جبکہ صفائی کے ناقص انتظامات، گندے واش روم اور پینے کے آلودہ پانی نے اسپتال میں داخل مریضوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے، اس حوالے سے عوامی و سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ ایم ایس ڈاکٹر نیر عمران کی نااہلی کھل کر سامنے آگئی ہے اور وہ ہسپتال میں بہتری لانے کے بجائے مسائل کو نظرانداز کر رہے ہیں۔ عملے کی غفلت، گندگی اور ناقص سہولیات کی شکایات کرنے والے مریضوں کو جی ایم سی سے واپس بھیجا جا رہا ہے اور انہیں سول ہسپتال جانے کا مشورہ دیا جاتا ہے، عوامی حلقوں کا مزید کہنا ہے کہ شکایات کے ازالہ کی بجائے ایم ایس ڈاکٹر نیر عمران مریضوں اور ان کے اہل خانہ سے تلخ کلامی اور بدتمیزی پر اتر آتے ہیں، ہسپتال آنے والے کئی مریضوں نے الزام لگایا ہے کہ ایم ایس ڈاکٹر نیر عمران ہمیشہ ان کی بات سننے کو تیار نہیں، بلکہ کسی بھی قسم کی تنقید پر مشتعل ہو جاتے ہیں جس عوامی و سماجی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ایم ایس ڈاکٹر نیر عمران کو فوری طور پر برطرف کر کے کسی فرض شناس اور دیانتدار ڈاکٹر کو تعینات کیا جائے۔

ایل پی جی مافیا بے لگام گیمبر قادر آباد میں ایل پی جی گیس 60 روپے کلو مہنگی سیل ہونے لگی

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گیمبر ضلعی انتظامیہ کی نااہلی کی وجہ سے ایل پی جی مافیا بے لگام گیمبر قادرآباد میں ایل پی جی گیس 60 روپے کلو مہنگی سیل ہونے لگی پرائز کنٹرول مجسٹریٹ سکرین سے غائب ایل پی جی مافیا کو کھلی چھوٹ وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کے تمام تر بڑے بڑے داموں کے باوجود ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی نااہلی کی وجہ سے گیمبر قادرآباد نور شاہ یوسف والا بگڑی پل میں ایل پی جی گیس مافیا کا راج ایل پی جی گیس 60 روپے کلو مہنگی فروخت ہونے لگی ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ ایل پی جی مافیا کو لگام دینے میں مکمل طور پر ناکام گیمبر قادرآباد کی عوام ایل پی جی مافیا کے رحم وکرم پر مہنگے داموں ایل پی جی فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف کاروائی کا آغاز کر دیا۔

مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے پنجابی کلچر کے فروغ کے حوالے سے منعقدہ تقریب کی صدارت کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے پنجابی کلچر کے فروغ کے حوالے سے منعقدہ تقریب کی صدارت کی اس موقع پر کوآرڈینیٹر مرکزی انجمن تاجران عامر خان بھی موجود تھے تقریب میں سرکاری افسران وملازمین اور تاجر برادری سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی، شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے امجد نذیر بٹ نے کہا کہ پنجابی کلچر کا فروغ ناگزیر ہے جسے فراموش نہیں کیا جاسکتا ہمیں پنجابی ہونے پر فخر ہے ہمارا کلچر تاریخی اعتبار سے نہایت اہم اور نمایاں ہے، جس نے کئی صدیوں سے اپنی شناخت قائم رکھی جسے مزید فروغ دینا ہماری ذمہ داری ہے۔

ناجائز منافع خوری: یکم مارچ سے اب تک 62 ہزار سے زائد چھاپہ مار کاروائیاں

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ناجائز منافع خوری کی روک تھام کیلئے ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب ان ایکشن، یکم مارچ سے اب تک 62 ہزار سے زائد چھاپہ مار کاروائیاں کیں اور 11992 خلاف ورزیوں پر 13 لاکھ 69 ہزار روپے کے جرمانے عائد اور 02 مقدمات کا اندراج کروایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے وزیراعلیٰ پنجاب کے احکامات پر رمضان المبارک میں صارفین کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنانے کے سلسلہ میں ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ لیا اور دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ رمضان المبارک میں عوام الناس کو حکومت پنجاب کے مقرر کردہ نرخوں پر اشیاء فروخت کریں۔ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کاروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پرائس کنٹرول ایکٹ کے تحت رمضان المبارک میں ناجائز منافع خوروں کیخلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے، اسسٹنٹ کمشنرز/پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے یکم مارچ سے شروع سپیشل رمضان آپریشن کے دوران ہزاروں چھاپہ مار کے کاروائیاں کیں ہیں اور گراں فروشوں کو 13 لاکھ سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ شہری ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور جہاں کہیں بھی مہنگے داموں اشیائے ضروریہ کی فروخت ہو تو فوری نشاندہی کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ یا قیمت ایپ پنجاب پر شکایات درج کروائیں تاکہ غیر قانونی منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کو قانون کے شکنجے میں لاتے ہوئے ان کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ ماہ رمضان میں تمام اسسٹنٹ کمشنرز/پرائس کنٹرول مجسٹریٹس مصنوعی مہنگائی اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کیلئے فیلڈ میں متحرک رہیں اور روزانہ کی بنیاد پر چھاپے مار کاروائیاں کریں۔

تھانہ چھانگا مانگا پولیس کی کاروائی بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار بھاری مقدار میں شراب، لہن برآمد مقدمہ درج

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) تھانہ چھانگا مانگا پولیس کی کاروائی بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار بھاری مقدار میں شراب، لہن برآمد مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور کی ہدایت اور ڈی ایس پی سرکل چونیاں کے حکم پر تھانہ چھانگا مانگا کے SHO بلال منیر اور بھوئے آصل کے چوکی انچارج مدثر محبوب نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کاروائی کرتے ہوئے کوٹ ارجن سنگھ کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش نوید مسیح کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے 50 لیٹر شراب، 70 لیٹر لہن برآمد کرلیا ملزم نوید مسیح بھٹی پر خود شراب تیار کرتا اور فروخت کرتا تھا

گراں فروشی عروج پر، شہری پریشان

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) رمضان المبارک میں مہنگائی کنٹرول کرنے کے دعوے محض دعوے ہی ثابت ہو رہے ہیں رمضان المبارک کا دوسرا عشرہ چل رہا ہے مگر مہنگائی کنٹرول نہیں ہو رہی بلکہ گراں فروشی عروج پر ہے حکومتی دعووں کے باوجود رمضان المبارک کے آغاز سے ہی ملک بھر میں اشیاء خورونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے دوسرا عشرہ شروع ہو گیا مگر گوشت، سبزیوں، پھلوں اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء کی قیمتیں ابھی بھی آسمان سے باتیں کر رہی ہیں جس کی وجہ سے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔

چوہدری محمد ارشد ندیم جٹ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری اوکاڑہ کا ضلع بھر میں سرپرائز وزٹ

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) ممتاز ماہر تعلیم ہر دلعزیز محبوب شخصیت نو تعینات چوہدری محمد ارشد ندیم جٹ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری اوکاڑہ نے ضلع بھر میں سرپرائز وزٹ کیا۔ انہوں نے اسکول بیسڈ اسسمینٹ کے عمل کا مشاہدہ کیا۔ امتحانی مراکز کے انتظامات کو سراہا اور تعلیمی بہتری کے لیے خصوصی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں اور طلباء کی کردار سازی میں اہم ترین کردار ادا کرتے ہیں معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے اپنی تمام تر ذمہ داری کو پورے اخلاص اور محنت سے نبھائیں تعلیم میں جدت محنت اور لگن کو اپنا شعار بنائیں تاکہ طلباء کا مستقبل روشن ہو نظم وضبط ایمانداری کے ساتھ تدریسی مہارتوں کو بہتر بنانے میں خصوصی توجہ دیں طلباء میں جستجو اور اخلاقی اقدار کو فروغ دیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کے وژن کے مطابق نئی داخلہ مہم ڈیسک کا فی الفور قیام پر زور دیا جس کا مقصد نئے داخلہ کے سلسلہ میں آنے والے والدین کو ضرور سہولیات بہم پہنچانا ہے۔ داخلہ امسال 2025 پر والدین سے کہا کہ علم کی شمع روشن کرنے کے لیے اپنے نونہالوں کو سرکاری سکولز میں داخل کرائیں تعلیم سب کے لیے، کوئی بچہ سکول سے باہر نہ رہے سرکاری سکولز معیاری سکولز ہیں جہاں پر اعلیٰ تعلیم یافتہ اور باقاعدہ تربیت یافتہ سٹاف شب وروز کوشاں ہیں۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

سے جاری ہونے والے ایک بیان کے مطابق پارلیمانی کمیٹی برائے قومی سلامتی کا اجلاس منگل کو دوپہر 1 بجکر 30 منٹ پر بجے طلب کیا گیا ہے قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس قومی اسمبلی ہال میں منعقد کیا جائے گا جس میں پارلیمان میں موجود تمام سیاسی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈران اور ان کے نامزد نمائندے شرکت کریں گے اجلاس میں عسکری قیادت پارلیمانی لیڈران کو ملک کی موجودہ سکیورٹی صورت حال پر بریفنگ دے گی. یہ اہم اجلاس بلوچستان کے ضلع بولان میں جعفر ایکسپریس، نوشکی میں سکیورٹی فورسز کے قافلے اور خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک میں جنڈولہ کے مقام پر ایف سی چیک پوسٹ پر عسکریت پسندوں کے حملوں جیسے واقعات کے تناظر میں طلب کیا گیا ہے. خیبر پختونخوا اور بلوچستان حالیہ دنوں میں شدت پسندی کا سب سے زیادہ نشانہ بنے ہیں گلوبل ٹیررزم انڈیکس 2025 کی رپورٹ کے مطابق 2024 میں پاکستان میں ہونے والے 96 فیصد سے زائد شدت پسند حملے اور اموات انہی دو صوبوں میں ہوئی ہیں شدت پسندی کے بڑھتے ان حالیہ واقعات میں سب سے بڑا واقعہ بلوچستان میں 11 مارچ کو کو پیش آیا جب کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس پر بولان پاس کے علاقے ڈھاڈر میں علیحدگی پسند تنظیم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) نے حملہ کر کے 400 سے زائد مسافروں کو یرغمال بنالیا۔

بقیہ بقیہ جات 2

کر رہے تھے۔ افطار ڈنر میں وفاقی وزراء حنیف عباسی، طارق فضل چوہدری اور امیر مقام کے علاوہ 70 ممالک کے سفارتکاروں، سرکاری حکام اور جڑواں شہروں کے معروف کاروباری اداروں کے سربراہان نے شرکت کی۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ اس طرح کے ایونٹس سے مختلف شعبوں میں پاکستان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام مذہبی رواداری اور صبر کی تلقین کرتا ہے۔ پاکستان میں ثقافتی اور تاریخی لحاظ سے بہت کچھ موجود ہے جس کو مذہبی ورثہ اور ٹورزم سے منسلک کیا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر سردار یاسر الیاس خان نے کہا کہ ایسے انٹرایکٹو ایونٹس کا مقصد پاکستانی اور عالمی نمائندوں کے درمیان اقتصادی تعاون کے مواقع سامنے لانا ہے۔ ایسی تقریبات سے سیاحت کے شعبہ میں پاکستان کی بے پناہ صلاحیتیں بھی اجاگر ہونگی جو سالانہ 40 بلین امریکی ڈالر سے زائد کا ریونیو پیدا کرنے کی استعداد رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے سرمایہ کار یہاں انا چاہتے ہیں جن کے لیے یہ پہلا سکس سٹار ہوٹل ایک مثال ہے۔ ڈاکٹر راشد الیاس خان نے کہا کہ موون پک ہوٹل میں مقامی اور عالمی اسٹیک ہولڈرز کو جوڑنے کے لیے ایک منفرد پلیٹ فارم مہیا کیا جا رہا ہے۔ آج کی یہ شام ہمارے لیے باعثِ اعزاز ہے جہاں ہم ایک دوسرے سے سیکھنے، تحریک حاصل کرنے اور ایک مشترکہ مستقبل کی تعمیر کے لیے یکجا ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سکس سٹار ہوٹل اس بات کی علامت ہے کہ پاکستان ہر طرح کی انویسٹمنٹ کے لیے ایک بہترین اور موزوں ملک ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

کارروائی سے حملہ پسپا کردیا گیا۔ ڈی پی او لکی مروت جواد اسحاق کے مطابق، پولیس نے بڑے حملے کو بروقت کارروائی کے ذریعے ناکام بنادیا اور حملہ آور بھاری ہتھیاروں کی مدد سے فرار ہوگئے۔ پشاور میں بھی پولیس چوکی کو ملازئی پر دہشت گردوں نے دستی بم سے حملہ کیا، جبکہ خیبر پولیس چوکی بائی پاس روڈ پر دہشت گردوں نے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں دو اہلکار زخمی ہوگئے۔ پولیس کی جوابی کارروائی میں حملہ آور زخمی حالت میں فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ زخمی اہلکاروں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ اسی دوران جمرود ایف سی چیک پوسٹ پر بھی شدت پسندوں نے حملہ کیا، ایف سی باڑہ رائفلز کی جوابی فائرنگ کے بعد حملہ آور اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 4

تحریری جواب جمع کروایا، جس میں کہا گیا ہے کہ آئندہ مالی سال میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی کوئی تجویز زیرغور نہیں۔ وزیرخزانہ نے تحریری جواب میں کہا کہ ملازمین کے الاؤنسز اور پے اسکیل پر نظرثانی کی تجویز بھی نہیں ہے جبکہ وفاقی سرکاری ملازمین کی پنشن میں بھی اضافے کی کوئی تجویز زیرغور نہیں۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ ملازمین کے لیے ہائرنگ اور سیلنگ کی حد بڑھانے کا معاملہ زیرغور ہے۔ دریں اثناء وزیرخزانہ نے گزشتہ 5 سال کے دوران غیر ملکی قرضوں اور واجبات کی تفصیلات بھی ایوان میں پیش کردیں۔ وزیرخزانہ نے بتایا کہ جون 2023 تک پاکستان کے غیر ملکی قرضوں اور واجبات کی کل رقم 126 ارب 14 کروڑ ڈالرز تھی، یہ غیر ملکی قرضہ جی ڈی پی کا 43.03 فیصد ہے۔ وزیرخزانہ نے بتایا کہ مالی سال 2024 میں پاکستان نے 11 ارب 47 کروڑ 50 لاکھ ڈالر غیر ملکی قرضہ واپس کیا۔ دریں اثناء وزیرخزانہ نے قومی اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حکومت آئی ٹی اور زراعت کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کے لیے پُرعزم ہے جبکہ جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹائزیشن کے ذریعے ٹیکس نظام کو موثر بنا رہے ہیں۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کی بہتری کے لیے اقدامات کر رہے ہیں، نیا آسان ٹیکس ریٹرن نظام ستمبر میں نافذ کردیا جائے گا، حکومت ایف بی ٹی جیسے کاروباری اداروں کی مکمل معاونت جاری رکھے گی۔

بقیہ بقیہ جات 5

اور اسلام آباد میں کثیر المنزلہ رہائشی و کمرشل جائیدادوں کو سربمہر کردیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نیب نے ملک ریاض اور دیگر افراد کے خلاف فراڈ کے زیرتفتیش مقدمات میں ایکشن لیا ہے، بحریہ ٹاؤن کے سیکڑوں اکاؤنٹس منجمد کرتے ہوئے درجنوں گاڑیاں بھی ضبط کرلی گئی ہیں۔ نیب حکام کے مطابق مخصوص عناصر ملک ریاض کے دبئی پروجیکٹ میں رقوم منتقل کر رہے ہیں، ملک ریاض کو بیرون ملک سے واپس لانے کے لیے بھرپور کارروائی کا آغاز کردیا گیا۔ نیب کے اعلامیہ کے مطابق اتھارٹی نے بطور قومی احتساب ادارہ اپنے مینڈیٹ میں اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے ایک بار پھر عوام کو آگاہ کیا ہے کہ بحریہ ٹاؤن کے مالک ملک ریاض احمد اور دیگر کے خلاف دھوکا دہی کے متعدد مقدمات اس وقت زیر تفتیش ہیں۔ مزید برآں نیب نے ان ملزمان کے خلاف اسلام آباد اور کراچی کی احتساب عدالتوں میں متعدد ریفرنسز دائر کیے ہیں اور ان عدالتوں نے تمام ملزمان کو طلب کیا ہے۔ ان مقدمات میں ملک ریاض احمد اور ان کے ساتھیوں کے خلاف کراچی، تخت پڑی راولپنڈی اور نیو مری میں بحریہ ٹاؤن کے نام پر نہ صرف سرکاری بلکہ نجی زمینوں پر غیر قانونی قبضہ کرنے، بغیر اجازت ہاؤسنگ سوسائٹیاں قائم کرنے اور عوام سے اربوں روپے کا فراڈ کرنے کے الزامات اور ناقابل تردید ثبوت موجود ہیں اس حوالے سے حالیہ کارروائیوں میں بحریہ ٹاؤن کی کراچی، لاہور، تخت پڑی، نیو مری/گالف سٹی اور اسلام آباد میں متعدد کمرشل اور رہائشی املاک کو سیل کردیا گیا، جن میں کثیر المنزلہ کمرشل عمارتیں بھی شامل ہیں، مزید برآں، بحریہ ٹاؤن کے سیکڑوں بینک اکاؤنٹس منجمد اور گاڑیاں ضبط کرلی گئی ہیں اور اس حوالے سے مزید کارروائیاں تیزی سے کی جارہی ہیں۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ نیب، بحریہ ٹاؤن پاکستان کے خلاف بغیر کسی تاخیر یا دباؤ کے اپنی قانونی کارروائیاں جاری رکھے گا تاکہ پاکستان کے شہریوں کے حقوق کا مکمل تحفظ کیا جا سکے۔ این سی اے کیس میں عدالتی مفرور کی حیثیت سے دبئی میں مقیم ملک ریاض احمد نے حال ہی میں وہاں لگژری اپارٹمنٹس کی تعمیر کا نیا منصوبہ شروع کیا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق نیب کے پاس بادی النظر میں اس بات کے شواہد موجود ہیں کہ پاکستان سے تعلق رکھنے والے کچھ افراد اس منصوبے میں سرمایہ کاری کے لیے اپنی رقم دبئی منتقل کرکے اس عمل میں ملک ریاض احمد کی مجرمانہ مدد کررہے ہیں چونکہ نیب کے پاس ملک ریاض احمد اوران کے ساتھیوں کے خلاف منی لانڈرنگ کے ٹھوس شواہد بھی موجود ہیں، اس لیے یہ فنڈز غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک بھیجے جارہے ہیں، اس منصوبے کے لیے پاکستان سے منتقل ہونے والے کسی بھی فنڈ کو منی لانڈرنگ تصور کیا جائے گا، اور ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی کی جائے گی۔ نیب اعلامیہ میں عوام کو آگاہ کیا گیا ہے کہ وہ بحریہ ٹاؤن کی جانب سے کسی بھی پرکشش لانچ سے گریز کریں اور اپنی محنت سے کمائی گئی بچت کی حفاظت کریں۔ نیب نے دیگر سرکاری اداروں کے ساتھ مل کر مفرور ملزمان کو پاکستان واپس لانے کے لیے بھرپور کوششیں شروع کررکھی ہیں، تاکہ ایسے افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جاسکے۔

بقیہ بقیہ جات 6

،شوگر مل ایسوسی ایشن نے ایکسپورٹ اجازت دینے پر حکومت سے چینی کی قیمت نہ بڑھنے کا معاہدہ کیا تھا تاہم ایکسپورٹ کے بعد چینی کی قیمت 124 سے 170 روپے تک بڑھ گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ذمہ داران کا تعین کیا جارہا ہے۔ قیمت بڑھانے میں ملوث ملز مالکان کو گرفت میں لیا جائے گا۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ ایف آئی اے نے کئی شہروں میں چھاپوں کا سلسلہ شروع کردیا ہے اور سٹے بازوں کی فہرست تیار اور ذخیرہ داروں کا تعین کیا جارہا ہے۔ خیال رہے کہ چند روز قبل وزیراعظم شہباز شریف نے چینی کے ذخیرہ اندوزوں اور مصنوعی طور پر چینی کی قلت پیدا کرکے قیمت میں اضافے کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی ہدایت کی تھی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ملک میں چینی کی سپلائی اور قیمت کے کنٹرول کے حوالے سے اجلاس ہوا تھا جس میں انہوں نے حکام کو چینی کی قیمتوں پر کنٹرول کے حوالے سے سخت اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی گئی تھی۔ اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف نے چینی کی کھپت اور رسد پر کڑی نظر رکھنے اور متعلقہ حکام کو شوگر ملوں کے ساتھ چینی کی کھپت و رسد کی نگرانی کیلئے روابط مربوط کرنے کی ہدایت کی تھی۔ اجلاس کو چینی کی پیداوار کے حوالے سے بریفنگ میں بتایا گیا تھا کہ وقت ملک میں چینی کا وافر سٹاک موجود تھا۔ صوبائی سطح پر چینی کی ارزاں نرخوں پر فروخت کیلئے فیئر پرائس شاپس قائم کی گئی تھیں اور چینی کی سمگلنگ مکمل ختم کرنے کیلئے بھرپور اقدامات لئے جائیں گے اور سمگلرز کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے چاروں صوبوں کے چیف سیکریٹریز کو چینی کی مقررہ قیمت پر عوام کو فراہمی یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی تھی۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ عوام کو اشیائے خورونوش کی ارزاں نرخوں پر فراہمی حکومت کی اولین ترجیح تھی۔ گزشتہ مہینوں میں حکومت نے چینی کی سمگلنگ پر سخت کارروائی کی جس سے چینی کی اسمگلنگ کے خاتمے میں مدد ملی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 7

ہیں۔ کسی بھی غیر متعلقہ فرد کا داخلہ ممنوع قرار دے دیا گیا ہے، جبکہ میڈیا سمیت تمام انٹری کارڈز کو عارضی طور پر غیر مؤثر کر دیا گیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اجلاس کے دوران پارلیمنٹ کی حدود میں کسی بھی قسم کی عکس بندی، ویڈیو گرافی اور فوٹو گرافی پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔ ترجمان قومی اسمبلی کے مطابق میڈیا کی اہمیت اور ضروریات سے مکمل آگاہ ہیں لیکن قومی سلامتی کے پیش نظر میڈیا اور تمام متعلقہ فریقین سے تعاون کی گزارش کی جاتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

اعظم نواز شریف سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک نے رمضان کے دوسرے عشرے کی فضیلت بیان کی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے موجودہ حالات میں امت کی بہتری کے لیے ممکنہ اقدامات پر بھی غور کیا۔ سابق وزیراعظم نواز شریف نے ڈاکٹر ذاکر نائیک کی عالمی سطح پر دینی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ اسلام کی تبلیغ اور تفہیم میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک مختصر قیام کے بعد جاتی امراء سے واپس روانہ ہوگئے۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال اکتوبر میں بھی نواز شریف سے ڈاکٹر ذاکر نائیک نے ملاقات کی تھی۔ اس مرتبہ ڈاکٹر ذاکر نائیک حکومتِ پاکستان کی دعوت پر پاکستان کے دورے پر تھے۔

بقیہ بقیہ جات 9

گلگت بلتستان میں ججز کی تقرریوں سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ وکیل مخدوم علی خان نے عدالت کو بتایا کہ مجھے گلگت بلتستان حکومت کی جانب سے مقدمے میں وکیل کیا گیا ہے، اب مجھے کہا گیا کہ میری خدمات انہیں نہیں چاہئیں، اب ایڈووکیٹ جنرل گلگت بلتستان پیش ہوں گے۔ مخدوم علی خان نے کہا کہ گلگت بلتستان حکومت نے مقدمہ واپس لینے کی درخواست دائر کررکھی ہے۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ گلگت بلتستان حکومت صرف درخواست واپس نہیں چاہتی، گلگت بلتستان حکومت چاہتی ہے وزیراعلیٰ کی مشاورت لازمی قرار دی جائے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ وزیراعلیٰ کی مشاورت لازمی ہونے کو وفاقی حکومت تسلیم نہیں کرتی۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان کس قانون کے تحت چل رہا ہے؟ اس پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل عدالت کو بتایا کہ 2018 کے آرڈر کے تحت تمام معاملات چلائے جا رہے ہیں، قانون گورنر سے مشاورت کا کہتا ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ دونوں حکومتیں مل بیٹھ کر مسئلہ حل کریں، کیا حکومتوں کو بھی بتانا پڑے گا کیا کرنا ہے۔ وکیل گلگت بلتستان بار نے عدالت کو بتایا کہ گلگت بلتستان میں وکلا 5 ماہ سے ہڑتال پر ہیں، سپریم اپیلٹ عدالت 10 سال سے غیر فعال ہے۔ عدالت نے گلگت بلتستان حکومت کی مشروط مقدمہ واپسی پر وفاقی حکومت کا موقف طلب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ گلگت بلتستان حکومت کی واپسی کی درخواست پر آئندہ سماعت اپنا موقف بتائیں۔ عدالت نے کیس کی سماعت 2 ہفتے کے لیے ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 10

آف بھونڈری، چوہدری ساجد، بشیر بٹر، سٹی صدر نارنگ ملک محمد یوسف، چیئرمین گھڑیال کلاں چوہدری نوید احمد بھٹی اور عوام کی کثیر تعداد بھی موجود تھے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ ملک دشمن تخریب کاری کرکے مذموم مقاصد حاصل نہیں کرسکتے، فوج، سکیورٹی ادارے دہشتگردوں کی سرکوبی جاری رکھے ہوئے ہیں، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے ان شاءاللہ دہشتگردوں کا خاتمہ کرکے رہیں گے۔ انہوں نے نارنگ منڈی میں انجمن تاجران کے صدر میاں امجد کی دعوت پر نارنگ منڈی کا دورہ بھی کیا۔ رکن قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور بھی ان کے ہمراہ تھے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ سابقہ حکومت کی طرح عوام کو طفل تسلیاں نہیں دے رہے، ہمارے منصوبے بولتے ہیں جو عوام کو نظر بھی آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کرنے سے بہتری آئے گی، سب کو جمہوری اقدار اپنانا ہوں گی، ملک میں سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے کی سازشیں رچانے والے محب وطن نہیں، پی ٹی آئی کا اصل ایجنڈا ملک کو معاشی طور پر بدحال کرنا ہے جس کیلئے ہر ہتھکنڈہ آزمایا جارہا ہے، یہ سیاسی عدم استحکام میں پہلے بھی ملوث تھے اور اب بھی ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح معیشت کی بحالی ہے، عالمی ادارے بھی تسلیم کر رہے ہیں کہ پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، حکومت مہنگائی پر بھی قابو پانے کی جدوجہد کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

بڑھانے کے لیے جعلی ویڈیوز کو بریکنگ نیوز کے طور پر چلا رہے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق اس انکشاف سے اس بات کی تصدیق ہوئی ہے کہ بھارتی میڈیا صحافتی اقدار اور بین الاقوامی قوانین کو نظر انداز کرتے ہوئے پاکستان مخالف عناصر کے لیے پروپیگنڈے کے آلے کے طور پر کام کر رہا ہے۔ ادارے نے ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ متعدد بھارتی نیوز چینلز نے جعلی ویڈیوز نشر کیں جو پاکستان کے سیکورٹی اداروں کو بدنام کرنے کے لیے ان کے ساتھ منسوب کی گئیں۔ یہ ویڈیوز جو بی ایل اے سے منسلک ذرائع سے شروع ہوئی تھیں، بعد میں ان کو من گھڑت مواد کے طور پر مسترد کر دیا گیا جو پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنے کے لیے بنائی گئی تھیں۔ دہشت گردی کے پروپیگنڈے کے اس کھلم کھلا پرچار سے سنگین قانونی اور اخلاقی خدشات جنم لیتے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ایک کالعدم دہشت گرد تنظیم کی حمایت کرکے بھارتی میڈیا نہ صرف جعلی خبریں پھیلا رہا ہے بلکہ انسداد دہشت گردی کے بین الاقوامی قوانین کی بھی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ ایک میڈیا تجزیہ کار نے بتایا کہ جب بریکنگ نیوز دراصل قانون توڑنا ہے، تو بھارتی میڈیا ممنوعہ دہشت گردی کا پروپیگنڈہ کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ہے۔ مبصرین نے عالمی اداروں پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کے بیانیے کو فروغ دینے پر بھارتی میڈیا کو جوابدہ ٹھہرائیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اس طرح کے اقدامات سے علاقائی استحکام کے لیے سنگین خطرات پیدا ہو سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

ٹی آئی کے خلاف بیانات اور تقاریر پر پابندی کی درخواست کو 7 اپریل کو سماعت کیلئے مقرر کرنے کی ہدایت کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے نائب صدر پی ٹی آئی اکمل خان باری کی متفرق درخواست پر سماعت کی۔ متفرق درخواست کے ذریعے مرکزی درخواست کو جلد سماعت کے لیے مقرر کرنے کی استدعا کی گئی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز بانی پی ٹی آئی اور پارٹی کے خلاف نفرت انگیز تقاریر کرتی ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی تقاریر پارٹی کارکنوں میں اشتعال کا سبب بنتی ہیں۔ وکیل نائب صدر پی ٹی آئی اکمل خان باری نے استدعا کی کہ عدالت زیر سماعت درخواست کی جلد سماعت کا حکم دے۔

بقیہ بقیہ جات 13

رکن فرحان احمد کی بازیابی کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ جسٹس عبہر گل نے فرحان احمد کی اہلیہ آمنہ فرحان کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں پنجاب پولیس ،ایف آئی اے سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ 13 مارچ کو انٹیلی جنس اداروں اور پولیس اہلکاروں نے گھر میں داخل ہوکر شوہر کو زبردستی اغواء کرلیا، شوہر کو غیر قانونی طور پر حراست میں لیا گیا ہے۔ استدعا ہے کہ عدالت شوہر فرحان کو بازیاب کروا کر عدالت پیش کرنے کا حکم دے۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 14

رہنما اور وزیراعظم پاکستان کے یوتھ پروگرام کے چیئر مین رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ ن نے ہمیشہ مشکل حالات میں ملک کی خدمت کو اپنا نصب العین بنایا ہے، 2019 میں مسلم لیگ ن کی قیادت کے سیاسی اور معاشی چیلنجز کے باوجود قومی ترقی اور استحکام کے عمل کو جاری رکھا۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِ اعظم پاکستان کی مدبرانہ قیادت میں پاکستان نا صرف ڈیفالٹ کے سنگین خطرے سے محفوظ رہا بلکہ معیشت بحالی کی راہ پر چل پڑی۔ رانا مشہود نے کہا کہ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کی طرف سے بھیجی جانے والی ترسیلات زر تاریخی لحاظ سے بلند ترین سطح پر ہیں، جو قومی معیشت میں ناصرف مضبوطی کی علامت ہے بلکہ ملک کے روشن مستقبل کی نوید بھی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال 15 لاکھ نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنا ہمارا ہدف ہے۔ اس کے علاوہ مزید 8 سے 10 لاکھ نئی ملازمتوں کے مواقع بھی پیدا کیے جارہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 15

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں پانچ رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت عدالت نے درخواست گزار خاتون وکیل کے رویے پر برہمی کا اظہار کیا۔ جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیے کہ آپ کو عدالت کے سامنے پیش ہونے کا طریقہ کار نہیں آتا، کیا آپ اس سپریم کورٹ کی ایڈووکیٹ ہیں؟" جس پر وکیل نے جواب دیا، میں ایڈووکیٹ ہائیکورٹ اور اس کیس میں درخواست گزار ہوں۔ جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیے کہ اتنے سینئر وکلاء پیش ہوئے ہیں، کسی نے آواز اتنی اونچی کی ہے؟ درخواست گزار وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ اقلیتوں کے حوالے سے کنفیوژن کو 1965 کے آئین میں دور کرنے کی کوشش کی گئی۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ مسیحی برادری کے بہت سے لوگ اچھی نوکریوں پر بھی ہیں، وہ سی ایس پی افسران بھی بنتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا آپ کہتی ہیں کہ کرسچنز کو صرف سویپر کا عہدہ ہی دیا جاتا ہے؟ جس پر درخواست گزار وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ "اخباری اشتہارات میں ایسی نوکریاں کرسچنز سے منسوب کی جاتی ہیں۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ اگر ایسا ہے تو کرسچن کمیونٹی کے لوگ ان نوکریوں پر اپلائی نہ کریں۔ اگر آپ نے تقریر کرنی ہے تو ہم آپ کی تقریر سن لیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسیحی برادری کے بہت سے لوگ ایم این اے، ایم پی ایز اور سینیٹرز بھی ہیں۔ جہاں میرٹ پر آئیں، وہاں بہت سے لوگ ایوان میں بھی بیٹھے ہیں۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ ہم آپ کو آپ کے حق سے محروم نہیں کر رہے، بلکہ ایک طریقہ کار بتا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 16

کہ آئی ایم ایف نے معیشت کی بحالی کیلئے وزیراعظم کی کاوشوں کو سراہا ہے، وزیراعظم شہباز شریف مسائل کے حل کیلئے سب کی طرف ہاتھ بڑھائیں گے۔ وزیر پیٹرولیم کا کہنا تھا کہ پیٹرول کا پیسہ اور وسائل بجلی کی قیمت کم کرنے پر لگائیں گے اور وزیراعظم جلد بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا اعلان کریں گے۔ دہشتگردی سے متعلق بات کرتے ہوئے وزیر پیٹرولیم کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کا ناسور دوبارہ سر اٹھا رہا ہے، جس کے خلاف قوم کو اکٹھا ہونا ہوگا، اس مقصد کیلئے پی سی کے انعقاد پر بحث جاری ہے جب کہ پاک فوج کے جوان مشکل مرحلے میں ہمارا دفاع کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

خنک اور آس پاس سمیت پنجاب بارڈر کے ساتھ تمام عارضی پناہ گاہیں ختم ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ کلین اپ آپریشن آخری ٹھکانے کے خاتمے تک جاری رہے گا۔

بقیہ بقیہ جات 18

پردیش کے شہر میرٹھ میں ایک نجی یونیورسٹی میں نماز ادا کرنے پر ایک مسلمان طالب علم کو گرفتار کیا گیا جس سے ایک بار پھر مودی حکومت کی ہندوتوا پر مبنی پالیسیوں کے تحت اقلیتوں پر بڑھتے ہوئے ظلم وستم کی عکاسی ہوتی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق خالد پردھان کو ہندو انتہا پسند تنظیم کی جانب سے ایک وائرل ویڈیو کے خلاف احتجاج کے بعد گرفتار کیا گیا جس میں یونیورسٹی کیمپس میں طلباء کو نماز ادا کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے فوری طور پر پردھان اور تین سیکورٹی اہلکاروں کو معطل کردیا جبکہ ان کے خلاف پولیس کارروائی بھی کی جارہی ہے۔ ان کے خلاف بھارتی نیائے سنہتا کے سیکشن 299 کے ساتھ انفارمیشن ٹیکنالوجی ترمیمی قانون 2008 کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ کارتک ہندو نامی ایک فرد نے شکایت درج کرائی تھی جو بھارت کے قانونی اور انتظامی نظام میں مسلمانوں کے خلاف شدید تعصب کی عکاسی کرتا ہے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ تعلیمی اداروں میں مسلمان نمازیوں کو نشانہ بنانا بھارت میں مذہبی اقلیتوں کے خلاف وسیع تر کریک ڈاؤن کا حصہ ہے۔ مودی کے دور حکومت میں مذہبی آزادیوں کو دبانے کی منظم کوششوں کے ساتھ ساتھ مسلمانوں، عیسائیوں، سکھوں اور دلتوں پر مظالم میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

میں دشمن ممالک کے شہریوں کو بغیر سماعت ڈی پورٹ کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق یہ قانون وینزویلا کی Tren de Aragua تنظیم کو ہدف بنانے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ تاہم، ایک وفاقی جج نے پہلے فیصلہ دیا تھا کہ اس قانون کے تحت وینزویلا کے 5 شہریوں کو بے دخل نہیں کیا جا سکتا۔ اس سے پہلے یہ قانون 1812 کی جنگ، جنگ عظیم اول اور جنگ عظیم دوم میں نافذ کیا گیا تھا۔ تازہ حکم نامے کے تحت وینزویلا کے تمام 14 سال اور اس سے زائد عمر کے شہری، جو TdA تنظیم سے منسلک ہیں اور امریکا میں مستقل شہریت نہیں رکھتے، انہیں گرفتار کرکے ملک بدر کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

پاکستان نے 31 مارچ تک ان افراد کو پاکستان چھوڑنے کا حکم جاری کیا ہے، حکومت کے فیصلے کے مطابق 31 مارچ تک ان افراد کو اپنے وطن واپس جانا ہوگا۔ حکومت پاکستان نے اس بات کی یقین دہانی کرائی ہے کہ انخلا کے دوران کسی بھی شخص کے ساتھ بدسلوکی نہیں کی جائے گی، اور انہیں واپس جانے کے لیے خوراک اور صحت کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ تاہم، حکومت نے واضح کیا ہے کہ مقررہ تاریخ کے بعد ان افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 21

نوجوانوں کے بڑھتے ہوئے استحصال پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق جموں وکشمیر سول سوسائٹی فورم اور جموں وکشمیر پنشنرز یونائیٹڈ فرنٹ نے سرینگر میں اپنے بیانات میں نوجوانوں کے اس استحصال کو بند کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ افسوسناک ہے کہ 30 ہزار سے زائد اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان نجی تعلیمی اداروں میں ملازمت کرتے ہیں اور ان میں سے بہت سے کم از کم اجرت سے بھی محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان نوجوانوں کو طویل اوقات تک کام کرایا جاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

،میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر سندھ کا کہنا تھا کہ نوشکی میں ایک بار پھر دہشت گردی کا واقعہ ہوا، ایک مہینے سے کہہ رہا ہوں واقعات میں بھارتی دہشت گردوں کا ہاتھ ہے۔ کامران ٹیسوری نے کہا کہ دہشتگردی کے ذریعے نوجوانوں کے مستقبل سے کھیلا جارہا ہے۔ اس موقع پر چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ بلوچستان میں غیرملکی طاقتیں سرگرم ہیں، یہ ان کی آخری کوشش ہے۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ جنہوں نے اس ملک کو بنایا ہے انکی اولادوں سے چلایا جائیگا تو چلے گا، جو لوگ خودکش حملوں کے ذریعے مسلمانوں کو شہید کررہے ہیں وہ کس قسم کے لوگ ہوں گے، بلوچستان میں غیرملکی طاقتیں سرگرم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر سندھ نے آنے والے گورنر کے لیے گورنر ہاؤس مشکل بنادیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ میر واعظ کشمیر مولوی محمد یوسف شاہ کا گھرانے نے کشمیر میں اسلامی اقدار کے فروغ اور ریاست کے اسلامی تشخص کی بقاء بحالی کیلئے تاریخ ساز کردار ادا کیا ہے۔ اس گھرانے کی سماجی خدمات بھی کسی طور پر نظر انداز کرنے کے قابل نہیں۔ مولوی محمد یوسف شاہ نے ڈوگرہ عہد میں مسلم کانفرنس کے پلیٹ فارم سے غاصب قوتوں کو للکارا اور اسلامیان کشمیر کو اپنے نظریہ پاکستان کیساتھ جوڑنے کا تاریخی کارنامہ انجام دیا۔ اس جدوجہد میں انہیں ہجرت بھی کرنا پڑی۔ آج بھی میر واعظ گھرانہ سری نگر میں تحریک آزادی کی قیادت سنبھالے ہوئے ہیں۔ میر واعظ کشمیر جیسے قومی مشاہیر اور رہنماؤں کی روشن کی ہوئی شمع آج کشمیری نوجوانوں نے تھام رکھی ہے، وہ اس شمع کو اپنی جانوں کی قیمت پر روشن اور فروزاں رکھے ہوئے ہیں۔ بھارت پوری قوت کے استعمال کے باوجود حق وصداقت کی آواز کو دبانے میں ناکام رہا ہے۔ انہوں کا مزید کہنا تھا کہ میر واعظ کشمیر مولانا محمد یوسف شاہ اور ان کے خاندان نے کشمیری عوام کو دین اسلام سے وابستہ رکھنے اور آزادی کی نعمت سے ہمکنار کرنے کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں۔ وہ کشمیری عوام کے حقیقی ہمدرد اور رہنما تھے، جنہوں نے نہ صرف انہیں اسلامی تعلیمات سے روشناس کرایا بلکہ اتحاد اور یکجہتی کا درس بھی دیا۔ انہوں نے اپنی زندگی درس و تدریس، دینی، سماجی اور روحانی خدمات کے ساتھ تحریک آزادی اور الحاق پاکستان کے لیے وقف کر دی، اور یہی ان کی جدوجہد کا اصل محور تھا۔

بقیہ بقیہ جات 25

کشمیری نوجوان کو شہید کر دیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق فوجیوں نے نوجوان کو ضلع کے علاقے زچلڈارہ میں محاصرے اور تلاشی کی ایک پرتشدد کارروائی کے دوران شہید کیا۔ بھارتی پولیس کے ایک افسر نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ تلاشی آپریشن کے دوران ایک عسکریت پسند مارا گیا جس کی شناخت ابھی تک نہیں ہوسکی ہے۔ آخری اطلاعات آنے تک علاقے میں فوجی آپریشن جاری تھا۔

بقیہ بقیہ جات 26

جی ڈی سی ایل) نے چکوال کے ضلع میں واقع راجیان-11 ہوری آئل ویل میں تیل کی پیداوار کا آغاز کردیا ہے، جو کہ ملک کی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے میں ایک اہم قدم ثابت ہوگا۔ راجیان-11 ہوری آئل ویل 2020 سے تعطل کا شکار تھا، تاہم ایس آئی ایف سی کے تعاون سے جدید مصنوعی لفٹ سسٹم کو متعارف کرایا گیا جس کی مدد سے اس ویلز کو دوبارہ فعال کیا گیا۔ اس جدید سسٹم کے ذریعے 3,774 میٹر گہرائی میں دبے ہوئے وسائل منظر عام پر لائے گئے، جسے او جی ڈی سی ایل کی ایک بڑی کامیابی قرار دیا جارہا ہے۔ او جی ڈی سی ایل کی جانب سے نئے دریافت شدہ کنوئیں سے روزانہ 1,000 بیرل تیل کی پیداوار متوقع ہے، جس سے نہ صرف ہائیڈروکاربن پیداوار میں اضافہ ہوگا بلکہ او جی ڈی سی ایل کی قیادت میں مزید استحکام آئے گا۔

بقیہ بقیہ جات 27

صارفین خوش ہوں گے، اگلے 6 برسوں میں گردشی قرضوں کو اتار دیں گے، گردشی قرضے کی مد میں صارفین سے لیے پیسوں میں اضافہ نہیں ہوگا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ سولر میٹرنگ سے متعلق نئی پالیسی بھی اچھی ہے، پالیسی نہ لاتے تو عام صارف 3 ہزار ارب سے زیادہ اضافی قیمت ادا کر رہا ہوتا، اگلے 8 سال میں صارف کو 3 ہزار ارب کم دینا ہوں گے، نئی پالیسی کے باوجود انڈسٹری کا ڈیڑھ سال میں سولر کا خرچہ پورا ہوجائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 28

کہا کہ امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنا آپ کی ذمے داری ہے، آپ کو افغان مہاجرین کی فکر سب سے زیادہ ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پوری قوم کو دہشت گردی کی اس لہر کے خلاف لڑنا ہے، تمام سیاسی جماعتوں کو نیشنل ایکشن پلان کی طرف جانا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 29

اور بھٹوں کو منفرد شناختی نمبر الاٹ کردیے۔ ڈی جی ماحولیات پنجاب عمران حامد شیخ نے بتایا کہ ماحولیاتی تحفظ ایجنسی نے تمام صنعتوں اور اینٹوں کے بھٹوں کی ای میپنگ مکمل کرلی ہے اور تمام یونٹس کو منفرد شناختی نمبر جاری کردیے گئے ہیں۔ اب سے ای پی اے فورس کی ہر انسپکشن منفرد شناختی نمبر کے تحت ریکارڈ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ انسپکشن کے عمل میں مزید شفافیت اور موثر نگرانی کے لیے ایکو واچ ایپ میں شناختی نمبر کا اندراج لازمی قرار دیا گیا ہے، ہر یونٹ یا بھٹے کے معائنے کے دوران اس کا شناختی نمبر بھی درج کرنا ضروری ہوگا۔ ترجمان ادارہ ماحولیات پنجاب ساجد بشیر نے بتایا کہ انسپکشن ڈیٹا ایکو واچ ایپ میں اپلوڈ ہوتے ہی تصویری، ویڈیو اور لوکیشن ریکارڈ کا حصہ بن جائے گا، یہ نیا حکم 17 مارچ سے نافذ العمل ہوگا، خلاف ورزی پر پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی ہوگی، تمام متعلقہ محکموں، افسران اور فیلڈ انسپکٹرز کو ضروری ہدایات جاری کردی گئیں۔ ترجمان نے کہا کہ ہر یونٹ کی انسپکشن ہسٹری اور خلاف ورزیوں کا مکمل ڈیٹا فوری دستیاب ہوگا، تمام بھٹوں اور انڈسٹریل یونٹس کی وائلیشنز اور ان کے خلاف کارروائی کا ریکارڈ ترتیب وار محفوظ ہوگا۔ یہ جدید نظام ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے اور ماحولیاتی قوانین کی پاسداری یقینی بنانے میں مددگار رہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 30

آصف دوران خواجہ آصف سے سوال کیا گیا کہ اپوزیشن سیکورٹی لیپس کی ذمے دار آپ کو قرار دے کر استعفے کا مطالبہ کر رہی ہے؟ اس پر خواجہ آصف نے جواب دیا کہ میرے استعفے سے معاملہ حل ہوتا ہے تو میں حاضر ہوں۔ واضح رہے کہ چند روز قبل اپوزیشن اتحاد نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے جعفر ایکسپریس میں ہونے والی دہشت گردی کے افسوسناک واقعے کو بڑا سکیورٹی لیپس قرار دیتے ہوئے وزیرداخلہ، وزیردفاع اور وزیراطلاعات سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 31

شہید پائلٹ کے لواحقین کو مراعات نہ دینے پر توہین عدالت کی درخواست پر پی آئی اے کو نوٹس جاری کردیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے درخواست پر سماعت کی۔ شہید پائلٹ کے بھائی سلمان اعظم اپنے وکیل کے ہمراہ پیش ہوئے۔ وکیل نے موقف اپنایا کہ درخواست گزار کے بھائی کراچی میں پی آئی طیارہ حادثہ کے پائلٹ تھے، پی اے کے طیارے پی کے 8303 کو 22 مئی 2020 کراچی میں حادثہ پیش آیا تھا، اس حادثہ میں پائلٹ عثمان اعظم سمیت 97 مسافر شہید ہوئے۔ دوران ڈیوٹی شہید ہونے پر پی آئی اے لواحقین کو مراعات نہیں دے رہا، پی آئی اے نے انشورنس وغیرہ کی مد میں ڈیڑھ کروڑ روپے کی ادائیگی کی ہے، پی آئی اے قوانین کے مطابق ساڑھے چار کروڑ روپے کی ادائیگی کی جانی چاہیے، عدالت نے مراعات کی ادائیگی کے لیے احکامات جاری کیے تھے، پی آئی اے عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہیں کر رہا۔ معزز عدالت سے استدعا ہے کہ عدالت پی آئی اے حکام کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کا آغاز کرے۔ عدالت نے توہین عدالت کی درخواست پر پی آئی کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 32

نیا حکم نامہ جاری کردیا، چوک چوراہوں پر ڈیوٹی انجام دینے والے وارڈنز پر ہیلمٹ پہننا لازمی قرار دیدیا گیا۔ چیف ٹریفک آفیسر اطہر وحید کے حکم پر وارڈنز کو آگاہ کردیا گیا، ٹریفک وارڈنز کو بذریعہ وائرلیس میسج آگاہ کیا گیا، گرمی ہو یا سردی چوک میں کھڑے وارڈنز ہیلمٹ لازمی پہنیں گے۔ حادثات میں متعدد وارڈنز کے زخمی ہونے پر ہیلمٹ پہننے کا فیصلہ کیا گیا، ڈویژنل افسران کو اپنے اپنے علاقے میں سٹینڈنگ ڈیوٹی چیک کرنے کا حکم دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 33

۔ 99 درخواست گزاران کو تعلیمی وظائف کی مد میں 77 لاکھ 16 ہزار روپے ادا کیے گئے۔ 9 درخواست گزاران کو ڈیتھ گرانٹ اور الوداعی گرانٹ کی مد میں 40 لاکھ 80 ہزار روپے فراہم کیے گئے۔ 13 درخواست گزاران کو جی پی فنڈ اور مالی ریلیف کی مد میں 19 لاکھ 14 ہزار روپے ادا کیے گئے۔ 5 درخواست گزاران کو ماہانہ مالی امداد اور پنشنری واجبات کی مد میں 22 لاکھ 31 ہزار روپے کی ادائیگی کی گئی۔ درخواست گزاران نے بروقت انصاف کی فراہمی اور فوری دادرسی پر محتسب پنجاب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور ان کی خدمات کو سراہا۔ محتسب پنجاب کا ادارہ عوامی شکایات کے فوری ازالے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے، تاکہ شہریوں کو بروقت اور موثر انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ بقیہ جات 34

اختیارات کا غلط استعمال کیا، نامکمل تفتیش کی بنیاد پر جلد بازی میں سزا سنائی گئی۔ درخواست میں کہا گیا کہ نیشنل کرائم ایجنسی سے معاہدے کا متن حاصل نہ کرنا تفتیشی ایجنسی کی ہچکچاہٹ کو واضح کرتا ہے، این سی اے حکام کو شامل تفتیش بھی نہیں کیا گیا۔ درخواست میں کہا گیا کہ استغاثہ مکمل شواہد پیش کرنے میں ناکام رہا ہے، وہ عدالت کو یقینی دہانی کراتے ہیں کہ سزا معطلی کے بعد اپیل کی ہر سماعت پر موجود ہوں گے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ 17 جنوری کو سنائی جانے والی سزا معطل کرکے ضمانت پر رہائی دی جائے، مرکزی اپیل کے حتمی فیصلے تک فیصلہ اور سزا معطل کیے جائیں۔ واضح رہے کہ راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں قائم احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے رواں سال 17 جنوری کو 190 ملین پاؤنڈ کے ریفرنس میں عمران خان کو مجرم قرار دیتے ہوئے 14 سال قید اور ان کی اہلیہ مجرمہ بشریٰ بی بی کو 7 سال قید کی سزا سنائی تھی جس کے بعد بشریٰ بی بی کو کمرہ عدالت سے گرفتار کرلیا گیا تھا۔ احتساب عدالت اسلام آباد نے 190 ملین پاؤنڈ کیس کے تحریری حکم نامے میں قرار دیا تھا کہ وکلائے صفائی استغاثہ کی شہادتوں کو جھٹلا نہیں سکے، استغاثہ کا مقدمہ دستاویزی شہادتوں پر تھا۔

بقیہ بقیہ جات 35

کرکے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایم ون موٹروے اسلام آباد کے قریب گاڑی میں چھپائی گئی 60 کلوگرام چرس برآمد ہوئی جبکہ 2 ملزمان کو حراست میں لے لیا گیا۔ شمالی بائی پاس پشاور میں چارسدہ روڈ کے قریب ایک ملزم سے 6 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ ایم ون موٹر وے اسلام آباد کے قریب ایک خاتون سے 1.9 کلو گرام آئس برآمد کی گئی۔ اسی موٹروے کے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب ایک اور کارروائی میں مسافر بس میں سوار ملزم کے جوتوں سے 600 گرام چرس برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

مار گرایا تھا جو کہ گنیز بک کے مطابق ایک عالمی ریکارڈ ہے یہ کارنامہ صرف پاکستانی فضائیہ کی تاریخ ہی نہیں بلکہ جنگی ہوابازی کی تاریخ کا ایک معجزہ تصور کیا جاتا ہے۔ ایم ایم عالم نے مجموعی طور پر دشمن کی 9 طیارے گرائے تھے۔ 65ء کی جنگ کے مذکورہ بے مثال اور بہادری سے بھرپور کارنامے پر ایم ایم عالم کو ستارہ جرات سے نوازا گیا جبکہ لاہور کے علاقہ گلبرگ میں ایک اہم سڑک کا نام ایم ایم عالم روڈ رکھا گیا ایم ایم عالم نے اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد جہانیاں کا دورہ بھی کیا تھا اور جامع مسجد حقانی میں نمازیوں سے خطاب بھی کیا تھا۔ ایم ایم عالم طویل عرصہ تک علیل رہنے کے بعد 18 مارچ 2013ء کو انتقال کرگئے۔

بقیہ بقیہ جات 37

درمیاں جھڑپ شروع ہوئی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ علاقے میں دو سے تین عسکریت پسند پھنسے ہوئے ہیں۔ آخری اطلاعات آنے تک علاقے میں فوجی آپریشن جاری تھا۔

بقیہ بقیہ جات 38

بتایا کہ ملزم فہیم خان پر کالعدم تنظیم کے لیے چندہ اکٹھا کرنے کا الزام تھا۔ ملزم کو سی ٹی ڈی پولیس نے 22 اگست 2023 کو حراست میں لیا تھا۔ ملزم کے خلاف دہشت گردی اور ریاست مخالف سرگرمیوں کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ پراسیکیوشن کے مطابق تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ملزم کے خلاف ٹرائل شروع کیا اور جرم ثابت ہونے پر عدالت نے ملزم کو 10 سال قید اور 60 ہزار روپے جرمانہ کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 39

کررہے ہیں۔ میئر کراچی کا یہ بھی کہنا ہے کہ بلاول بھٹو نے کراچی والوں سے جو وعدہ کیا تھا اسے ہم وفا کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

کر 3 نوجوان شدید متاثر ہوئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 41

وقاص اکرم اور تیمور سلیم کو جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہونے کا نوٹس دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق صبغت اللہ ورک، اظہر مشوانی، نعمان افضل، جبران الیاس کو بھی جے آئی ٹی کے سامنے دوبارہ طلب کیا گیا ہے جبکہ سلمان رضا، ذلفی بخاری، موسیٰ ورک اور علی ملک کو بھی طلبی کے نوٹس جاری کیے گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کے بیرسٹر گوہر، رؤف حسن اور شاہ فرمان جی آئی ٹی کے سامنے پیش ہوچکے ہیں۔ جے آئی ٹی نے علیمہ خان کو بھی 19 مارچ کو طلبی کا نوٹس جاری کر رکھا ہے۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان 14 مارچ کو طلبی کے باوجود پیش نہیں ہوئی تھیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کے افراد کے خلاف ریاست مخالف پروپیگنڈے کے حوالے سے تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

آبادی کو بڑے نقصان سے بچالیا ہے۔ دوسری جانب پولیس کا کہنا ہے کہ پیٹرول پمپ کا اجازت نامہ ڈپٹی کمشنر نے دیا تھا، پیٹرول پمپ مالک نے متعلقہ اداروں سے این او سی بھی حاصل کیا تھا۔ یاد رہے کہ اس افسوس ناک واقعے میں 4 جانور جھلس کے مارے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 43

اداروں کی وجہ سے قائم ہے، شہر میں امن کی وجہ ایم کیو ایم کے 23 اگست 2016 کا اعلان ہے۔ علی خورشیدی نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی اور سندھ کی ترقی دو مخالف سمت کی باتیں ہیں، سندھ کے محکمے کرپشن کا ریکارڈ قائم کرچکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

دینے والے طلبہ کے والدین کی ماہانہ آمدنی کم از کم 35 ہزار روپے ہونی چاہیے جبکہ کامیاب ہونے فی طالبعلم کو 25 ہزار روپے اسکالرشپ دی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 45

نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ بھارت کے مسلسل قبضے، مظلوم کشمیریوں کے ساتھ ناانصافیوں، حریت رہنماؤں کی غیر قانونی نظربندیوں اور بھارتی فورسز کی طرف سے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں نے جنوبی ایشیا کے خطے میں جو تین ایٹمی طاقتوں چین، پاکستان اور بھارت سے گھرا ہوا ہے ،کشیدگی کو بڑھادیا ہے۔ حریت ترجمان نے ضلع کولگام میں بھارتی فورسز کے ہاتھوں تین بے گناہ شہریوں کے اغوا اور دوران حراست دو کے قتل کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فورسز نے علاقے میں خوف و دہشت کا ماحول قائم کر رکھا ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں وکشمیر کی بگڑتی ہوئی صورتحال کا فوری نوٹس لے، جہاں دس لاکھ سے زائد بھارتی فوجیوں نے ایک کروڑ سے زائد لوگوں کو یرغمال بنا رکھا ہے اور انہیں ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھا جارہا ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے مطالبہ کیا کہ وہ جنوبی ایشیا میں ممکنہ ایٹمی تباہی کو روکنے کے لیے تنازعہ کشمیر کے حل کے لیے فوری مداخلت کریں۔

بقیہ بقیہ جات 46

کروا کر دونوں شہروں کے درمیان میچز کرائیں گے۔ پی ایس ایل کھیلنے والی لاہور قلندرز کی ٹیم بھی ٹرائلز کے موقع پر موجود ہوگی۔ عاطف رانا کے مطابق پی ایس ایل میں بھی لاہور اور کراچی کے درمیان میچ کا سب کو بیتابی سے انتظار ہوتا ہے، اس طرح اب ہاکی میں بھی دونوں شہروں کے درمیان میچز بہت کانٹے دار ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ خواجہ جنید ہاکی اکیڈمی میں پی ایس ایل ٹرافی لانے کا مقصد بھی پی ایس ایل کی خوشیوں میں ہاکی فیملی کو شریک کرنا ہے۔ خواجہ جنید ہاکی اکیڈمی کے چیئرمین خواجہ جنید نے لاہور قلندرز کے ساتھ پارٹنرشپ کو قومی کھیل کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ لاہور اور کراچی ہاکی سیریز کے ساتھ ہاکی لیگ بھی پلان کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 47

اقدامات کی متقاضی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سلامتی اور بقاء کیلئے خطرہ سے نمٹنے کیلئے قومی اتفاق ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے دہشتگردی سدباب کیلئے نیشنل ایکشن پلان ٹو چیرمین بلاول بھٹو زرداری نے قابل عمل تجویز دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جامع حکمت عملی اور قومی ہم آہنگی کا مظبوط بند باندھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر اتحاد و اتفاق لازم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ علی الصبح ناکہ بندی کے دوران 6 لاکھ 22 ہزار لیٹر دودھ اور 56 ہزار کلو گوشت کی چیکنگ کی گئی، سابقہ دی گئی ہدایات پر عمل نہ کرنے پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا کہ رمضان المبارک میں ملاوٹ مافیا کیخلاف زیرو ٹالرینس پالیسی ہے، پنجاب بھر میں خوراک کا کاروبار مقرر کردہ قوانین کے مطابق ہی کیا جاسکتا ہے، شہری اشیا کی خرید سے قبل جانچ پڑتال یقینی بنائیں، شکایت کی صورت میں 1223 پر اطلاع دیں۔

بقیہ بقیہ جات 49

سمگلنگ سے نمٹنے کے لیے مملکت کی کوششوں کے ساتھ ساتھ منشیات کی سمگلنگ کی مشق کرنے والے مجرمانہ نیٹ ورکس کی سرگرمیوں کی فعال نگرانی کے حصے کے طور پر سامنے آیا۔ اس سے قبل عراقی وزارت داخلہ نے شام سے عراق کے راستے آنے والی تقریباً ایک ٹن اور 100 کلوگرام کیپٹاگون گولیاں ضبط کی تھیں۔ اس وقت بھی عراق نے اعلان کیا تھا کہ سعودی عرب میں نارکوٹکس کنٹرول کے جنرل ڈائریکٹوریٹ نے عراقی نارکوٹکس ایڈمنسٹریشن کو انٹیلی جنس معلومات فراہم کی تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

ہدایت کردی۔ لاہور ہائی کورٹ نے فیصلے میں کہا کہ اگر خاتون ثابت کرے کہ بچی کا بائیولوجیکل والد درخواست گزار ہے تو ٹرائل کورٹ تو بچی کا خرچہ مقرر کرے۔ عدالت نے تمام فریقین کو ٹرائل کورٹ کے روبرو پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔ فیصلے کے مطابق انصاف اور برابری کا تقاضا یہ ہے اگر بچی کا بائیولوجیکل والد ثابت ہو جائے تو وہ اس کے اخراجات کا پابند ہے۔ جو بچی کے پیدا ہونے کا ذمے دار ہے وہی اس کے اخراجات کا ذمے دار بھی ہے۔ بائیولوجیکل والد کی اخلاقی ذمے داری بھی ہے کہ وہ اپنے ناجائز بچے کی ذمے داری اٹھائے۔ عدالت نے فیصلے میں لکھا کہ ریکارڈ کے مطابق 2020 میں درخواستگزار نے خاتون مریم سے مبینہ زیادتی کی۔ درخواستگزار کے خلاف زیادتی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ مبینہ زیادتی کے نتیجے میں خاتون نے بیٹی کو جنم دیا۔ خاتون نے بچی کے خرچے کے لیے بائیولوجیکل والد کے خلاف دعویٰ دائر کیا۔ فیصلے کے مطابق درخواستگزار نے ٹرائل کورٹ میں بیان دیا کہ بچی اس کی نہیں ہے، لہٰذا خرچے کا دعویٰ مسترد کیا جائے۔ ٹرائل کورٹ نے خاتون کا دعویٰ تسلیم کرتے ہوئے بچی کا 3 ہزار خرچہ مقرر کردیا۔ درخواستگزار محمد افضل نے ٹرائل کورٹ کے فیصلے کے خلاف لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کیا۔ عدالت نے کہا کہ یہ بچے کے خرچے کا کوئی معمولی کیس نہیں ہے۔ جائز بچے اور بائیولوجیکل بچے کی ٹرم میں بہت فرق ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

ساتھ غزہ میں یرغمالیوں کے حوالے سے معاہدے پر بات چیت کی جاسکے۔ ان کی طرف سے مذاکرات کے قریبی ذرائع نے بتایا کہ حماس کا وفد، چیف مذاکرات کار خلیل الحیہ کی سربراہی میں، اتوار کو قاہرہ سے دوحہ کے لیے روانہ ہوا ہے۔ دوحہ حماس کے سیاسی دفتر کی میزبانی بھی کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

آئی جی پنجاب نے مذکورہ بالا رم ویلفیئر مینجمنٹ کمیٹی کی سکروٹنی ومنظوری کے بعد جاری کی۔ آئی جی پنجاب نے افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ دستیاب وسائل کے موثر استعمال سے پولیس ملازمین کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے مزید اقدامات جاری رکھے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 53

کا راستہ اپنایا جائے اور جہاں ضرورت آہنی ہاتھوں سے دہشتگردوں سے نمٹیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے افطار ڈنر تقریبات میں ملک میں بڑھتی دہشتگردی میں معصوم لوگوں اور نامور شخصیات کی شہادتوں پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی فقہی، گروہی اور نسلی تعصبات کا خاتمہ اور اسلامی نظام کیلئے نفاذ کیلئے جدوجہد کررہی ہیا اور یہی راستہ ملک وقوم کے لیے روشن اور تابناک مستقبل کی نوید ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکمران طبقہ امریکی و مغربی حکمرانوں کو خوش کرنے کی بجائے اللہ اور اس کے رسول کے احکامات کی پیروی کو یقینی بنائیں تو ملک معاشی، معاشرتی ترقی کی راہ پر گامزن ہوجائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 54

مقالے کی سپروائزر پروفیسر ڈاکٹر میمونہ خان اور ایکسٹرنل سپروائزر پروفیسر ڈاکٹر نوید احمد اور پروفیسر ڈاکٹر عمار فرخ بھی اس موقع پر سکالرز وبیہ عباس کا کہنا تھا کہ ایکو-تنقید، ایک بین الضابطہ فریم ورک جو کہ ادب کے تقاطع کو تلاش کرتا ہے۔ ماحولیاتی خدشات، معاصر انگریزی ادب میں نمایاں مقام حاصل کر چکے ہیں یہ مقالہ تنقید کے ارتقاء اور اثرات کا مطالعہ کرتا ہے، اس بات پر توجہ مرکوز کرتا ہے کہ فطرت کیسے کام کرتی ہے۔ جدید ادبی کاموں کے اندر متحرک بیانیہ قوت۔ کلیدی نصوص کا جائزہ لینے سے، مطالعہ نمایاں کرتا ہے۔ انتھروپوسینٹرک کہانی سنانے سے بیانیہ کی طرف تبدیلی جو پیش منظر ماحولیاتی تناظر کو پیش کرتی ہے، انسانوں اور ماحول کے درمیان علامتی تعلق پر زور دینا۔ تحقیق بار بار آنے والے موضوعات کی تحقیقات کرتی ہے جیسے ماحولیاتی انحطاط، موسمیاتی تبدیلی، اور ماحولیاتی انصاف کا احاطہ کیا گیا ہے اس میں جائزہ لیا گیا کہ مصنفین غیر پائیدار طریقوں پر تنقید کرنے کے لیے ادبی آلات کو کس طرح استعمال کرتے ہیں اس ریسرچ کا مرکز فطرت کی پہچان ہے نہ صرف ایک پس منظر کے طور پر بلکہ پلاٹ لائنز، کریکٹر آرکس اور موضوعاتی شکل دینے والے ایک فعال شریک کے طور پڑھا نیچے یہ مطالعہ ایکو سینٹرک ورلڈ ویوز کے بڑھتے ہوئے پھیلاؤ کی نشاندہی کرتا ہے، انسانیت کے مقام کا دوبارہ تصور کرنے پر مجبور کرتی ہے یہ مقالہ پوسٹ نوآبادیاتی اور حقوق نسواں کی ماحولیاتی تنقید کے کردار پر روشنی ڈالتا ہے، جو ماحولیاتی اور سماجی جبر کے چوراہوں سے پوچھ گچھ کرتے ہوئے، ادبی کی باریک پڑھنے کی پشلشمتن ماحولیاتی تنقید کو عالمی ماحولیاتی گفتگو کے وسیع تر تناظر میں رکھ کر، تحقیق ثقافتی اور اخلاقی تبدیلیوں کو متاثر کرنے کی اپنی صلاحیت کو روشن کرتی ہیپروفیسر ڈاکٹر نوید احمد نے کہا کہ ماحولیاتی تنقید، ایک بین الضابطہ نقطہ نظر جو فطرت کی نمائندگی کی جانچ کرتا ہے اور ادب میں ماحولیاتی خدشات نے عصر حاضر میں نمایاں اہمیت حاصل کی ہے۔ انگریزی کی تعلیم چونکہ انسانیت آب و ہوا کی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے نتائج سے دوچار ہے، ماحولیاتی انحطاط، ادب دریافت کرنے کے لیے ایک طاقتور ذریعہ کے طور پر ابھرا ہے۔ اور انسانوں اور قدرتی دنیا کے درمیان پیچیدہ تعلقات پر تنقید کرتے ہیں ڈاکٹر میمونہ خان نے کہا کہ ویمن یونیورسٹی کے شعبہ انگریزی نے تنقید کے میدان میں جدید رجحان کو نظرانداز نہیں کیا اور ایسے موضوع پر ریسرچ کی جو ماڈرن دنیا میں اس وقت زیر بحث ہے امید ہے مستقبل قریب میں بھی شعبہ ریسرچ میں اپنی ذمے داریاں نبھاتا رہے گا بعد ازاں ڈاکٹر زوبیہ کو پی ایچ ڈی کی ڈگری ایوارڈ کرنے کی سفارش کی گئی اس موقع پر اساتذہ بھی موجود تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 55

تھا کہ انٹری ٹیسٹ میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا گیا ہے۔ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر نے انٹری ٹیسٹ انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 56

مطابق شہاب ثاقب کے واقعات سالانہ یا باقاعدگی سے کچھ وقفوں سے ہوتے رہتے ہیں۔ واضح رہے کہ شہاب ثاقب سیارچوں کے ٹوٹے ہوئے ذرات ہوتے ہیں جو زمین کے ماحول میں آتے ہوئے آکسیجن اور کشش کے باعث جلتے نظر آتے ہیں۔ امریکی خلائی تحقیقاتی ادارے ناسا کے مطابق ہر روز زمین پر 100 سے 300 ٹن کے درمیان خلائی مٹی اور پتھروں کی بارش ہوتی ہے مگران کا حجم کسی ریت کے ذرے سے زیادہ بڑا نہیں ہوتا۔

بقیہ بقیہ جات 57

4 اور 5 اپریل کو جمعہ اور ہفتہ (مالدیپ کا روایتی ویک اینڈ) ہونے کے باعث، سرکاری دفاتر 6 اپریل 2025 سے کھلیں گے، اور عوام کو مسلسل ایک ہفتے کی عید کی چھٹیوں کا لطف اٹھانے کا موقع ملے گا۔ مزید برآں، صدر معظو نے رمضان کے آخری 10 دنوں کے لیے بھی 20 مارچ سے سرکاری دفاتر بند کرنے کا اعلان کیا ہے تاکہ عوام عبادت اور مذہبی فرائض پر زیادہ توجہ دے سکیں۔ حکومت کے اس فیصلے سے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے، کیونکہ انہیں نہ صرف عید کا بھرپور موقع ملے گا بلکہ رمضان کے آخری لحات میں بھی عبادت کا وقت میسر ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 58

زائد کرایہ داروں کو چیک کیا گیا ہے۔ سرچ آپریشنز میں 4 لاکھ 40 ہزار سے زائد اشخاص کو بھی چیک کیا گیا ہے۔ بعداز تصدیق 4 لاکھ 38 ہزار سے زائد اشخاص کو کلیئر کر دیا گیا۔ قانون شکنی کے مرتکب 2204 افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ سرچ آپریشنز میں 491 اشتہاری مجرمان اور ناجائز اسلحہ کے 364 ملزمان کو حراست میں لیا گیا ہے۔ اسی طرح کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 328 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ سنیپ چیکنگ اور ناکہ جات پر 44 ہزار سے زائد گاڑیوں و دیگر وہیکلز کی چیکنگ عمل میں لائی گئی ہے۔ اس دوران 2 لاکھ 35 ہزار سے زائد موٹر سائیکلوں کو بھی چیک کیا گیا ہے۔ بغیر کاغذات کے 2344 موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ جبکہ 244 موٹر سائیکلوں کو اپلائیڈ فار اور 113 کو غیر نمونہ نمبر پلیٹ کے تحت بند کروایا گیا ہے۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ قیامِ امن کے لئے سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز باقاعدگی سے جاری ہیں۔ بلال صدیق کیانہ نے کہا کہ لاہور پولیس قیامِ امن کے لئے پوری طرح مستعد ہے۔ انہوں نے کہا کہ نماز اور تراویح کے دوران مساجد اور عبادت گاہوں کے اطراف میں سکیورٹی ہائی الرٹ رہے گی۔ سی سی پی او نے صوبائی دارالحکومت کے حساس علاقوں میں سحر و افطار کے وقت ڈولفن و پی آر یو سکواڈ پٹرولنگ کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ لاہور کے داخلی و خارجی راستوں پر آنے جانے والے افراد اور گاڑیوں کی موثر چیکنگ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ قیام امن کے لئے سی سی ٹی وی نیٹ ورک سے بھرپور استفادہ کیا جائے۔ بلال صدیق کیانہ نے افسران کو فیلڈ میں فورس کی پرفارمنس اور کرائم کنٹرول اقدامات کا خود جائزہ لینے کی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ لاہور پولیس عوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے فرض شناسی کے ساتھ اپنے فرائض ادا کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس کا عملہ چیکنگ کے دوران شہریوں سے شائستگی سے پیش آئے۔

بقیہ بقیہ جات 59

جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق سرمایہ کاروں کی اکثریت نے اپنے کاروبار کے لئے جموں خطے کے کٹھوعہ اور سانبہ اضلاع کو ترجیح دی جبکہ وادی کشمیر میں بہت کم تاجروں نے دلچسپی ظاہر کی۔ نام نہاد صنعتی پالیسی 2016-26 کے تحت بھارت کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے کل 28 تاجروں کو جڑواں اضلاع سانبہ اور کٹھوعہ میں اپنے یونٹس قائم کرنے کے لیے 500 کنال سے زیادہ زمین الاٹ کی گئی۔ تاہم دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد ترمیم شدہ صنعتی پالیسی 2021-30 کے اجراء کے بعد سرمایہ کاری کے نام پر دہلی، چندی گڑھ، اتر پردیش، مغربی بنگال، ہریانہ، پنجاب، بہار، مہاراشٹر، گجرات، کرناٹک اور تامل ناڈو سے تاجروں کی آڑ میں بیرونی لوگوں کی ایک بڑی تعداد خطے میں منتقل ہوئی۔ دہلی کے تقریباً 50 تاجروں کو مقبوضہ جموں وکشمیر میں زمین الاٹ کی گئی ہے، اس کے بعد ہریانہ 45، پنجاب 43، اتر پردیش 14، مہاراشٹر 9 اور گجرات، چندی گڑھ اور ہماچل پردیش سے ایک ایک تاجر کو زمین الاٹ کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

دونوں کے لیے موبائل فون کے استعمال پر پابندی ہوگی۔ محکمہ ہائر ایجوکیشن کی جانب سے جاری مراسلے میں مزید کہا گیا ہے کہ موبائل فونز کے استعمال سے کلاسز میں پڑھائی متاثر ہوتی ہے، عملدرآمد نہ کرنے والے اساتذہ اور طلبہ کے خلاف کارروائی ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 61

شاپ پر فائرنگ کرکے کاؤنٹر کے قریب بیٹھے سکھر وال فاطمہ جناح کالونی کے 25 سالہ نوجوان محسن جوئیہ کو قتل کر دیا اور اس کے جاں بحق ہو جانے پر اطمینان سے فرار ہوگئے۔ پولیس تھانہ سٹی نے اے ایس پی کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر مقتول کی نعش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دی اور جائے واردات سے شواہد اور سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کرتے ہوئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ڈی پی او محمد صہیب اشرف نے فوری نوٹس لیکر رپورٹ طلب کرتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری اور متاثرین کو فراہمی انصاف کا حکم دے دیا۔

بقیہ بقیہ جات 62

بحق۔ ہوگیا ریسکیو ٹیم نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرتے ہوئے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال تاندلیانوالا منتقل کر دیا۔ حادثہ سامنے سے آتی ہوئی ٹریکٹر ٹرالی کی ہیڈ لائٹس نہ ہونے کے باعث پیش آیا۔

بقیہ بقیہ جات 63

بھی زور دیا ہے۔ تاکہ شام کی نئی حکومت پوری طرح فعال ہو سکے اور حالات کو معمول پر لا سکے۔ ترکیہ کو یہ بھی توقع ہے کہ امریکہ دہشت گردی کے خلاف اقدامات کرے گا اور ترکیہ کے مفادات کو خیال میں رکھے گا۔ صدر ترکیہ نے کہا 'یہ ضروری ہے ترکیہ کے خلاف عاید پابندیاں ختم کی جائیں تاکہ امریکہ اور ترکیہ کے درمیان دفاعی تعاون بڑھانے کے لیے ایف 16 طیاروں کی خریداری کا پراسس مکمل ہوسکے۔ نیز ترکیہ کے لیے ایف 35 پروگرام میں اس کی دوبارہ شرکت ضروری ہے۔ امریکہ نے ماضی میں ترکیہ کی طرف سے روسی S-400 فضائی دفاعی نظام کی خریداری کے باعث ترکیہ پر 2019 میں پابندیاں لگا دی تھیں کہ جن کے نتیجے میں F-35 لڑاکا جیٹ پروگرام سے محروم ہوگیا۔

بقیہ بقیہ جات 64

اس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان، نواز شریف اور مولانا فضل الرحمان کو مدعو کرنا چاہیے تاکہ یہ فیصلہ ہو کہ بلوچستان کے کون سے زعماء سے بات کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بارے میں یہ کہنا کہ وہاں وسائل نہیں ہیں، درست نہیں، بلوچستان کا رقبہ فیصل آباد ڈویژن جتنا ہے لیکن وہاں لوکل گورنمنٹ کا نظام نہیں اور صوبے کو کوئٹہ سے کنٹرول نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے انتظامی طور پر بلوچستان کو تقسیم کرنے کی تجویز دی اور کہا کہ اگر وسائل کو ضلع کی سطح پر منتقل نہ کیا گیا تو مسائل حل نہیں ہوں گے۔ انہوں نے 18 ویں ترمیم کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اس نے پاکستان کا بیڑا غرق کیا اور وزیراعلیٰ کو وزیراعظم سے زیادہ طاقتور بنادیا، جس سے انتظامی مسائل بڑھتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 65

بیوہ طارق فاروق سندھو سکنہ مکان نمبر 283 جناح کالونی فیصل آباد نے ڈائریکٹر اینٹی کرپشن فیصل آباد ریجن کے پاس درخواست دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ سائلہ کے خاوند محمد طارق 2019 میں وفات پا گیا جس کے بعد ملزم فیضان شکور سندھو ولد عبدالشکور سندھو سکنہ مکان نمبر 282 جناح کالونی فیصل آباد نے ملزمان رانا محمد عرفان نائب تحصیل دار فیصل آباد، ملک شاہد سب رجسٹرار اربن ون فیصل آباد، رجسٹری محرر اربن ون فیصل آباد، ظہیر الدین ایڈووکیٹ ضلع کچہری فیصل آباد، اسد اقبال ولد اقبال احمد سکنہ زرعی یونیورسٹی مکان نمبر 2 فردوس کالونی اور محمد عادل حفیظ ولد محمد حفیظ انور سکنہ صدر بازار چشتی چوک مکان نمبر 334 غلام محمد آباد اور پٹواری حلقہ کے ساتھ سازباز کرکے جعلی دستاویزات تیار کیں اور سائلہ کو خاوند کی وراثت سے ملنے والا گلبرگ گرین اسلام آباد کے ایگزیکٹو بلاک میں واقع ایک پلاٹ جعل سازی سے عمر خیام ولد عبدالواحد نامی شخص کو فروخت کردیا۔ تھانہ اینٹی کرپشن فیصل آباد بیوہ کی درخواست پر نائب تحصیل دار، سب رجسٹرار، رجسٹری محرر اور حلقہ پٹواری سمیت آٹھ ملزمان کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعات 420، 468، 471 اور پی سی اے کی دفعہ 47/2/5 کے تحت مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی

بقیہ بقیہ جات 66

سبزی فروشوں نے اپنے اپنے ریٹ مقرر کرلئے، چینی کی بھی قیمت کم نہ ہوسکی، مزید 5 روپے روپے فی کلو اضافہ ہوگیا، برائلر مرغی کا گوشت تاریخ کی بلندترین سطح پر پہنچ گیا، فی کلوگرام مرغی کا گوشت 780 روپے کا ہوگیا۔ جبکہ سرکاری ریٹ مرغی کا گوشت 591 روپے فی کلو، گائے کا گوشت 800 روپے بکرے کا گوشت 1600 روپے فی کلو مقرر کیا گیا مگر شہر بھر میں قیمتیں اس کے برعکس گائے کا گوشت 1000 سے 1200 روپے اور بکرے کا گوشت 2000 سے 2200 روپے میں فروخت ہو رہا ہے، منافع خوروں کے سامنے ضلعی انتظامیہ بے بس، ،تفصیلات کے مطابق رمضان المبارک کی آمد سے قبل ہی برائلر کی قیمت نئی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی، مارکیٹ میں برائلر گوشت کی قیمت 700 روپے فی کلو سے بھی تجاوز کرگئی ہے جبکہ 900 گرام کی قیمت 690 روپی اور فی کلو 780 روپے میں فروخت ہو رہا ہے اس طرح شہر بھر میں دودھ بھی 140 روپے سے 260 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہا ہے دہی 180 سے 260 روپے فی کلو جبکہ ضلعی انتظامیہ اپنے ہی جاری ریٹ پر 800 روپے بیف اور 1600 روپے مٹن کی قیمتوں پر عملدرآمد کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہی۔ شہر بھر میں بیف 1200 روپے، مٹن 2200 روپے کلو تک فروخت ہو رہا ہے، قصاب سرکاری ریٹ پر گوشت فروخت کرنے پر تیار نہیں ہیں۔ شہریوں کے لئے برائلر مرغی کے ساتھ گوشت کھانا مشکل ہوگیا چندروز میں چینی کی قیمتوں میں اضافہ جاری ہے گلی محلوں میں چینی 170 سی 175 روپے میں فروخت ہو رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 67

فوج کی موجودگی میں ایسے ناپاک عزائم بھی کامیاب نہیں ہوسکتے ان خیالات کا اظہار سابق امیدوار اسمبلی و ممبر مرکزی مجلس عاملہ مسلم کانفرنس برطانیہ راجہ رضوان نصیب نے اپنے اخباری بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ نہتے معصوم عوام کو نشانہ بنانا بزدلی ہے رمضان المبارک جیسے مقدس ماہ میں بھی معصوم لوگوں کا خون بہانے والے انسان نہیں ہوسکتے ایسے لوگوں کو عبرت کا نشان بنانا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 68

ہلاک کر دیا۔ وزارت دفاع کے مطابق حزب اللہ کی اس سنگین جارحیت کے بعد وزارت تمام مطلوبہ اقدامات کرے گی۔ یہ واقعہ شام کے شہر حمص کے مغرب میں سدزیتا کے قریب پیش آیا۔ دوسری جانب حزب للہ نے ایک بیان میں باور کرایا ہے کہ لبنانی شامی سرحد پر جو کچھ ہوا اس سلسلے میں زیر گردش رپورٹوں سے حزب اللہ کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 69

آمد کر لی۔ اسی طرح ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 12 مقدمات کا اندراج کر کے 12 ملزمان کو گرفتار کرلیا جن کے قبضہ 9 عدد پسٹل 30 بور، 1 عدد 9 ایم ایم پسٹل 30 بور، 1 عدد گن، 501 ایم پی 13 عدد ریپٹر 12 بور و متعدد گولیاں برآمد کی گئیں ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 70

علامہ اقبال برج کے ساتھ منسلک کوڑے کے ڈھیر سے بھی ایک نومولود مردہ حالت میں جب کہ اس سے پہلے متعدد مرتبہ سی ایم ایچ مظفرآباد کے سامنے سے بھی کئی ایک نومولود بچے کوڑے کے ڈھیروں سے برآمد ہوچکے ہیں۔ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں یہ بچہ کوڑے کے ڈھیر پر کس نے پھینکا، شہر بھر میں چہ میگوئیاں شروع ہوگئیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ایک جانب حکومت آزاد کشمیر لاچار غریب لوگوں کا معاشی قتل عام کرنے میں مصروف ہے

آئی جی پنجاب پولیس ملازمین کے بچوں کی بہترین ہیلتھ ویلفیئر کیلئے مصروف عمل

مختلف اضلاع میں تعینات ملازمین کے سنگین بیماریوں کا شکار بچوں کے علاج معالجے کیلئے مزید 23 لاکھ روپے فنڈز جاری کر دیئے

کانسٹیبل معظم رمضان، کانسٹیبل محمد سلیم اور سینٹری ورکر سنی چوہان کو بچوں کے علاج معالجے کیلئے مجموعی طور پر 02 لاکھ 30 ہزار روپے دیئے گئے

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان پولیس ملازمین کے بچوں کی بہترین ہیلتھ ویلفیئر کیلئے مصروف عمل ہیں جس کے تسلسل میں مختلف اضلاع میں تعینات ملازمین کے سنگین بیماریوں کا شکار بچوں کے علاج معالجے کیلئے مزید 23 لاکھ روپے فنڈز جاری کر دیئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ کانسٹیبل محمد شاہد مجید کو بیٹے کی کوکلیئر امپلانٹ سرجری کیلئے 16 لاکھ 60 ہزار روپے فنڈز جاری کیے۔ ریٹائرڈ انسپکٹر محمد بوٹا کو بیٹے کے آنکھوں کے علاج کیلئے ڈھائی لاکھ روپے دیئے گئے۔ کانسٹیبل معظم رمضان، کانسٹیبل محمد سلیم اور سینٹری ورکر سنی چوہان کو بچوں کے علاج معالجے کیلئے مجموعی طور پر 02 لاکھ 30 ہزار روپے دیئے گئے۔ سب انسپکٹر محمد لطیف، کانسٹیبل حاجی احمد اور لانگری شفقت علی کو بچوں کے علاج معالجے کیلئے مجموعی طور پر 02 لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات میں درخواستوں پر ریلیف کے احکامات جاری کر رہے ہیں

پارلیمان کی قومی سلامتی اجلاس بروقت فیصلہ ہے، نیر بخاری

پارلیمان سے اتفاق رائے پر مشتمل پالیسی اور پلان دوررس نتائج کا حامل ہوگا، سلامتی اور بقاء کیلئے خطرہ سے نمٹنے کیلئے قومی اتفاق ضروری ہے

دہشتگردی ناسور خاتمے کیلئے ریاستی قومی سیاسی پارلیمانی زمہ داران کی مشاورت سے حتمی فیصلے ہونگے، سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز سید نیر بخاری نے کہا ہے کہ پارلیمان کی قومی سلامتی اجلاس بروقت فیصلہ ہے۔ اپنے بیان میں نیر بخاری نے کہا کہ پارلیمان سے اتفاق رائے پر مشتمل پالیسی اور پلان دوررس نتائج کا حامل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی ناسور خاتمے کیلئے ریاستی قومی سیاسی پارلیمانی زمہ داران کی مشاورت سے حتمی فیصلے ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی صورت حال قومی سلامتی کے جامع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

لاہور: شہر میں سکیورٹی ہائی الرٹ ہے' سی سی پی او لاہور

لاہور پولیس قیامِ امن کیلئے پوری طرح مستعد ہے، بلال صدیق کمیانہ

لاہور (این این آئی) رمضان المبارک کے دوران سرچ آپریشنز اور سنیپ چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، لاہور پولیس نے رواں سال کل 3462 سرچ آپریشنز کیے ہیں۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ لاہور کے مختلف علاقوں میں 1 لاکھ 35 ہزار سے زائد گھروں اور 55 ہزار سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

کالجز میں دوران کلاسز موبائل فون استعمال کرنے پر پابندی عائد

اساتذہ، طلبہ دونوں پر پابندی کا اطلاق ہوگا، مراسلہ جاری کر دیا گیا: ذرائع

لاہور (این این آئی) کالجز میں دوران کلاسز اساتذہ اور طلبہ دونوں کے موبائل فون استعمال کرنے پر پابندی عائد کردی گئی۔ محکمہ ہائر ایجوکیشن کی جانب سے ڈائریکٹر کالجز اور پرنسپلز کو اس حوالے سے ایک مراسلے کے ذریعے ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ اساتذہ اور طلبہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

کچھ طاقتیں پاکستان کی سلامتی کے لیے خطرہ پیدا کرنے کی ناکام کوشش کر رہی ہیں، راجہ رضوان نصیب

وھناں (این این آئی) سابق امیدوار اسمبلی وممبر مرکزی مجلس عاملہ مسلم کانفرنس برطانیہ راجہ رضوان نصیب نے کہا کہ جعفر ایکسپریس کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں پاک فوج کے جوان جنہوں نے اپنی جانوں پر کھیل کر آپریشن کامیاب کیا ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں کچھ طاقتیں پاکستان کی سلامتی کے لیے خطرہ پیدا کرنے کی ناکام کوشش کر رہی ہیں پاک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

ڈیرہ غازیخان: کمشنر اشفاق احمد چوہدری کاٹن کراپ مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

190 ملین پاؤنڈ کیس عمران خان، بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کیلئے درخواستیں تیار

نیب نے بدنیتی سے اپنے اختیارات کا غلط استعمال کیا، نامکمل تفتیش کی بنیاد پر جلد بازی میں سزا سنائی گئی: درخواست میں موقف

کرائم ایجنسی سے معاہدے کا متن حاصل نہ کرنا تفتیشی ایجنسی کی ہچکچاہٹ کو واضح کرتا ہے، این سی اے حکام کو شامل تفتیش بھی نہیں کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان اور بشریٰ بی بی نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا معطلی کے لیے درخواست تیار کرلی جسے رواں ہفتے اسلام آباد ہائیکورٹ میں دائر کیا جائے گا۔ میڈیا کے مطابق بیرسٹر سلمان صفدر نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی جانب سے سزا معطلی کی درخواستیں تیار کی ہیں۔ عمران خان اور بشریٰ بی بی کی جانب سے درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ نیب نے بدنیتی سے اپنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

کپواڑہ میں بھارتی فوجیوں کی محاصرے اور تلاشی کی کاروائی

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے ضلع کپواڑہ میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی شروع کر دی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فوجیوں نے آپریشن ضلع کے علاقے راجواڑ میں شروع کیا۔ بھارتی پولیس کے ایک افسر نے صحافیوں کو بتایا کہ خفیہ اطلاعات ملنے پر ضلع کپواڑہ کے علاقے راجواڑ میں تلاشی کی کارروائی شروع کی گئی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ سرچ آپریشن کے دوران فوجیوں اور عسکریت پسندوں کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

GOVERNING BODY
VICE PRESIDENT / JOINT SECRETARY
PRESIDENT SECRETARY FINANCE SECRETARY

اسلام آباد: خواتین صحافی نیشنل پریس کلب کے سالانہ الیکشن کے موقع پر اپنا ووٹ کاسٹ کر رہی ہیں

پشاور، کالعدم تنظیم کیلئے چندہ اکٹھا کرنیوالے ملزم کو 10 سال قید، 60 ہزار جرمانہ

ملزم کے خلاف دہشت گردی اور ریاست مخالف سرگرمیوں کا مقدمہ درج تھا

پشاور (این این آئی) کالعدم تنظیم کے لیے چندہ اکٹھا کرنے والے ملزم کو 10 سال قید اور 60 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنا دی گئی۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے کالعدم تنظیم کے لیے چندہ اکٹھا کرنے میں گرفتار ملزم کے مقدمے کی سماعت کی، جس میں جرم ثابت ہونے پر ملزم کو 10 سال قید اور 60 ہزار روپے جرمانہ کر دیا گیا۔ دوران سماعت پراسیکیوشن نے دلائل میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

پیپلز پارٹی مہران ٹاؤن سے کامیاب نہیں ہوئی لیکن وہاں ترقیاتی کام کروا رہے ہیں' میئر کراچی

کراچی (این این آئی) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی مہران ٹاؤن کے حلقے سے کامیاب نہیں ہوئی لیکن ہم وہاں ترقیاتی کام کروا رہے ہیں۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے مہران ٹاؤن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ مہران ٹاؤن کورنگی میں 5 کلو میٹر طویل سڑک تعمیر کی جا رہی ہے۔ مرتضیٰ وہاب نے مزید کہا کہ وسائل کراچی کے گلی محلوں کو بہتر کرنے پر صرف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

رحیم یار خان: گیس دھماکے میں زخمی 2 نوجوان دم توڑ گئے

دونوں زخمی شیخ زید اسپتال کے برن یونٹ میں زیر علاج تھے: اسپتال ذرائع

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان کے ایک گھر میں گیس لیکیج سے ہوئے دھماکے کے نتیجے میں زخمی ہونے والے 2 نوجوان دم توڑ گئے۔ اسپتال کے ذرائع کے مطابق دونوں زخمی شیخ زید اسپتال کے برن یونٹ میں زیر علاج تھے۔ یاد رہے کہ 7 روز قبل رحیم یار خان کے 1 مکان میں گیس لیکیج کے باعث دھماکا ہوا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گیس لیکیج کے دھماکے کے باعث لگنے والی آگ میں جھلس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

نوشہرو فیروز' پیٹرول پمپ پر لگی آگ بجھا دی گئی' ریسکیو ٹیم نے قریبی آبادی کو بڑے نقصان سے بچالیا

نوشہرو فیروز (این این آئی) نوشہرو فیروز میں واقع ایک غیر قانونی پیٹرول پمپ پر شارٹ سرکٹ سے لگنے والی آگ پر قابو پا لیا گیا۔ آگ نوشہرو فیروز کی کلھوڑا کالونی کے پیٹرول پمپ میں لگی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق کنڈیارو اور نوشہرو فیروز کی فائر فائٹنگ ٹیم نے آگ بجھانے میں حصہ لیا۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ ریسکیو ٹیم نے قریبی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا، پی ٹی آئی کے 16 افراد طلب

فردوس شمیم نقوی، خالد خورشید، میاں اسلم اقبال، حماد اظہر، عون عباس، شہباز شبیر و دیگر شامل

اسلام آباد (این این آئی) سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے کے معاملے میں مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) نے تحریک انصاف کے 16 افراد کو دوبارہ طلب کرلیا۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے 16 افراد کو 18 مارچ کو جے آئی ٹی کے سامنے پیش ہونے کے نوٹس جاری کیے گئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فردوس شمیم نقوی، خالد خورشید، میاں اسلم اقبال، حماد اظہر، عون عباس، شہباز شبیر، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

راولپنڈی: عیدالفطر کی تیاریوں کے سلسلے میں خواتین جیولری خرید رہی ہیں

لاہور قلندرز نے اپنے فیوچر پلان میں قومی کھیل ہاکی کو بھی شامل کرلیا

کراچی اور لاہور کی سیریز کروانے کا اعلان کر دیا' چیف آپریٹنگ آفیسر عاطف رانا

لاہور (این این آئی) لاہور قلندرز نے اپنے فیوچر پلان میں قومی کھیل ہاکی کو بھی شامل کرتے ہوئے کراچی اور لاہور کی سیریز کروانے کا اعلان کر دیا۔ خواجہ جنید ہاکی اکیڈمی میں پی ایس ایل ٹرافی ٹور کے موقع پر لاہور قلندرز کے چیف آپریٹنگ آفیسر عاطف رانا نے کہا کہ کرکٹ کے ساتھ ہاکی کو بھی اوپر لانا ہے، اس لیے ہم نے اب خواجہ جنید کے ساتھ لاہور اور کراچی میں اوپن ٹرائلز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

ویمن یونیورسٹی ملتان کے شعبہ انگریزی کی پی ایچ ڈی سکالر زوبیہ عباس کا پبلک ڈیفنس منعقد

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان کے شعبہ انگریزی کی پی ایچ ڈی سکالر زوبیہ عباس کا پبلک ڈیفنس منعقد ہوا ترجمان کے مطابق شعبہ انگلش ویمن یونیورسٹی کی پی ایچ ڈی سکالر زوبیہ عباس کے مقالے کا عنوان، "ایکولوجی فکشن اور ماحولیات کا سنگم منتخب معاصر انگریزی ناولوں کا ماحولیاتی تجزیہ" تھا تقریب کی مہمان خصوصی پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ تھیں ان کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

ویمن یونیورسٹی ملتان کے شعبہ انگریزی کی پی ایچ ڈی سکالر زوبیہ عباس کے پبلک ڈیفنس کے موقع پر سابق وی سی کلثوم پراچہ کے ہمراہ شرکاء کا گروپ فوٹو

رحمتوں کے مہینے میں عوام الناس کی صحت کا تحفظ

فوڈ سیفٹی ٹیموں کا گرینڈ آپریشن، 1 ہزار 600 سے زائد سحر و افطار پوائنٹس اور یونٹس کی چیکنگ

لاہور (این این آئی) ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے 1 ہزار 600 سے زائد سحر و افطار پوائنٹس اور یونٹس کی چیکنگ کے دوران 6 پوائنٹس بند کر دیئے، 2150 کلو ناقص گوشت، 150 لیٹر ملاوٹی دودھ سمیت ایکسپائر کولڈ ڈرنکس اور ممنوعہ اشیاء تلف کر دی گئیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ قوانین کی خلاف ورزیوں پر 20 لاکھ 50 ہزار سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے، جعلسازی کا مکروہ دھندہ کرنے پر 4 مقدمات بھی درج کروائے گئے، چیکنگ کے دوران مزید بہتری کے لیے 500 سے زائد کو اصلاحی نوٹس جاری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

مالدیپ کے صدر نے عیدالفطر کی چھٹیاں ایک ہفتے تک بڑھا دیں

یکم شوال 31 مارچ کو ہوا تو دفاتر 31 مارچ سے 3 اپریل تک بند رہیں گے، بیان

مالے (این این آئی) مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کی ہدایت پر عیدالفطر کی تعطیلات میں غیر معمولی توسیع کا اعلان کر دیا گیا، جس کے تحت عوام کو پورا ہفتہ عید کی خوشیاں منانے کا موقع ملے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صدر کے دفتر سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ اگر یکم شوال 31 مارچ 2025 کو ہوتا ہے، تو سرکاری دفاتر 31 مارچ سے 3 اپریل تک بند رہیں گے۔ تاہم، اگر عید 30 مارچ کو ہوتی ہے، تو تعطیلات 30 مارچ سے 1 اپریل تک ہوتیں، لیکن صدر معیزو نے فیصلہ کیا ہے کہ عوام کو 3 اپریل تک چھٹیاں دی جائیں گی، قطع نظر اس کے کہ عید کس دن ہو۔ اس کا مطلب ہے کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

اے این ایف نے 16 کروڑ سے زائد مالیت کی منشیات پکڑلی

10 گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے مختلف شہروں میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 8 کارروائیوں میں 10 ملزمان کو گرفتار کر کے 16 کروڑ سے زائد مالیت کی 588.072 کلوگرام منشیات برآمد کرلی۔ ناظم آباد کراچی میں ایک ملزم کے قبضے سے 2 کلوگرام چرس برآمد کی گئی، جبکہ گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کے طلباء کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا۔ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر دوحہ جانے والے مسافر کے ٹرالی بیگ میں چھپائی گئی 1.172 کلوگرام آئس برآمد کر لی گئی۔ کولاچی روڈ کراچی کے قریب جرمنی سے آنے والے کنٹینر سے 460 کلوگرام کیٹامائن برآمد ہوئی۔ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ کے قریب ٹرک اور موٹر سائیکل سے 51.6 کلوگرام چرس اور 4.8 کلوگرام افیون برآمد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کی بارہویں برسی (آج) منائی جائے گی

ایم ایم عالم نے 65ء کی جنگ میں ایک منٹ میں دشمن کے پانچ جہاز گرانے کا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا

ملکوآنہ (این این آئی) پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کی بارہویں برسی (آج) 18 مارچ کو منائی جائے گی انہوں نے 65ء کی جنگ میں ایک منٹ میں دشمن کے پانچ جہاز گرانے کا عالمی ریکارڈ قائم کیا تھا۔ پاک فوج کے ہیرو ایم ایم عالم (محمد محمود عالم) کی برسی کے سلسلے میں فیصل آباد سمیت مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں قومی ہیرو کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ ایم ایم عالم 6 جولائی 1935ء کو بھارت کے شہر کلکتہ میں پیدا ہوئے۔ پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم نے 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں سرگودھا کے محاذ پر دشمن ملک بھارت کے پانچ ہنٹر جنگی طیاروں کو ایک منٹ میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

SULEMAN
AWAIS
GARMENTS

حیدرآباد: عیدالفطر کی تیاریوں کے سلسلے میں خواتین ریشم بازار سے خریداری کر رہی ہیں

لیاری گینگ وار اور کچے کے ڈاکوؤں کے سرپرست یہی جیالے ہیں، علی خورشیدی

گزشتہ بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی نے اندھیر نگری چوپٹ راج مچائے رکھی

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی میں ایم کیو ایم پاکستان کے اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی کا کہنا ہے کہ لیاری گینگ وار اور کچے کے ڈاکوؤں کے سرپرست یہی جیالے ہیں، کوئی اور نہیں ہے۔ پی پی رہنما شرجیل میمن کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے ایم کیو ایم رہنما علی خورشیدی نے کہا کہ گزشتہ بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی نے اندھیر نگری چوپٹ راج مچائے رکھی۔ علی خورشیدی کا کہنا تھا کہ ماضی گواہ ہے ایم کیو ایم نے تمام بلدیاتی انتخابات میں جیالوں کو ناکوں چنے چبوا کر رکھا۔ انہوں نے کہا کہ دھونس، جبر اور دھاندلی سے قائم بلدیاتی حکومت کی حقیقت عیاں ہو چکی ہے، پارکنگ تک کے معاملے پر صوبائی اور شہری حکومت ایک پیج پر نہیں ہے۔ ایم کیو ایم رہنما کا کہنا تھا کہ شہر میں امن قانون نافذ کرنے والے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

سندھ حکومت کا ہزاروں طلبہ کو اسکالرشپ دینے کا اعلان

اہل طلبہ کے لیے شرائط بتادیں گئیں' گزشتہ سال امتحان پاس اور 50 فی صد مارکس ضروری

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے ہزاروں طلبہ کو اسکالرشپ دینے کا اعلان کیا ہے۔ محکمہ اقلیتی امور سندھ کے مطابق حکومت سندھ نے اقلیتی برادری کے ہزاروں طلبہ کو اسکالرشپ دینے کا اعلان کیا ہے۔ اقلیتی برادری کے مستقل طلبہ، جنہوں نے گزشتہ سال امتحان پاس اور 50 فی صد مارکس حاصل کیے ہیں، وہ درخواستیں جمع کروائیں۔ اس حوالے سے مزید بتایا گیا ہے کہ درخواست (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

بھارت کشمیریوں کی جائز جدوجہد آزادی کو دبا نہیں سکتا، حریت کانفرنس

بھارت فوجی طاقت کے ذریعے کشمیریوں کی جائز جدوجہد کو دبانے کی کوشش کر رہا ہے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا ہے کہ بھارت فوجی طاقت کے ذریعے حق خودارادیت کے حصول کے لئے کشمیریوں کی جائز جدوجہد کو دبانے کی کوشش کر رہا ہے لیکن وہ اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوگا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

اسلام اور نظریہ پاکستان ہی ملکی سلامتی اور استحکام کا ضامن ہے: ضیاء الدین انصاری

ملک میں سیاسی انقلاب تک معاشرتی اور معاشی خواب پورا نہیں ہوسکتا، ہر دوسرے دن دہشتگردی کے واقعات اور معصوم لوگوں کی شہادتیں قابل مذمت ہیں

جماعت اسلامی فقہی، گروہی اور نسلی تعصبات کا خاتمہ اور اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے جدوجہد کر رہی ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور ایڈووکیٹ کا افطار ڈنر تقریب سے خطاب

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ اسلام اور نظریہ پاکستان ہی ملکی سلامتی اور استحکام کا ضامن ہے۔ ملک میں سیاسی انقلاب تک معاشرتی اور معاشی خواب پورا نہیں ہوسکتا۔ دہشتگردی کے خلاف سیاسی و دینی قوتوں کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ ہر دوسرے دن دہشتگردی کے واقعات اور معصوم لوگوں کی شہادتیں قابل مذمت ہے۔ عبادت گاہوں، مسافروں، سیکورٹی اداروں اور معصوم لوگوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا غیر انسانی فعل ہے جو ناقابل معافی ہے۔ حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ دہشتگردی کے خاتمہ کیلئے ہر بات چیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

منافع خور اور ذخیرہ اندوز شہریوں کو لوٹنے کیلئے سرگرم، مصنوعی مہنگائی کا جن بے قابو

رمضان المبارک کے دوسرے عشرے میں بھی اشیاء کی قیمتوں میں کمی کی بجائے اضافہ کا سلسلہ جاری

ملکوآنہ (این این آئی) رمضان المبارک کے دوسرے عشرے میں بھی اشیاء کی قیمتوں میں کمی کی بجائے اضافہ کا سلسلہ جاری، منافع خور اور ذخیرہ اندوز شہریوں کو لوٹنے کیلئے سرگرم، مصنوعی مہنگائی کا جن بے قابو، فیصل آباد سمیت صوبے بھر میں پنجاب حکومت ضلعی سطح پر مصنوعی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

نواز شریف سینئر سیاستدان، آگے آکر قیادت کرنی چاہیے، فواد چوہدری

صدر مملکت پولو میچ دیکھنا چھوڑ کر اے پی سی بلائیں، بلوچستان کے وسائل مقامی سطح پر منتقل کرنا ضروری، ورنہ مسائل کا حل نہیں نکلے گا

صدر کو آل پارٹیز کانفرنس بلانی چاہیے اور اس میں بانی پی ٹی آئی، نواز شریف اور مولانا فضل الرحمان کو مدعو کرنا چاہیے: سابق وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ بلوچستان کے وسائل کو مقامی سطح پر منتقل کرنا ضروری ہے ورنہ مسائل کا حل نہیں نکلے گا، صدر مملکت پولو میچ دیکھنا چھوڑ کر آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی، (ن) لیگ اور پی ٹی آئی پاکستان کے اثاثے اور وفاق کی علامت ہیں۔ بلوچستان کے معاملے پر صدر مملکت آصف زرداری کو آل پارٹیز کانفرنس بلانی چاہیے اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

غزہ جنگ بندی میں توسیع کے لیے مذاکرات کے دوبارہ شروع ہونے کی توقع

ایک اسرائیلی وفد مصری حکام کے ساتھ غزہ میں قیدیوں کے حوالے معاہدے پر بات کرے گا

غزہ (این این آئی) توقع ظاہر کی جارہی ہے کہ اسرائیل اور حماس غزہ کی پٹی میں نازک جنگ بندی کو جاری رکھنے کے لیے حالات پر گہرے اختلافات کو دور کرنے کی کوشش میں دوحہ میں بالواسطہ مذاکرات دوبارہ شروع کر دیں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کے دفتر نے بتایا کہ ایک اسرائیلی وفد اس وقت مصر کا دورہ کر رہا ہے تاکہ مصری حکام کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

یو ای ٹی لاہور، انٹری ٹیسٹ میں 15 ہزار 460 انجینئرنگ طلباء کی شمولیت

یو ای ٹی لاہور، انڈر گریجویٹ پروگرامز میں داخلے کیلئے پہلے انٹری ٹیسٹ کا آغاز، پیر سے شروع ہونے والے انٹری ٹیسٹ جمعرات تک جاری رہیں گے

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور اور اسکے سب کیمپسز سمیت پنجاب بھر کی سرکاری و نجی انجینئرنگ جامعات میں داخلے کیلئے انٹری ٹیسٹ کا آغاز ہو چکا ہے۔ پیر سے شروع ہونے والے ٹیسٹ پنجاب بھر کے 11 شہروں کے 12 سینٹرز اور 100 کمپیوٹر لیبز میں 20 مارچ بروز جمعرات تک جاری رہیں گے۔ جبکہ انٹری ٹیسٹ کے نتائج کا اعلان 28 مارچ کو کیا جائے گا۔ اسی طرح دوسرے انٹری ٹیسٹ کیلئے رجسٹریشن کا آغاز 7 اپریل 2025 سے ہو گا۔ جبکہ دوسرا انٹری ٹیسٹ جون میں ہوگا۔ اس موقع پر وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر نے امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ ان کا کہنا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

لاہور: یو ای ٹی میں پہلے مرحلے میں ہونے والے انٹری ٹیسٹ (ای کیٹ 2025) کے موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر امتحانی مراکز کا دورہ کر رہے ہیں

زیادتی یا بغیر شادی پیدا ہونیوالے بچوں کی کفالت کون کریگا؟

ریپ یا شادی کے بغیر پیدا ہونیوالے بچوں کی کفالت کرنا بائیولوجیکل والد کی ذمے داری ہے' ہائیکورٹ

لاہور (این این آئی) زیادتی یا بغیر شادی کے پیدا ہونے والے بچوں کی کفالت ماں کرے گی یا باپ؟ اس حوالے سے عدالت نے اہم فیصلہ جاری کر دیا۔ ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں نیا قانونی نقطہ طے کر دیا، جس کے مطابق ریپ (زیادتی) یا شادی کے بغیر پیدا ہونے والے بچوں کی کفالت کرنا بائیولوجیکل والد کی ذمے داری ہے۔ جسٹس احمد ندیم ارشد نے محمد افضل کی درخواست پر 15 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے 5 سالہ بچی کے خرچے کے دعوے سے متعلق کیس دوبارہ ٹرائل کورٹ کو ریمانڈ بیک کر دیا۔ عدالت نے ٹرائل کورٹ کو شواہد کی روشنی میں دوبارہ فیصلے کرنے کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

پولیس کا منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن

ملکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس کا ضلع بھر میں منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے جس کے تحت گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف تھانوں نے کارروائیاں کے دوران 16 مقدمات کا اندراج کر کے 16 ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے ملزمان کے قبضہ سے 2 کلو 375 گرام چرس، 2180 گرام ہیروئن، آئس 1020 گرام اور 86 لیٹر شراب بر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

کراچی میں آسمان پر شہاب ثاقب کا خوبصورت نظارہ، ویڈیو وائرل

کراچی میں اتوار اور پیر کی درمیانی شب آسمان پر شہاب ثاقب گزرتے دیکھا گیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں آسمان پر شہاب ثاقب کا خوبصورت نظارہ کیا گیا۔ کراچی میں اتوار اور پیر کی درمیانی شب آسمان پر شہاب ثاقب گزرتے دیکھا گیا۔ اس نظارے کو کئی شہریوں نے کیمرے کی آنکھ میں قید کرلیا اور پھر ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ شہر میں شہاب ثاقب کو رات 2 بج کر 43 منٹ پر گزرتے دیکھا گیا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ زمین کے گرد مدار میں کروڑوں کی تعداد میں شہاب ثاقب ہیں، اسے عام زبان میں شوٹنگ اسٹار بھی کہا جاتا ہے۔ ماہرین فلکیات کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

سعودی عرب نے 70 لاکھ نشہ آور گولیاں عراق سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی

بغداد (این این آئی) عراقی حکام نے منشیات کی تیاری اور سمگلنگ کے نیٹ ورک کی جانب سے بچوں کے کھلونوں اور استری کرنے والے بورڈز کی کھیپ میں چھپائی گئی تقریبا 70 لاکھ ایمفیٹا مین گولیاں سمگل کرنے کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
23 MARCH
PAKISTAN DAY
یوم پاکستان

یوم جمہوریہ پاکستان 23 مارچ کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ ''قوت'' خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔

تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 21 مارچ 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کر دیں تاکہ اچھی کوریج دی جا سکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

Dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000 / 0322-4181870